برصغیر میں محدثین کی خدمات حدیث، تاریخی و تجزیاتی جائزہ

Services of "Muhaddesin" in the sub-continent (A historical & critical analysis)

پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر*
ڈاکٹر میمونہ تبسم *

ABSTRACT

After the Prophet ﷺ the Muslims all over the world associate themselves with him by following his pious deeds and acting upon his sayings (Hadith). The Muslims of the sub-continent have been very zealous in this respect and have done great job in this regard.

In the subcontinent, the sayings of the Holy Prophet reached with Islam during the era of pious caliphs. In those days, according to some traditions, 25 companions of the Holy Prophet ﷺ Sahaba (R.A) and 42 Tabe-ien (those who had seen the Sahaba R.A i-e their successors) came to India and preached Islam.

This preaching was continued by later Muslims and the rulers like Mohammad Bin Qasim and Mehmood Ghaznavi.The services of great Muhaddeseen (narrators and illustrators of the sayings of the Holy Prophet ﷺ like Musa Bin Yaqoob, Yazid Bin Abi Kabsha, Abu Musa Israeel Bin Musa and Abu Hafs Rabi Bin Sabih are note worthy. They provided local people the knowledge of Hadith. These scholars earned fame and prestige by their great works in this field. Shah Waliuallah wrote Mussffa and Maswwa, in subcontinent there are great many institutions like Jamia Salfiya Faisalabad, Jamia Ashrafia Lahore, Jamia Naeemia Lahore, Khair-ul-Madaras Multan, Jamia Mohammadia Gujranwala, Dar-ul-Hadith Delhi and Jamia Salfiya Banaras to teach the knowledge of Hadith.

Keywords: Services, Muhaddasin, subcontinent, preaching, Muslims.

---

* چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف سرگودہا
* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ ، گورنمنٹ کالج خواتین یونیورسٹی لاہور

عرب و ہند کے تعلقات بہت پرانے ہیں ان تعلقات کی قدامت کا اندازہ مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے البتہ اتنا وثوق سے کہا جاسکتا ہے کہ یہ روابط کرہ ارض پر انسانی وجود کے ساتھ ہی قائم چلے آرہے ہیں۔ قصص الانبیاء کی اہم کتب کے مطابق حضرت آدم علیہ السلام جنت سے دنیا کی طرف بھیجے گئے تو وہ ارض ہند کے جنوبی علاقہ سری لنکا میں اتارے گئے[۱] ۔ جب کہ ان کی بیوی حضرت حوا علیہا السلام سعودی عرب کے موجودہ شہر جدہ میں اتاری گئیں۔ حضرت آدم علیہ السلام ہند سے چل کر حضرت حوا علیہا السلام کو عرب میں عرفات کے میدان میں جاملے جو مکہ مکرمہ کے قریب ہے[۲] ۔

یہ عرب اور ہند سے تعلق رکھنے والی ہستیوں کی پہلی ملاقات تھی۔ اس کے بعد زمانہ قدیم سے اب تک اہل ہندوستان سے عربوں کے تعلقات چلے آرہے ہیں۔ عرب لوگ تاجر پیشہ تھے وہ آس پاس کے ملکوں کی منڈیوں سے تجارتی مال لاتے اور لے جاتے تھے۔ عرب و ہند میں سندھ، مکران اور جنوبی عرب کے ساحل اس قدر قریب ہیں کہ ان کے درمیان تجارتی تعلقات اور دوسرے روابط قائم ہو جانا ایک ناگزیر اور فطری عمل تھا۔ عربوں اور ہندوستانیوں میں قدر مشترک بت پرستی اور غیر اللہ کی پوجا تھی۔ عرب تاجر عموماً جنوبی ہند کی بندرگاہوں میں مال لاتے اور لے جاتے تھے۔ بعض عرب تاجروں نے جنوبی ہند کے ساحلی شہروں میں رہائش اختیار کرلی تھی۔ اس طرح قبل از اسلام ہی سے دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے سے متعارف تھے[۳] ۔

رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرامؓ ہندوستان اور اس کی چیزوں سے واقف تھے۔ اور ان چیزوں میں مشک، کافور، زنجبیل (ادرک)، قرنفل (لونگ) فلفل (مرچ)، عود ہندی، قسط ہندی، ساج (ساگوان کی لکڑی)، ہندی تلواریں شامل ہیں۔ یہاں کے بعض کپڑے بھی عرب میں استعمال کیے جاتے تھے۔ اکثر روایات سے پتہ چلتا ہے کہ ان ہندوستانی اشیاء کو حضور ﷺ اور صحابہ کرامؓ بھی استعمال فرماتے تھے۔ احادیث رسول ﷺ میں بھی ہندوستان کا تذکرہ موجود ہے۔ حدیث میں ہند کا لفظ آیا ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے۔

((عِصَابَتَانِ مِنْ أُمَّتِي أَحْرَزَهُمَا اللَّهُ مِنْ النَّارِ عِصَابَةٌ تَغْزُو الْهِنْدَ وَعِصَابَةٌ تَكُونُ مَعَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلَام)) [۴]۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری امت کے دو گروہوں کو اللہ تعالیٰ نے جہنم کی آگ سے محفوظ رکھا ہے۔ ایک وہ گروہ جو ہندوستان میں جہاد کرے گا اور دوسرا وہ جو حضرت عیسیٰؑ کا ساتھ دے گا۔

اہل ہندوستان کو ظہورِ اسلام کی خبر اسی وقت ہی پہنچ گئی تھی جب اس عالمگیر دین کا دروازہ اہل مکہ پر کھلا [۵]۔ تاریخ کے اوراق اس بات کے شاہد ہیں کہ وہ قافلے جو عرب و ہند کے درمیان بغرض تجارت رواں دواں تھے پہلے پہل اسلام نے انہی کے ہاتھوں ہندوستان کی سرحد پار کی [۶]۔

مگر برصغیر میں خلفائے راشدین کے زمانہ میں باقاعدہ اسلام آ گیا تھا۔ حضرت عمر فاروقؓ کے زمانے میں مغربی ہندوستان میں ممبئی اور تھانہ میں مسلمانوں کی آبادیاں وجود میں آچکی تھیں۔ عام طور پر یہ تابعین تھے جو ہندوستان میں آئے اور جن کی آبادیاں برصغیر میں قائم ہوئیں۔ انہی تابعین کے ہاتھوں میں برصغیر میں اسلام باقاعدہ طور پر داخل ہوا [۷]۔

رسول اللہ ﷺ کی رحلت کے بعد جب اسلامی فتوحات کا دائرہ وسیع ہوا اور خلفائے راشدین نے مختلف بلاد و امصار میں صحابہ و تابعین دینی تعلیم کے لیے روانہ کیے تو انہوں نے احادیث و شرائع کی اشاعت کی۔

امام ابن ابی حاتم لکھتے ہیں۔

"ثم تفرقت الصحابةؓ فی النواحی والأمصار، والثغور فی فتوح البلدان والمغازی والأمارة والقضاء والأحکام، فبعث کل واحد منهم فی ناحیة وبالبلد الذی هو به، ما وعاه وحفظه عن رسول اللهﷺ،وحکموا بحکم الله عزوجل، وامضوا الأمور علی ماسن رسول اللهﷺ" [۸]۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کے بعد صحابہ کرامؓ مختلف شہروں، علاقوں اور سرحدوں میں فتوحات، مغازی، امارات، قضاء اور احکام کے سلسلے میں پھیل گئے اور ان میں سے ہر ایک نے اپنے علاقہ اور شہر میں رسول اللہ ﷺ سے جو احادیث سن رکھی تھیں، سب کو عام کیا اور ان حضرات نے اللہ تعالیٰ کے احکام اور رسول اللہ ﷺ کی سنن جاری کیں اور رسول اللہ ﷺ کے طریقہ پر امور و معاملات کو چلایا۔

حافظ ابن کثیرؒ، محمد بن قاسمؒ کے ضمن میں لکھتے ہیں:

''وقبل ذلك قد كان الصحابة فی زمن عمر وعثمان فتحوا غالب هذه الأقاليم الكبار مثل الشام و مصر والعراق واليمن واوائل بلاد الترك ودخلوا الى ماوراء النهر واوائل بلاد المغرب واوائل بلاد الهند"[۹]۔

ترجمہ: سندھ میں محمد بن قاسمؒ کی فتوحات سے پہلے حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کے زمانے میں صحابہ کرامؓ نے ان اطراف کے اکثر حصہ کو فتح کیا اور شام، مصر، عراق، یمن اور اوائل بلاد ترک کے وسیع و عریض اقالیم میں پہنچے۔ نیز وہ حضرات علاقہ ماوراء النہر، اوائل بلاد مغرب اور اوائل ہند میں داخل ہو گئے۔

رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد پندرہ ہجری کو حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں صحابی رسول عثمان بن ابی العاص الثقفیؓ نے ہندوستان پر لشکر کشی کی[۱۰]۔ اس کے علاوہ مزید ہندوستان کے خلاف مہموں میں جن صحابہؓ نے حصہ لیا ان میں سے یہ نام ملتے ہیں۔ ۱۔ عبداللہ بن عبداللہ عتیقؓ۔ ۲۔ عاصم بن عمر تمیمیؓ۔ ۳۔ صحار بن العبدیؓ۔ ۴۔ سہیل بن عدیؓ۔ ۵۔ الحکم بن ابی علی ثقفیؓ [۱۱]۔ انہی سے برصغیر میں باقاعدہ علم حدیث کا آغاز ہوا۔ کیوں کہ صحابہ کرامؓ کے تمام اقوال و افعال حدیث رسول اللہ ﷺ کے مطابق ہوا کرتے تھے۔ جیسا کہ تاریخ کے مطالعہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کئی ایک صحابہؓ ہند آئے وہ اس ملک میں علم حدیث کی اشاعت کے چلتے پھرتے مدرسے تھے۔ تاہم یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ اس زمانے میں حالات ایسے تھے جن میں اشاعت حدیث کا کام پوری توجہ سے انجام نہیں دیا جاسکتا تھا [۱۲]۔

مولانا محمد اسحاق بھٹی لکھتے ہیں:

"صحابہ کرامؓ کا ہر قول ہر عمل حدیث رسول ﷺ اور ارشادات پیغمبر سے ہم آہنگ تھا۔ وہ جہاں جاتے فرامین نبوت ﷺ ان کے ساتھ جاتے، جن سے زندگی کے تمام نشیب و فراز میں رہنمائی حاصل کرتے تھے۔ برصغیر پاک و ہند میں بھی احادیث مبارکہ کا قلب نواز گنجینہ اور روح پرور ذخیرہ ان کے ساتھ آیا۔ آنحضرت ﷺ کے دنیا سے تشریف لے جانے کے چار سال بعد 15 ہجری میں صحابہ کرامؓ کی جو جماعت آئی، وہ حدیث رسول ﷺ اپنے ساتھ لائی" [۱۳]۔

بھٹی صاحب مزید لکھتے ہیں:

"برصغیر میں اسلام کے یہ اولین نقوش ہیں، جو پہلی مرتبہ ۱۵ ہجری میں اس کی سطح ارض پر ابھرے اور پھر تاریخ کے ایک خاص تسلسل کے ساتھ پوری تیزی سے لحہ بہ لحہ ابھرتے اور نمایاں ہوتے چلے گئے"(۱۴)۔

برصغیر میں تشریف لانے والے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جن کے نام و حالات آج کتب میں دستیاب ہیں ان کی تعداد قاضی اطہر مبارکپوری کے مطابق ۱۷ ہے۔ قاضی محمد اسلم سیف اور مولانا محمد اسحاق بھٹی کے مطابق ۲۵ ہے۔ جن میں مدرک اور صغار صحابہ بھی شامل ہیں۔ ان میں سے ۱۲ حضرت عمر فاروقؓ کے عہد خلافت میں، پانچ حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں، تین حضرت علیؓ کے دور امارت میں، چار حضرت معاویہؓ کے عہد حکومت میں اور ایک نے یزید بن معاویہ کے دور حکمرانی میں برصغیر میں قدم رنجاں فرمایا(۱۵)۔

برصغیر میں تشریف لانے والے صحابہ کرامؓ

۱۔ حضرت عثمان بن ابی العاص ثقفیؓ: یہ جلیل القدر صحابی قبیلہ بنو ثقیف سے تعلق رکھتے تھے اور طائف کے رہنے والے تھے۔ انہوں نے رمضان المبارک ۹ ہجری کو بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر تقریباً ۱۶ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ ۱۴ ہجری کو خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروقؓ نے ان کو بصرہ میں معلم مقرر کر دیا تھا۔ پھر ۱۵ ہجری میں حضرت عمرؓ نے انہیں عمان اور بحرین کے علاقوں کا گورنر بنا دیا۔ اسی سال حضرت عثمان بن ابو العاصؓ نے عمان میں ایک بحری بیڑا تیار کرایا اور اپنے چھوٹے بھائی حضرت حکم بن ابی العاص ثقفیؓ کی قیادت میں اسے ہندوستان کی طرف روانہ کیا۔ اسلامی حکومت کا یہ پہلا بحری بیڑا تھا جو رسول اللہ ﷺ کے ایک صحابیؓ کے حکم سے تیار کیا گیا اور یہی وہ اولین بحری بیڑا ہے جو موجودہ جغرافیائی اعتبار سے بمبئی کے قریب تھانہ اور بھڑوچ کی بندرگاہوں کی طرف حرکت کناں ہوا۔ مجاہدین اسلام نے ان بندرگاہوں کو فتح کیا، لیکن ان پر قبضہ برقرار نہیں رکھا اور واپس عمان چلے گئے۔ ہندوستان کے کسی علاقے میں عرب مسلمانوں کا یہ پہلا حملہ تھا۔ یا یوں کہیے کہ یہ پہلا کاروان تہذیب اسلامی اور اولین قافلہ حاملین حدیث رسول ﷺ تھا جو عازم ہند ہوا۔ صحابی رسول ﷺ حضرت عثمان بن ابی العاصؓ نے مشہور روایت کے مطابق ۵۵ ہجری میں وفات پائی(۱۶)۔

۲۔ حضرت حکم بن ابی العاص ثقفیؓ: یہ حضرت عثمان ابی العاصؓ کے چھوٹے بھائی تھے۔ یہ پندرہ ہجری کے بعد ہندوستان میں آئے، بلاد سندھ و ہند میں سے بندرگاہ تھانہ، بھڑوچ، دیبل اور مکران کے علاقہ میں یلغار کی اور زندگی کے آخری ایام بصرہ میں سکونت پذیر ہو گئے تھے اور وہاں ہی ۴۵ ہجری میں وفات پائی[۱۷]۔

۳۔ حضرت مغیرہ بن ابی العاص ثقفیؓ: یہ بھی حضرت عثمان ثقفیؓ کے بھائی ہیں۔ اور انہوں نے اپنے بھائیوں کے ساتھ ہی برصغیر میں کئی ایک مقامات پر فتوحات حاصل کیں۔ انہوں نے زندگی کے آخری ایام بصرہ میں گزارے اور وہاں ان کا انتقال ہوا[۱۸]۔

۴۔ ربیع بن زیاد حارثیؓ: یہ عرب کے قبیلہ بنو مذحج سے تعلق رکھتے تھے۔ ۱۷ ہجری کو عہد فاروقی میں حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے حضرت ربیع کو مختلف محاذوں پر لشکر اسلامی کا کمانڈر بنا کر بھیجا تو انہوں نے نہایت بہادری کا مظاہرہ کیا اور ہر محاذ پر دادِ شجاعت حاصل کی۔ اس زمانے میں سجستان کا زیادہ علاقہ سندھ میں شامل تھا اور کچھ حدود ایران میں واقع تھا، اس محاذ پر بھی وہ گئے اور فتح و نصرت کے جھنڈے گاڑے۔ عہد فاروقی میں انہوں نے زرنج، زالق، کابل، سیوستان، کرمان اور مکران کی جنگوں میں شرکت کی۔ کرمان، مکران اور سیوستان کے گورنر بھی رہے۔ ان میں سے بعض علاقوں کا کچھ حصہ اس عہد میں پاکستان کے موجودہ صوبہ بلوچستان میں اور کچھ حصہ سندھ میں شامل تھا۔ خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروقؓ کے دورِ خلافت میں ان علاقوں میں حضرت ربیع نے جو سلسلہ جہاد شروع کیا تھا، وہ حضرت معاویہؓ کے زمانہ حکومت میں بھی جاری رہا۔ حضرت ربیع بن زیاد حارثی مذحجیؓ چوتھے صحابی رسول ﷺ ہیں جو حضرت عمر فاروقؓ کے دورِ خلافت میں بسلسلہ جہاد وارد برصغیر ہوئے۔ اس نواح میں نبی ﷺ کی احادیث کی تبلیغ فرمائی۔ انہوں نے عہدِ معاویہ میں ۵۱ ہجری کو یا اس سے کچھ عرصہ بعد وفات پائی[۱۹]۔

۵۔ حضرت حکم بن عمرو بن مجدع ثعلبیؓ: عرب کا ایک مشہور قبیلہ بنو غفار تھا، جس کی ایک شاخ بنو ثعلب کہلاتی تھی۔ موصوف کا تعلق بنو غفار کی اسی شاخ سے تھا۔ اسی وجہ سے انہیں ثعلبی غفاری کہا جاتا ہے۔ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروقؓ نے ۱۷ ہجری میں حضرت حکم کو مکران کا والی مقرر کیا اور لواءِ مکران سے نوازا۔ ۲۳ ہجری میں حضرت حکم نے پورے علاقہ مکران پر چڑھائی کی اور اسے فتح کیا۔ مکران کا یہ وہ حصہ تھا جو موجودہ بلوچستان میں شامل تھا۔ مکران اور اس کے قرب و جوار کا حکمران اس زمانے میں راجا راسل تھا جو ایرانیوں کا طرف دار اور باجگزار تھا۔ اس نے مسلمانوں کے ہاتھوں بری طرح شکست کھائی۔ حضرت

معاویہؓ نے اپنے دورِ حکومت میں حضرت حکم کو خراسان کا والی مقرر کر دیا تھا۔ بہ اختلافِ روایات انہوں نے ۵۰ یا ۵۱ ہجری کو خراسان میں وفات پائی (۲۰)۔

۶۔ حضرت عبداللہ بن عبداللہ عتبان انصاری: ۲۳ ہجری میں عبداللہ بن عبداللہ انصاریؓ کو مکران (بلوچستان) بھیجا گیا۔ اس وقت مکران میں حضرت حکم بن عمرو غفاری مصروف جہاد تھے۔ عبداللہ بن عبداللہ انصاری نے جہادِ مکران میں حکم بن عمرو غفاری کی مدد کی (۲۱)۔

۷۔ حضرت سہل بن عدی بن مالک خزرجی انصاریؓ: حضرت عمر فاروقؓ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری کو خط لکھا کہ سہل بن عدی کو مکران کا والی مقرر کر دیا جائے۔ چنانچہ حضرت سہل مکران گئے اور علاقہ مکران اور اس کے گرد و نواح کی فتوحات میں نمایاں کردار ادا کیا، جس میں حضرت عبداللہ بن عبداللہ انصاریؓ نے بھی ان کی مدد کی۔ حضرت حکم بن عمرو غفاری بھی ان معرکوں میں شریک تھے۔ یہ تینوں بزرگ رسول اللہ ﷺ کے صحابیؓ تھے۔ یہ ۲۳ ہجری کا واقعہ ہے۔ اسی سال بلوچستان کے بعض علاقے فتح کیے گئے (۲۲)۔

۸۔ حضرت شہاب بن مخارق تمیمیؓ: حضرت حکم بن عمرو ثعلبی جب مکران میں مصروف پیکار تھے تو یہ وہاں پہنچے اور شریک جہاد ہوئے۔ اس طرح ارض برصغیر کو ان کی قدم بوسی سے بہرہ یاب ہونے کی سعادت حاصل ہوئی (۲۳)۔

۹۔ حضرت صحار بن عباس عبدیؓ: یہ صحابی نے ۵ ہجری میں دربار نبوی میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا اور جنگ مکران میں حضرت عمر فاروقؓ کی خلافت میں شرکت کی (۲۴)۔

۱۰۔ حضرت عاصم بن عمرو تمیمیؓ: انہوں نے جنگ قادسیہ میں بھی حصہ لیا اور فتح عراق میں بھی شامل رہے۔ اسی طرح نواح سندھ میں یلغار کی اور سجستان کے قرب و جوار کا وہ علاقہ جو سندھ سے ملحق تھا ان کی مجاہدانہ سرگرمیوں کی زد میں آیا اور مسلمانوں کے ہاتھوں فتح ہوا (۲۵)۔

۱۱۔ حضرت عبداللہ بن عمیر اشجعیؓ: حضرت عبداللہ بن عمیر اشجعی رسول اللہ ﷺ کے وہ صحابی ہیں جو عہد فاروقی میں ۲۳ ہجری کو جنگ سجستان میں حضرت عاصم بن عمرو تمیمیؓ سے ملے اور ان دونوں کی جدوجہد سے وہ علاقہ فتح ہوا جو اس زمانے میں بلاد سجستان سے لے کر سندھ کے اندرونی حصے تک پھیلا ہوا تھا اور دریائے بلخ بھی اس میں شامل تھا (۲۶)۔

۱۲۔ حضرت نسیر بن دیسم بن ثور عجلیؓ: ان کو عرب کے قبیلہ بنو عجل کا فرد شمار کیا جاتا ہے۔ ۲۳ ہجری میں جب حضرت سہل بن عدیؓ نے علاقہ قفص یعنی موجودہ بلوچستان کا کچھ حصہ فتح کیا تو یہ ان کے ساتھ تھے (۲۷)۔

۱۳۔ حضرت حکیم بن جبلہ عبدیؓ: یہ صحابی عرب کے قبیلہ بنو عبدالقیس سے تعلق رکھتے تھے اور یہ پہلے مسلمان سیاح تھے جو سیاحت کی غرض سے برصغیر پاک و ہند کے بعض علاقوں میں آئے اور وہاں کے حالات و قوائف سے واقفیت حاصل کی۔ پھر دوبارہ حضرت عثمان غنیؓ کی خلافت میں ان کو برصغیر پاک وہند میں آنا پڑا مگر زندگی کے آخری ایام بصرہ میں گزارے اور وہاں پر کسی نے ان کو شہید کر دیا(۲۸)۔

۱۴۔ حضرت عبید اللہ بن معمر قریشی تمیمیؓ: حضرت عثمان غنیؓ کے عہد خلافت میں انہیں فوج کا ایک دستہ دے کر مکران اور سندھ کی طرف بھیجا گیا تھا فتوحات مکران میں انہوں نے بڑی بہادری کا ثبوت دیا۔ اور مشہور روایت کے مطابق اصطخر کے ایک معرکے میں جام شہادت نوش کیا (۲۹)۔

۱۵۔ حضرت عمیر بن عثمان بن سعدؓ: ۲۹ ہجری کے قریب حضرت عثمانؓ نے مکران کا امیر بنا کر ان کو بھیجا تھا۔ اور یہ کافی عرصہ وہاں پر اپنی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ اور مشہور روایت کے مطابق ملک شام میں داعی اجل کو لبیک کہا (۳۰)۔

۱۶۔ حضرت مجاشع بن مسعود بن ثعلبہ سلمیؓ: حضرت مجاشعؓ نے موجودہ افغانستان کے دارالحکومت کابل میں اسلامی فوج کے ایک دستے کی کمان کرتے ہوئے مخالفین اسلام سے جہاد کیا۔ اور حضرت عثمانؓ کے عہد خلافت میں ہی پاکستان کے صوبے بلوچستان میں مخالفین اسلام سے جنگ کی اور اس سے ملحقہ علاقہ سجستان پر علم فتح لہرایا (۳۱)۔

۱۷۔ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرۃ قرشی تمیمیؓ: موصوف نے عراق اور فارس کی بعض جنگوں میں حصہ لیا۔ ۲۳ ہجری میں انہیں سجستان کا والی مقرر کیا گیا اور ہندوستان کے سرحدی علاقوں پر بھی انہوں نے حملے کیے اور کچھ علاقوں کو فتح بھی کیا۔ زندگی کے آخری ایام بصرہ میں گزارے اور مشہور روایت کے مطابق ۵۱ ہجری کو وہیں فوت ہوئے (۳۲)۔

۱۸۔ حضرت خریت بن راشد ناجی سامیؓ: سنتیس ہجری میں حضرت علیؓ مسند خلافت پر فائز تھے تو حضرت خریت وارد مکران ہوئے۔ اس طرح ارض برصغیر کو ان کی قدم بوسی کی سعادت نصیب ہوئی (۳۳)۔

۱۹۔ حضرت عبداللہ بن سوید تمیمیؓ: یہ صحابیؓ مخضرم تھے۔ حضرت علیؓ کے دور خلافت میں علاقہ سندھ کی ایک جنگ میں شریک ہوئے (۳۴)۔

۲۰۔ حضرت کلیب ابووائلؒ: ان کے بارے میں صرف اتنا ہی معلوم ہو سکا ہے کہ یہ حضرت علیؓ کے دور خلافت میں سرزمین برصغیر میں تشریف لائے تھے (۳۵)۔

۲۱۔ حضرت مہلب بن ابو صفرہ ازدیؒ: عہد معاویہ میں ۴۴ ہجری کو حضرت مہلبؒ فوجی کی حیثیت سے حدود ہند میں داخل ہوئے اور پھر برصغیر کے بعض دور دراز علاقوں کو پامال کرتے چلے گئے۔ اسی اثناء میں سندھ کے ایک شہر قندابیل کا رخ بھی کیا۔ بالآخر اس عظیم مرد مجاہد اور صحابی رسول نے ایران کے شہر مرو میں ۸۳ ہجری کو وفات پائی (۳۶)۔

۲۲۔ حضرت عبداللہ بن سوار بن حمام عبدیؒ: حضرت عبداللہؓ کو حضرت معاویہؓ نے ۴۳ ہجری میں ۴۰۰۰ فوج کے ساتھ حدود ہند کی طرف روانہ کیا۔ جہاں وہ جہاد میں مصروف رہے۔ بالآخر حضرت عبداللہؓ نے ۴۷ ہجری کو قلات میں ترک باشندوں کے ہاتھوں جام شہادت نوش فرمایا (۳۷)۔

۲۳۔ حضرت یاسر بن سوار بن حمام عبدیؒ: یہ حضرت عبداللہؓ کے بھائی تھے اور دور معاویہ میں ان کے ساتھ ہی حدود ہند میں جہاد میں شریک رہے (۳۸)۔

۲۴۔ حضرت سنان بن سلمہ ہذلیؒ: حضرت معاویہؓ کی خلافت میں زیاد بن ابی سفیان نے ۵۰ ہجری میں ان کو جنگ کے لیے فوج کا امیر بنا کر ہندوستان بھیجا۔ انہوں نے حجاج بن یوسف کے دور آخر میں ۵۹ ہجری کو وفات پائی (۳۹)۔

۲۵۔ حضرت منذر بن جارود عبدیؒ: حضرت علیؓ نے اپنے زمانہ خلافت میں منذر کو اصطخر کا والی مقرر کیا تھا۔ پھر یزید بن معاویہ کے دور حکومت میں عبیداللہ بن زیاد کے کہنے پر ۶۰ ہجری میں حضرت منذر کو ہند کی سرحدوں کی طرف روانہ کیا گیا۔ بوقان، قلات اور خضدار کی جنگوں میں انہوں نے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ ایک روایت کے مطابق ۶۲ ہجری میں سندھ کے مفتوحہ علاقوں کی عمارت اور گورنری کا منصب ان کے سپرد رہا۔ اسی اثناء میں ان کی وفات ہوئی (۴۰)۔

اصحاب الحدیث کا اولین کارواں صحابہ کرامؓ کا تھا۔ جو وارد ہند ہوا۔ ان حضرات کا اصل مقصد اہل ہند کو ان پاکیزہ اخلاق و کردار، صاف ستھری تہذیب و ثقافت اور تعلیم شائستگی کی ان بلند ترین اقدار

سے فیض یاب کرنا تھا جن کو اسلام میں بنیادی اور اساسی حیثیت حاصل ہے۔

سرزمین عجم پر فتوحات کا جو سلسلہ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں شروع ہوا وہ حضرت علیؓ کی شہادت کے بعد ۹۲ھ میں اموی دور حکومت میں مکمل ہوا جبکہ اس وقت ولید بن عبد الملک سلطنت اسلامی کے فرمانروا اور حجاج بن یوسف کوفہ کے گورنر تھے، حجاج کے بھتیجے محمد بن قاسمؒ نے ۱۷ سال کی عمر میں دیبل کے راستے سندھ میں داخل ہو کر سندھ کو فتح کیا۔ اس وقت سندھ پر ہندو بادشاہ راجہ داہر حکومت کر رہا تھا، اس معرکہ میں مسلمانوں نے سندھ کا ایک وسیع علاقہ فتح کیا اور راجہ داہر قتل کر دیا گیا، کثیر مقدار میں مال غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔ سندھ میں اسلامی علوم کے آغاز اور ان کی اشاعت کے بارے میں سب سے پہلا اور باقاعدہ تحریری ثبوت محمد بن قاسمؒ کی فتح سندھ سے ملتا ہے۔ واضح طور پر لکھا گیا ہے کہ عرب فوج میں قرآن مجید کے بہت سے قاری تھے جن کو حجاج نے یہ تاکید کی تھی کہ وہ قرآن کی قرأت پابندی سے کیا کریں (۴۱)۔

محمد بن قاسمؒ کے ہندوستان پر حملہ نے اشاعت و تبلیغ اسلام کے مشن کو بہت تقویت پہنچائی تھی۔ برصغیر کے سندھ اور پنجاب کے خطوں میں دروس قرآن و حدیث کے عظیم مراکز و مدارس قائم ہوئے۔ جن میں جلیل القدر تابعین و تبع تابعین قرآن و حدیث و دیگر اسلامی علوم کی درس و تدریس کے فرائض سرانجام دیتے تھے۔ محمد بن قاسمؒ نے موسیٰ بن یعقوب الثقفیؒ کو باقاعدہ درس حدیث پر مقرر فرمایا (۴۲)۔

اس طرح سندھ کی جانب سے برصغیر میں اسلام پہلی صدی ہجری میں داخل ہوا، اسی مناسبت سے سندھ کو "باب الاسلام" کہا جاتا ہے۔ سندھ فتح ہونے کے بعد اہل عرب کثرت سے سندھ میں آنے لگے اور اہل سندھ نے بھی عرب کی آمد و رفت شروع کر دی۔ اہل عرب اور اہل ہند کی آمد و رفت کے نتیجہ میں اہل ہند اور خصوصاً اہل سندھ کو علوم دینیہ کے حصول کا شوق و جذبہ پیدا ہوا اور اہل عرب سے قرآن و حدیث کے علوم حاصل کرنے شروع کیے۔ علوم دینیہ میں علم تفسیر اور حدیث کو خصوصی و امتیازی مرتبہ حاصل تھا، اس لیے انفرادی دروس کے علاوہ مراکز علم بھی قائم کیے گئے اور علماء بھی تیار ہوئے مثلاً ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن سندھیؒ یہ مشہور محدث اور معروف تبع تابعی تھے انہوں نے ابو امامہ سہل بن حنیفؓ کو دیکھا ہے۔ بے شمار تابعین کرام سے انہوں نے حدیث کا سماع کیا مثلاً: محمد بن کعب قرظی، نافع

مولی ابن عمر، سعید مقبری، محمد بن منکدر اور ہشام بن عروہ وغیرہ۔ اس سندھی محدث اور تبع تابعی کا رنگ سرخ، آنکھیں نیل گوں اور جسم بھاری بھر کم تھا۔ عباسی خلیفہ مہدی ان کو اپنے ساتھ عراق لے گیا تھا اور ایک ہزار دینار عطا کیے تھے۔ وہ ان سے بہت محبت کرتا تھا۔ اس نے ان سے لوگوں کو تعلیم دینے کی درخواست کی تھی، ابو معشر ۱۷۰ھ رمضان میں فوت ہوئے اور ان کی عمر نانوے سال تھی۔ اسی سال ہارون الرشید تختِ خلافت پر متمکن ہوا۔ خلیفہ ہارون الرشید نے ان کا جنازہ پڑھایا اور ان کی موت پر حزن و ملال کا اظہار کیا۔ بغداد کے مقبرۃ الکبیرہ میں دفن کیے گئے (۴۳)۔ ابو عبداللہ محمد بن رجاء سندھیؒ (۴۴)۔ حافظ ابو بکر محمد بن محمد بن رجاء السندھیؒ (۲۸۶ھ / ۸۹۹ء) (۴۵) ۔ابو جعفر محمد بن ابراہیم دیبلیؒ (۲۳۲ھ / ۸۴۶ء)۔ دیبل کراچی کا نام تھا۔ جسے محمد بن قاسمؒ نے فتح کیا۔ اس کی فتوحات کے واقعات مشہور ہیں (۴۶)۔ ابو جعفر بن خطاب قصداریؒ (۴۷)۔ قصدار (قزدار) سندھ کا بڑا مشہور شہر تھا جسے مسلمانوں نے سنان بن سلمہؒ کی قیادت میں فتح کیا جو کہ علم حدیث کا بہت بڑا مرکز تھا (۴۸)۔

سندھ کے علاوہ شمالی مغربی سرحدی صوبہ کی جانب سے سلطان محمود غزنوی نے ۳۹۲ھ / ۱۰۰۲ء میں داخل ہو کر اسلام کے فروغ و اشاعت کی راہ ہموار کی۔ غزنوی عہد حکومت میں اسلام کی جڑیں لاہور اور گردونواح میں مستحکم ہو گئیں (۴۹)۔ سلطان محمود غزنوی کا حدیث رسول ﷺ سے بہت تعلق تھا وہ متبع سنت نبوی تھے۔ اور اس کو رائج کرنے کا ان کا بڑا رجحان تھا۔

برصغیر میں تابعین کی ایک کثیر تعداد تشریف لائی، جن کی تفصیل مشہور مؤرخ محمد اسحاق بھٹی نے اپنی کتاب میں نقل کی ہے۔ ان میں سے ۴۲ تابعین کے اسماء ملتے ہیں، جو کہ درج ذیل ہیں:

ابن اسید بن اخنسؒ (۵۰)، ابو شیبہ جوہریؒ (۵۱)، تاغر بن ذعر (۵۲)، حاتم بن قبیصہؒ (۵۳)۔ حکم بن منذر عبدیؒ (۵۴)، راشد بن عمرو بن قیس ازدیؒ (۵۵)، زائدہ بن عمیر طائی کوفیؒ (۵۶)، زیاد بن حواری عمیؒ (۵۷)، ابو قیس زیاد بن رباح بصریؒ (۵۸)، حکم بن عوانہ کلبیؒ (۵۹)، معاویہ بن قرہ مزنی بصریؒ (۱۱۳ھ) (۶۰)، مکحول بن ابو عبداللہ سندھیؒ (۱۱۳ھ) (۶۱)، عبدالرحمٰن بن عباسؒ (۶۲)، عبدالرحمٰن سندھیؒ (۶۳)، قطن بن مدرک کلابیؒ (۶۴)، قیس بن ثعلبہؒ (۶۵)، کہمس بن حسن بصریؒ (۱۴۹ھ) (۶۶) ، یزید بن ابو کبشہ سکسکی دمشقیؒ (۹۶ھ) (۶۷)، موسی سیلانیؒ (۶۸)، موسی بن یعقوب ثقفیؒ (۶۹)، عبدالرحمٰن کندیؒ (۷۰)، عبدالرحمٰن بیلمانیؒ (۷۱)، عمر بن عبید اللہ قرشی تیمیؒ (۷۲)، شمر بن عطیہ بن عبدالرحمٰن اسعدیؒ (۷۳)، سعید بن اسلم کلابیؒ (۷۴)، سعید بن کندیر

قشیریؒ (۷۵)، سعد بن ہشام انصاریؒ (۷۶)، عبدالرحمٰن بن عبداللہؒ (۷۷)، حارث بن مرہ عبدیؒ (۷۸)، حارث بیلمانیؒ (۷۹)، ایوب بن زید ہلالیؒ (۸۴ھ) (۸۰)، حری بن حری باہلی (۸۱)، عباد بن زیاد بن ابوسفیانؒ (۱۰۰ھ) (۸۲)، یزید بن مفرح حمیریؒ (۶۹ھ) (۸۳)، ربیع بن صبیح سعدی، بصریؒ (۱۶۰ھ) (۸۴)، مجاعہ بن سعر تمیمی (۸۵)، عطیہ بن سعد عوفیؒ (۱۱۱ھ) (۸۶)، حسن بصریؒ (۱۱۰ھ) (۸۷)، صیفی بن فسل شیبانیؒ (۵۲ھ) (۸۸)، ابوسلمہ زطیؒ (۸۹)، محمد بن قاسمؒ، حباب بن فضالہ ذہلی (۹۰)۔

تمام تابعین عظام قرآن و سنت کے شیدائی تھے ان کے زمانہ میں قال اللہ و قال الرسول ﷺ کے علاوہ کوئی آواز ہی نہ آتی تھی کیونکہ مروجہ مذاہب اربعہ یا دوسرے ظاہری مذہب وغیرہ کا نام نشان ہی نہ تھا۔

برصغیر میں تبع تابعینؒ:

برصغیر میں صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کی طرح کثیر تعداد میں تبع تابعین بھی تشریف لائے۔ لیکن جن کے نام و حالات تاریخ نے محفوظ کیے، ان کی تعداد تابعینؒ کی نسبت تھوڑی ہے۔ ان صحابہؓ، تابعینؒ اور تبع تابعینؒ نے اسلام کے ابتدائی عہد میں برصغیر کا عزم کیا اور انہیں کی کوششوں سے اسلام اور علم حدیث برصغیر تک پہنچا۔

ابتدائی چار صدیوں میں ہندوستان میں لوگوں کا رجحان صرف حدیث نبوی کی طرف تھا کیونکہ جب اسلام ہندوستان میں داخل ہوا تو قرآن و حدیث کے علاوہ اور کسی چیز کا وجود نہیں تھا۔ لوگ علماء اور محدثین کا بہت احترام کرتے تھے۔ چنانچہ ابوالقاسم مقدسیؒ جس نے سلطان محمود غزنوی کے حملہ سے پہلے ۳۷۵ھ میں سندھ کو دیکھا۔ وہ اس خطہ کے متعلق لکھتا ہے: "ان میں سے اکثر لوگ حدیث کی طرف رجحان رکھنے والے ہیں"(۹۱)۔

اوائل صدیوں میں عرب سے آنے والے مشہور محدثین کے نام درج ذیل ہیں:

۱۔ موسیٰ بن یعقوب الثقفیؒ (۹۲)　　۲۔ یزید بن ابی کبشہ دمشقی (۹۳)

۳۔ ابوموسیٰ اسرائیل بن موسیٰ بصریؒ (۹۴)　　۴۔ ابوحفص ربیع بن صبیحؒ (۹۵)

چوتھی صدی ہجری کے دوسرے نصف حصہ میں سندھ پر اسماعیلیوں کی حکومت کے قیام سے لے کر آٹھویں صدی ہجری کے وسط تک زیریں سندھ میں اسماعیلیوں کا اثر کسی نہ کسی شکل میں مسلسل باقی

رہا۔ سندھ پر عربوں کی حکومت ختم ہو جانے کے بعد جو حالات رونما ہوئے۔ ان میں سے عرب ممالک اور بالخصوص حجاز میں واقع علم حدیث کے مراکز سے سندھ کا رابطہ منقطع ہو گیا۔ اس طرح جنوبی ہند میں علم حدیث کا احیاء کرانے میں بھی تاخیر ہو گئی۔

سندھ میں عرب حکومت کمزور پڑ جانے کے بعد شمال مغربی سرحدی جانب سے جب غزنویوں اور غوریوں کی حکومت یہاں قائم ہوئی تو براہ راست محدثین کی آمد و رفت کم ہو گئی ان کی بجائے خراسان اور ماوراء النہر وغیرہ کے علما یہاں فروکش ہوئے۔ اس دور میں مذاہب اربعہ کا رواج بھی کسی قدر پڑ چکا تھا اور یہ فاتحین بھی حنفی مکتب فکر سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کے ساتھی فقہائے کرام کا تعلق علم حدیث سے بہت کم تھا جیسا کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے صراحت کی ہے۔ **"واشتغالهم بعلم الحديث قليل قديما وحديثا"** [۹۶] ترجمہ: ان کی قدیم اور جدید زمانہ میں علم حدیث کے ساتھ مشغولیت کم تھی۔

سید عبدالحئ حسنیؒ حنفی لکھتے ہیں: ۶۵۶ھ میں سقوط بغداد کے بعد برصغیر میں حدیث کی طرف رجحان کم رہا زیادہ تر ادب، شعر، فقہ، اصول فقہ، ریاضی اور یونانی علوم کی طرف رجحان کرتے تھے۔ حدیث کی طرف ان کا اتنا ہی رجحان تھا جس قدر احادیث فقہ کی کتب میں آجاتی تھیں۔ ان کی نظر صرف صغانی کی کتاب مشارق الانوار کی طرف ہوتی تھی اور اگر کوئی مصابیح السنہ یا مشکوٰۃ پڑھ لیتا تو اسے محدث سمجھا جاتا تھا۔ ایسا ان کے علم حدیث سے ناواقفیت کی بناء پر تھا۔ وہ حدیث کی کتب کو نہ پڑھتے تھے نہ جانتے تھے اور نہ ہی محدثین کے بارے میں معلومات رکھتے تھے۔ مشکوٰۃ کو بھی علم اور فہم کے لیے نہیں بلکہ برکت کے لیے پڑھا جاتا تھا۔ وہ تقلید کے قائل تھے اور تحقیق کی طرف ان کا میلان نہیں تھا اس لیے یہاں زیادہ تر ایسے فتاویٰ دیے جاتے تھے جن میں فقہ کو احادیث پر فوقیت دی جاتی۔ جب دسویں صدی ہجری میں یہاں علمائے محدثین تشریف لائے تو حدیث کی طرف رجحان شروع ہوا [۹۷] اس کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ شیخ شمس الدین ترک جب آٹھویں صدی ہجری میں سلطان علاؤ الدین خلجی کے دور میں وارد ہند ہوئے تو یہاں کے حالات کے متعلق سلطان وقت سے مخاطب ہو کر لکھتے ہیں۔

> "میں نے سنا ہے کہ تمہارے شہر میں احادیث مصطفیٰ ﷺ کو نظر انداز کیا جاتا ہے اور فقیہوں کی روایت پر عمل کی دیواریں استوار کی جاتی ہیں، تعجب ہے کہ جس شہر

میں لوگ حدیث کی موجودگی میں فقہ کی روایت پر عمل کریں تو وہ شہر تباہ کیوں نہیں ہو جاتا اور اس پر آسمانی مصائب کیوں نہیں پھوٹنے لگتے" (۹۸)۔

سید سلیمان ندویؒ نے عہد تغلق میں علم حدیث کے متعلق لکھا ہے:

"اس عہد میں علم حدیث کے ساتھ لوگوں کو جو بے اعتنائی تھی اس کا اندازہ اس واقعہ سے ہوتا ہے کہ سلطان غیاث الدینؒ کے زمانہ میں مسئلہ سماع کی تحقیق کے لیے ایک مجلس منعقد ہوئی۔ مناظرہ کے ایک فریق شیخ نظام الدینؒ سلطان الاولیاء تھے اور دوسری طرف تمام علماء۔ شیخ کا بیان ہے کہ جب میں کوئی حدیث بیان کرتا تھا تو علماء بڑی جرأت اور بے باکی سے کہتے کہ اس ملک میں حدیث پر فقہی روایت مقدم سمجھی جاتی ہے اور کبھی یہ کہتے کہ چونکہ اس حدیث سے شافعیؒ نے استدلال کیا ہے اور وہ ہمارا مخالف ہے اس لیے ہم اس حدیث کو نہیں مانتے"(۹۹)

اس عمومی حالت کے باوجود یہاں خال خال شخصیات ایسی بھی نظر آتی ہیں جنہوں نے اس بے اعتدالی اور جمود کو قبول نہیں کیا۔ ان میں نامور علماء یہ ہیں:

شیخ حسن بن محمد صنعانیؒ: موصوف کی کنیت ابو الفضائل ہے۔ آپ کا خاندان ماوراء النہر اور غزنین سے تعلق رکھتا تھا۔ مگر والد محترم نے ہندوستان سکونت اختیار کرلی تھی۔ آپ ۵۵۷ھ لاہور میں پیدا ہوئے۔ آبائی وطن کے اعتبار سے صغانی اور مؤلد کے اعتبار سے لاہوری معروف ہوئے۔ ابتدائی تعلیم والد محترم سے حاصل کی۔ اور تکمیل حجاز، یمن اور عراق کے شیوخ سے کی۔ اپنے وقت کے عظیم محدثین وفقہاء میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ ان کی تصانیف کا دائرہ، حدیث، فقہ اور لغت تک وسیع ہے۔ جن کی تعداد دور دور جن کے قریب ہے۔ جن میں سب سے مشہور "مشارق الأنوار النبویۃ من صحاح الاخبار المصطفویۃ" ہے۔ جو صحیحین کی صرف قولی احادیث کا مجموعہ ہے۔ یہ کتاب سب سے پہلے ہندوستان میں مولانا خرم علی بلہوری المتوفی ۱۲۷۰ھ کے ترجمہ اور تشریح کے ساتھ لکھنو سے ۱۲۵۲ھ میں شائع ہوئی۔ (۱۰۰)

علی المتقیؒ: ان کا مکمل نام علی بن حسام الدین بن عبد المالک المتقی ہے۔ جو کہ ۸۸۵ھ کو برہان پور میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم وہاں سے حاصل کی پھر ملتان میں شیخ حسام الدین المتقی کے ہاں دو سال رہ کر علوم کی تکمیل کی۔ غالباً المتقی کا لقب انہیں استاد کی نسبت سے حاصل ہوا۔ حدیث کا معروف دائرۃ المعارف

جو کہ "کنز العمال فی سنن الأقوال والأفعال" کے نام سے مشہور ہے۔ آپ ہی کی تصنیف ہے۔ ان کی وفات ۹۷۵ھ میں ہوئی [۱۰۱]۔

شیخ محمد طاہر پٹنیؒ: "پٹن" احمد آباد کے پاس ایک قصبہ کا نام ہے اور اب تک آباد ہے۔ اسی ٹپن میں پیدا ہونے والے شیخ محمد بن طاہر پٹنی کے نام سے مشہور ہوئے۔ موصوف کی حدیث میں بہت سی خدمات ہیں مثلاً: مجمع بحار الأنوار فی غرائب التنزیل ولطائف الأخبار، تذکرۃ الموضوعات، قانون الموضوعات، مغنی فی اسماء الرجال" ان کی مشہور تصانیف ہیں۔ اور مطبوع ہیں۔ موصوف ۹۸۶ھ کو دنیا کو خیر باد کہہ گئے۔ [۱۰۲]

شیخ ابو الحسن سندھیؒ: موصوف کا نام محمد، کنیت ابو الحسن اور لقب نور الدین تھا۔ سندھ کے مرکز علم ٹھٹہ میں پیدا ہوئے۔ یہیں تعلیم و تربیت حاصل کی۔ پھر حجاز مقدس کا سفر کیا اور حصول تعلیم کے بعد حرم نبوی ہی میں تفسیر، حدیث اور فقہ کا درس دینا شروع کر دیا۔ ان کی تصنیفات میں الصحاح ستہ پر حواشی کو خاصی شہرت حاصل ہے۔ بالآخر ۱۱۳۸ھ کو موصوف رحلت فرما گئے [۱۰۳]۔

شیخ محمد حیات سندھیؒ: موصوف ۱۲ صدی ہجری کے نامور محدثین میں سمجھے جاتے ہیں جو کہ سندھ کے ضلع سکھر کے علاقہ عادل پور میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم وہاں حاصل کی اور اعلیٰ تعلیم کے لیے حجاز پہنچ گئے۔ مولانا ابو الحسن سندھی کی وفات کے بعد انہیں کے جانشین بنے اور ان کی مسند پر ۲۴ سال حدیث کا درس دیتے رہے۔ ان کی تصنیفات میں : الایقاف علی سبب الاختلاف" اور "تحفۃ الأنام فی العمل بحدیث النبی ﷺ" کے نام مشہور ہیں۔ موصوف ۲۶ صفر ۱۱۶۳ھ کو مدینہ منورۃ میں فوت ہوئے [۱۰۴]

آخری دور میں **شیخ احمد سرہندی المعروف مجدد الف ثانی** نے بھی اپنی تعلیمات کی بنیاد کشف والہام اور مشرب مرشد کی بجائے کتاب و سنت پر رکھی۔ سید سلیمان ندوی رقم طراز ہیں۔ "حضرت مجدد نے اپنی تعلیم کی بنیاد اتباع سنت پر رکھی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ علم حدیث اور شمائل کی طرف لوگوں کی توجہ مبذول ہونے لگی [۱۰۵]۔

برصغیر میں کوئی دور ایسا نہیں گزرا کہ جس میں محدثین عظام نے علم حدیث کی آبیاری نہ کی تاہم ان میں سے مشہور یہ ہیں:۔

شیخ احمد سرہندیؒ: موصوف ۱۵۶۴ء کو سرہند میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی۔ پھر اعلیٰ تعلیم کے لیے سیالکوٹ، کشمیر وغیرہ کا سفر کیا۔ شیخ نے حدیث کے میدان میں گراں قدر

خدمات سرانجام دیں، اور پھر بالخصوص انہوں نے مسلمانوں کو جمود کے خاتمے اور قرآن و حدیث کے مطالعہ کی بہت رغبت دلائی۔ اسی مناسبت سے ان کا ایک رسالہ "اربعین" کے نام سے منظر عام پر ہے۔ شیخ نے ۶۳ سال کی عمر میں ۱۶۲۴ء کو وفات پائی (۱۰۶)۔

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ: یہ جنوری ۱۵۵۱ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم و تربیت والد ماجد سے حاصل کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے مکہ مکرمہ کا سفر کیا۔ ۱۵۹۲ء کو حصول تعلیم کے بعد ہندوستان واپس آئے تو ایک مدرسہ دارالعلوم کی بنیاد رکھی۔ جس میں تدریس حدیث کے علاوہ حدیث پر تحریری کام بھی بہت کیا۔ مثلاً مشکوٰۃ کی دو شرحیں ایک فارسی زبان میں اشعۃ اللمعات اور دوسری عربی زبان میں لمعات التنقیح لکھیں۔ فارسی شرح کے مقابلے میں مشکوٰۃ کی عربی شرح زیادہ واضح اور مفصل ہے، نیز مشکوٰۃ کے ہی حوالے سے ایک اور کتاب جامع البرکات منتخب شرح المشکوٰۃ مرتب کی، جس میں مشکوٰۃ کے ہر ایک باب سے ایک یا دو حدیثوں کو اخذ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ماثبت بالسنۃ فی ایام السنۃ، ترجمۃ أحادیث الأربعین، الأحادیث فی ابواب علوم الدین اور دستور فیض النور وغیرہ کتب حدیث بھی موصوف کی ہیں۔ آپ نے ۹۱ سال کی عمر میں ۱۶۴۲ء کو وفات پائی (۱۰۷)۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ: شاہ ولی اللہؒ ۱۱۱۴ھ کو پید ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے ہی علاقے کے بزرگ علماء سے حاصل کی اور اعلیٰ تعلیم کے لیے حرمین شریفین کا سفر کیا۔ ۱۱۴۳ھ کو ہندوستان واپس آکر خدمت حدیث میں مصروف ہوگئے۔ شاہ ولی اللہؒ نے اپنی زندگی کے ۱۷ سال کی عمر میں ہی تدریس کا آغاز کر دیا۔ اس اعتبار سے تدریس حدیث کے علاوہ حدیث کے میدان میں تحریری شکل میں بھی نمایاں کام سرانجام دیا ہے۔ مثلاً المسویٰ (عربی) اور المصفی (فارسی) مؤطا امام مالک کی دو شرحیں لکھیں۔ نیز حجۃ اللہ البالغۃ، الإنصاف فی سبب الإختلاف، مجموعۃ رسالۃ اربعۃ، الدر الثمین فی مبشرات النبی الأمین، تاویل الأحادیث فی رموز قصص الأنبیاء اور مسلسلات کے نام سے مختلف کتب حدیث کو تالیف کیا۔ بالآخر شاہ ولی اللہؒ ۲۹ محرم ۱۱۷۶ء بمطابق ۲۱ اگست ۱۷۶۲ء کو ۶۲ سال کی عمر میں اپنے خالق حقیقی سے جاملے (۱۰۸)۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ: شاہ عبدالعزیز ۱۷۴۷ء کو علمی خاندان شاہ ولی اللہؒ کے گھرانے میں پیدا ہوئے۔ موصوف نے خدمت حدیث کے اس بابرکت کام میں حصہ ڈالنے کے لیے بستان المحدثین کے نام سے فارسی زبان میں ایک کتاب تحریر کی، عجالہ نافعہ بھی حدیث پر ان کی کتاب ہے، جس میں محدثین کے

حالات درج ہیں۔ شاہ عبدالعزیز بروز اتوار ۱۸۲۴ء کو ۷۷ سال کی عمر میں اس دنیا فانی سے کوچ فرما گئے [۱۰۹]۔ بعض تذکرہ نگار انہیں برصغیر میں علم حدیث کے بانی قرار دیتے ہیں، یہ بات درست نہیں ہے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اور شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے برصغیر میں علم کی نشاۃ ثانیہ کا آغاز کیا ہے اور علم حدیث رائج کرنے کی بھرپور کوشش کی [۱۱۰]۔

برصغیر کے مسلمانوں نے اسلامی علوم کے فروغ کے سلسلہ میں تفسیر، حدیث، فقہ، تاریخ اور ادب میں قابل تعریف کارنامے انجام دیئے ہیں۔ علمائے برصغیر نے دیگر علوم کی طرح علم حدیث کے فروغ کا اہتمام کیا اور کتب حدیث، صحاح ستہ، مسانید اور معاجم وغیرہ کے ترجمہ و تشریح اور تحقیق و تخریج میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اس وقت ہمیں ان کتب حدیث کی بہت سی شروحات ملتی ہیں۔ یہ علمائے برصغیر کی علم حدیث کے ساتھ والہانہ عقیدت کا بین ثبوت ہے۔ جن میں نمایاں نام یہ ہیں۔

نواب سید صدیق حسن خانؒ: نواب صاحب ہندوستان کے شہر بانس بریلی میں ۱۸۳۲ء کو پیدا ہوئے۔ حصول تعلیم کے بعد حدیث کے میدان گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ موصوف نے عربی، فارسی اور اردو میں دوسو بائیس کے قریب کتابیں لکھیں جن میں سے علم حدیث پر چند کتابیں یہ ہیں:

عون الباری شرح تجرید بخاری، مسک الختام شرح بلوغ المرام (فارسی)، منہج الوصول (فارسی)، ھدایۃ السائل، الروضۃ الندیۃ شرح درر البھیۃ، فتح المغیث، موائد العوائد وغیرہ۔ سید صاحب 58 سال کی عمر میں فروری ۱۸۹۰ء کو بھوپال میں وفات پاگئے [۱۱۱]۔

سید نذیر حسین دہلویؒ: سید نذیر حسین دہلوی صاحب بہار کے ضلع مونگھیر میں پیدا ہوئے۔ موصوف کی تصنیف و تالیف کی تعداد ۵۷ ہے۔ ان میں سے چند ایک یہ ہیں: معیار الحق، ثبوت الحق، واقعات الفتوی ودافعۃ البلوی، فلاح الولی فی اتباع النبی ﷺ اور فتاویٰ نذیریہ وغیرہ۔ اپنے استاد شاہ محمد اسحاق نواسہ شاہ عبدالعزیز کے بلد و حجاز میں جانے کے بعد انہوں نے مسند حدیث سنبھالی۔ میاں صاحب ۱۰۰ سال کی عمر میں ۱۹۰۲ء کو دہلی میں اپنے خالق حقیقی سے جاملے [۱۱۲]۔

رشید احمد گنگوہیؒ: موصوف سہارنپور میں پیدا ہوئے۔ مولانا کو تذکرۃ الرشید کی وجہ سے بہت شہرت ملی۔ ترمذی پر آپ کی تقاریر کا مجموعہ الکوکب الدری کے نام سے دو جلدوں میں شائع ہے۔ فتاویٰ رشیدیۃ سبیل

الرشاد وغیرہ بھی آپ ہی کی کتب ہیں۔ آپ ۱۹۰۵ء کو تقریباً ۷۸ سال کی عمر میں دنیا فانی کو خیر باد کہہ گئے (۱۱۳)۔

مولانا شمس الحق ڈیانویؒ: مولانا ۱۸۵۶ء کو اعظم آباد کے قصبہ ڈیانہ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے حدیث کے میدان میں بہت شہرت حاصل کی۔ کتب حدیث میں سے غایۃ المقصود فی حل سنن ابی داؤد، القول الحق، عون المعبود شرح سنن ابی داؤد، التعلیق المغنی علی کتاب سنن الدار قطنی وغیرہ بہت مشہور ہیں۔ آپ نے ۱۲/ مارچ ۱۹۱۱ء کو وفات پائی (۱۱۴)۔

مولانا عبدالجبار غزنویؒ: موصوف ۱۸۵۱ء کو غزنی میں پیدا ہوئے۔ آپ نے مدرسہ غزنویہ کی بنیاد رکھی، جہاں حدیث کی تدریس میں بہت بلند نام پیدا کیا۔ مولانا ۱۹۱۲ء کو فوت ہو گئے (۱۱۵)۔

حافظ عبدالمنانؒ وزیر آبادی: حافظ صاحب اعوان خاندان میں ۱۸۵۰ء کو سیداں ضلع جہلم میں پیدا ہوئے۔ مولانا نے سید نذیر حسین محدث دہلوی سے حدیث پڑھنے کے بعد وزیر آباد میں دارالحدیث کی بنیاد رکھی اور ۲۴ سال تک تفسیر و حدیث کا درس دیتے رہے۔ اور ۳۵ مرتبہ پوری صحاح ستہ پڑھائی۔ تصنیف و تالیف کی بجائے تدریس کے ذریعے مولانا موصوف نے برصغیر میں علم حدیث کی اشاعت میں کوئی کمی نہ چھوڑی۔ آپ نے ۱۹۱۴ء میں وفات پائی (۱۱۶)۔

مولانا وحید الزمانؒ: مولانا کانپور میں ۱۸۵۰ء کو پیدا ہوئے۔ خدمت حدیث میں بہت اہم کردار ادا کیا۔ تقریباً دو درجن سے زائد کتابیں لکھیں ان میں سے حدیث کے موضوع پر درج ذیل کتابیں مشہور ہیں: کشف المغطا عن المؤطا لترجمۃ مؤطا امام مالک، الھدی المحمود لترجمۃ سنن ابی داؤد، المعلم لترجمۃ صحیح مسلم، تسھیل القاری شرح اردو صحیح بخاری، رفع العجاجۃ عن ترجمۃ سنن ابن ماجۃ، روض الرمی من ترجمۃ المجتبی (سنن نسائی کا ترجمۃ)۔ وحید الزمان صاحب ۱۵/ مئی ۱۹۲۰ء کو حیدر آباد میں صدائے ربانی پر لبیک کہہ گئے (۱۱۷)۔

انور شاہ کشمیری: شاہ صاحب ۱۸۷۵ء کو کشمیر میں پیدا ہوئے۔ خدمت حدیث کی مناسبت سے ترمذی کی شرح العرف الشذی کی وجہ سے حدیث میں ان کو شہرت ملی۔ آپ ۱۹۳۴ء کو ۶۰ سال کی عمر میں دیوبند میں فوت ہوئے۔(۱۱۸)

خلیل احمد سہارنپوریؒ: خلیل احمد سہارنپوری ۱۸۵۲ء کو سہارنپور میں پیدا ہوئے۔ خدمت حدیث میں سنن ابی داؤد کی شرح بذل المجہود لکھی۔ آپ نے ۱۹۲۷ء کو وفات پائی، اور بقیع الغرقد میں دفن ہوئے[۱۱۹]۔

حافظ عبدالرحمٰن محدث مبارکپوریؒ: آپ ۱۸۶۶ء کو مبارک پور میں پیدا ہوئے۔ حدیث کا علم سید نذیر حسین محدث دہلوی سے حاصل کیا۔ خدمت حدیث کی مناسبت سے سنن ترمذی کی شرح تحفۃ الاحوذی کی وجہ سے شہرت پائی۔ اور پورے عالم اسلام میں مشہور ہو گئے۔ ۱۹۳۵ء کو کچھ عرصہ علیل رہنے کے بعد وفات پاگئے[۱۲۰]۔

حافظ محمد گوندلویؒ: آپ گوجرانوالہ کے نواح گوندلانوالہ میں ۱۸۹۷ء کو پیدا ہوئے۔ حافظ عبدالمنان وزیر آبادی سے حدیث کا علم حاصل کیا۔ پھر اپنی زندگی کے تقریباً ۶۰ سال تدریس حدیث میں صَرف کیے۔ مولانا نے حدیث کی تدریس کے لیے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں دو سال کا عرصہ تدریس میں گزارا۔ آپ نے تصنیف و تالیف کے میدان میں بھی نمایاں خدمات انجام دیں۔ چند ایک کتب حدیث یہ ہیں: تقاریر صحیح بخاری، شرح مشکوٰۃ المصابیح (عربی)، درس صحیح بخاری، الاصلاح، مقالات حافظ محمد گوندلوی اور دوامِ حدیث وغیرہ اس کے علاوہ بھی مختلف موضوعات پر بیس سے زائد کتب لکھیں۔ ۱۹۸۵ء میں فوت ہوئے[۱۲۱]۔

مولانا عطاء اللہ حنیف بھوجیانیؒ: مولانا امرتسر کے قصبہ بھوجیان میں ۱۹۰۹ء کو پیدا ہوئے۔ آپ ایک بلند پایہ مصنف اور مؤلف کی حیثیت سے مشہور ہوئے۔ کتب حدیث کی مناسبت سے سنن نسائی کی شرح التعلیقات السلفیہ، فیض الودود تعلیق علی سنن ابی داؤد، پیارے رسول کی پیاری دعائیں جیسی کتب تالیف کیں۔ آپ تین اکتوبر ۱۹۸۷ء کو فوت ہوئے، اور لاہور کے قبرستان میں مدفون ہیں۔[۱۲۲]

حدیث کی نشرواشاعت میں اہم کردار علماء کے ساتھ ساتھ مراکز حدیث کا بھی ہے۔ کیونکہ مراکز حدیث ایک ایسے بنیادی ادارے ہوتے ہیں جن سے بہت باوقار اور بلند عزم و ہمت والی شخصیتیں جنم لیتی ہیں جو حالات کے رخ کو بدلنے میں بہت نمایاں کردار ادا کرتی ہیں۔ یہ مراکز حدیث آغاز اسلام سے اب تک مختلف صورتوں میں اپنی ذمہ داری نبھا رہے ہیں۔ اس کی جدید ترین شکل ایک باقائدہ تعلیمی ادارے کی ہے، جہاں شب و روز سینکڑوں حدیثوں کی تدریس، افہام و تفہیم اور ان پر عمل کا کام جاری ہے۔ برصغیر کے نمایاں مراکز حدیث میں ادارۃ العلوم الاثریہ، فیصل آباد، جامعہ سلفیہ فیصل آباد، جامعہ

اسلامیہ، گوجرانوالہ، جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ، جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن، تقویۃ الاسلام، لاہور، جامعہ رحمانیہ، لاہور، جامعہ نعیمیہ، لاہور، جامعہ اشرفیہ لاہور، جامعہ خیر المدارس ملتان، جامعہ سلفیہ بنارس، جامعہ علوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی، جامعہ محمدیہ اوکاڑہ، دارالحدیث رحمانیہ دہلی، دارالحدیث وزیر آباد اور مدرسہ رحیمیہ دہلی قابل ذکر ہیں (۱۲۳)۔

برصغیر کے علوم اسلامیہ کے نصاب کو مولانا ابوالحسنات ندوی حنفی نے پانچ ادوار میں تقسیم کیا ہے جن کے مطابق پہلا دور بارہویں صدی عیسوی اور پندرہویں صدی عیسوی کے درمیان تقریباً ۲۰۰ سال تک رہا۔ اس میں علوم عقلیہ کو فوقیت تھی حدیث میں صرف مشارق الانوار اور مصابیح السنۃ شامل نصاب تھیں۔ دوسرا دور ایک صدی پر محیط ہے جس میں یہی نصاب رائج رہا۔ تیسرے دور جو کہ شاہ ولی اللہؒ کی وفات تک محیط ہے اس میں مشکوٰۃ المصابیح، شمائل ترمذی اور صحیح بخاری شامل نصاب ہو گئیں۔ پھر دور چہارم میں صرف حدیث کی کتاب مشکوٰۃ المصابیح شامل نصاب رہی۔ دور پنجم ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت ختم ہونے کے بعد شروع ہوا۔ اس نصاب میں کتب حدیث کا بہت زیادہ اضافہ ہوا۔ جس میں صحیح بخاری، صحیح مسلم، مؤطا، سنن ترمذی، سنن ابی داؤد، سنن نسائی اور سنن ابن ماجہ شامل ہو گئیں (۱۲۴)۔

عصر حاضر کے درس نظامی کے نصاب میں حدیث کو بہت زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔ اسی مناسبت سے مدارس سلفیہ میں کتب صحاح اور دیگر کتب حدیث کو بالاستیعاب پڑھایا جاتا ہے، اور پھر افہام و تفہیم کے لیے بھی اچھا خاصا وقت صرف کیا جاتا ہے۔ نیز جامعہ اسلامیہ بہاولپور میں باقاعدہ حدیث و سیرت میں ایم۔اے کروایا جاتا ہے اور پھر ہر یونیورسٹی کے ایم۔ اے علوم اسلامیہ میں حدیث کا پرچہ باقاعدہ شامل ہے (۱۲۵)۔

برصغیر کے تدریس اسالیب حدیث میں جو طریقہ مروج ہے اس میں مطالعہ، قرأۃ، سماع، مباحثہ، اعادہ، پڑھنے کی مشق اور املا جیسے ارکان شامل ہیں۔ جس سے حدیث کے افہام و تفہیم اور عربی متن کو پڑھنے اور سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔

پاک و ہند میں مذہبی تعصبات سے بالاتر ہو کر تدریس و ترویج حدیث کی سعادت شاہ ولی اللہؒ کی ذات گرامی کا مقدر تھی۔ آپ نے یہاں معقولی و منقولی نظام تعلیم میں پرورش پائی لیکن جب زیارت حرمین کی اور وہاں علم حدیث کو حاصل کرنے کے بعد ہندوستان واپس آئے تو مسلکی تعصب کی جگہ بین المسالک

تطبیقی فکر نے لی اور اسی وجہ سے آپ نے مؤطا کی دو شرحیں المسویٰ (عربی) اور المصفیٰ (فارسی) میں لکھیں۔ اور حجۃ اللہ البالغہ میں اس کو صحیحین کے ساتھ ذکر فرمایا۔ اور فکر محدثین کی طرف رجوع کی طرف تلقین کی۔ اس مشن اور فکر کو لے کر آپ کا خاندان آگے بڑھا یہاں پر دارالحدیث کا قیام اور کتب حدیث کی تدریس میں اضافہ کا سہرا اپنے سر باندھا۔ پھر اسی مشن کو شیخ الکل سید نذیر حسین محدث دہلوی نے چار چاند لگا دیئے۔ بقول سید سلیمان ندویؒ کے مدت کا زنگ طبیعتوں سے دور ہوا اور یہ جو خیال ہو گیا تھا کہ اب تحقیق کا دروازہ بند اور نئے اجتہاد کا راستہ مسدود ہو چکا ہے، رفع ہو گیا اور لوگ از سر نو تحقیق و کاوش کے عادی ہونے لگے۔ قرآن پاک اور احادیث مبارکہ سے دلائل کی خو پیدا ہوئی۔ اور قیل و قال کے مکدر گڑھوں کی بجائے ہدایت کے اصلی سرچشمہ مصفیٰ کی طرف واپسی ہوئی" (۱۲۶)۔

برصغیر میں چودھویں صدی ہجری تک علماء ہاتھ سے لکھ کر کتب حدیث پھیلاتے تھے۔ ان میں علم حدیث اور دیگر علوم (عموما عربی، اردو اور فارسی زبان) کے گراں قدر لٹریچر شامل ہیں۔ تیرہویں صدی ہجری کے اختتام اور چودھویں صدی کے آغاز میں علمائے برصغیر نے اسلامی کتب کی اشاعت کے لیے چھاپے خانے قائم کئے اور اسلام علوم خصوصا علم حدیث کی اہم اور نادرونایاب کتابیں طبع کیں۔ ان مطابع سے بہت سی مفید کتابیں چھپ کر منظر عام پر آگئی۔ لیکن بعض لٹریچر اب تک مخطوطات کی شکل میں ہیں۔

برصغیر میں بہت سے اہل علم اور ادارے ایسے ہیں جنہوں نے ان تصانیف کو مخطوطات کی شکل میں محفوظ رکھنے کا اہتمام کیا ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱) طبری، محمد بن جریر، جامع البیان المعروف تفسیر طبری المکتبہ التجاریہ، القاہرہ ص: ۳۸/۲

۲) صدیقی، زبید احمد، ڈاکٹر، عربی ادبیات میں پاک و ہند کا حصہ ،ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور، ۱۹۸۷ء، ص:۳۱

۳) محمد اسلم سیف، قاضی، تحریک اہلحدیث تاریخ کے آئینہ میں ،مکتبہ تعلیمات اسلامیہ، فیصل آباد، ۱۹۹۴ء، ص:۱۲۷

۴) نسائی، احمد بن شعیب، السنن ،دارالسلام، الریاض، ۱۹۹۹ء، ص:۱۳۸، رقم الحدیث:۳۱۷۳

۵) بلاذری، احمد بن یحییٰ، فتوح البلدان، المکتبہ التجاریۃ الکبریٰ، القاہرہ، ۱۹۵۹ء، ص:۸۴

۶) ندوی، سید سلیمان، عربوں کی جہاز بانی ،اسلامک کلچر، حیدر آباد، دکن، ص:۵۲

۷) غازی، محمود احمد، محاضرات حدیث الفیصل ناشران کتب، لاہور، ۲۰۰۴ء ص:۴۱۳

۸) رازی، عبدالرحمان بن ابی حاتم، کتاب الجرح والتعدیل ،دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۹۵۲ء، ص:۸

۹) ابن کثیر، ابوالفداء اسماعیل، البدایہ والنہایہ، مکتبۃ المعارف، بیروت ۱۹۸۳ء، ص: ۸۸/۹

۱۰) ایس ایم ناز، ڈاکٹر، شاہ ولی اللہ اور علم حدیث، مقبول اکیڈمی لاہور، ۱۹۹۳ء، ص:۱۵۶

۱۱) محمد اسحاق، ڈاکٹر، علم حدیث میں برصغیر پاک و ہند کا حصہ، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور،، ص:۲۷

۱۲) ایضاً، ص:۳۴

۱۳) بھٹی، محمد اسحاق، برصغیر میں اسلام کے اولین نقوش، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۷۶ء، ص:۴۶

۱۴) ایضاً، ص:۴۷۔ابن حزم، ابو محمد علی بن احمد بن سعید، جمہرۃ انساب العرب ،دارالمعارف، مصر ۱۳۸۲ھ، ص:۲۶۶

۱۵) مبارکپوری، اطہر، قاضی، ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں، مکتبہ عارفین، کراچی، ص:۱۷-۲۷

۱۶) ابن حجر، احمد بن علی، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، طبع مصر، ص: ۲۸/۸

۱۷) ابن العماد، عبدالحئ، شذرات الذہب، مکتبۃ القدس، القاہرہ ۱۳۵۰، ص: ۵۵/۱

۱۸) ابن سعد، محمد، الطبقات الکبریٰ ،دار صادر، بیروت۔ ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء ص:۱۸۰/۷، مبارکپوری، خلافت راشدہ اور ہندوستان، تخلیقات۔لاہور ۲۰۰۴ء، ص:۱۷۸

۱۹) طبری، تاریخ الامم والملوک المعروف تاریخ طبری ،دارالمعارف۔القاہرہ ۱۹۶۳ء، ص: ۱۸۱/۴

۲۰) ابن کثیر، البدایہ والنہایہ ،ص: ۱۷۷/۱۰

۲۱) طبری، ابن جریر، تاریخ طبری ص: ۴/۱۸۲

۲۲) ابن کثیر، البدایہ والنہایہ ،ص: ۱۰/۱۹۹

۲۳) طبری، تاریخ طبری ص: ۴/۱۸۲

۲۴) ابن کثیر، البدایہ والنہایہ ،ص: ۱۰/۱۷۶

۲۵) طبری، تاریخ طبری ص:۴/۱۸۰

۲۶) مبارکپوری، خلافت راشدہ اور ہندوستان، ص:۲۶۳

۲۷) بھٹی، برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص۷۸

۲۸) طبری، تاریخ طبری ص: ۴/۲۶۴

۲۹) بھٹی، برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۷۹

۳۰) ایضاً، ص:۸۰

۳۱) ایضاً، ص:۸۱

۳۲) ابن حجر، الاصابہ فی تمییزالصحابہ، ص: ۲/۴۹

۳۳) ایضاً، ص: ۵/۹۳

۳۴) بھٹی، برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۸۳

۳۵) مبارکپوری، ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں، ص:۷۶

۳۶) بھٹی، برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۸۵

۳۷) ایضاً، ص:۸۵

۳۸) بھٹی، برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۸۵

۳۹) ابن حجر، الاصابہ فی تمییزالصحابہ، ص: ۶/۱۶۰

۴۰) مرزا قلیچ بیگ، بچ نامہ، مترجم انگلش، فریدون بیک کراچی، ص:۷۸

۴۱) عبدالحئ حسنی، نزہۃ الخواطر ،دائرۃ المعارف، حیدر آباد، بھارت، ص: ۱/۳۵

۴۲) ایضاً، ص: ۱/۳۵

۴۳) مبارکپوری، رجال السند والہند، المطبعۃ الحجازیۃ، بمبئی، ۱۹۵۸ء، ص:۲۱۷

۴۴) ایضاً، ص:۳۳۶

۴۵) ایضاً، ص:۲۰۴

۴۶) ایضاً، ص:۸۹

۴۷) ایضاً، ص:۳۳

۴۸) فریوائی، عبدالرحمٰن بن عبدالجبار، جہود مختصہ فی خدمۃ السنۃ، الجامعہ السلفیہ بنارس، ہند ۱۴۰۶ھ، ص:۳

۴۹) ابن حزم جمہرۃ انساب العرب ص۲۶۸، بھٹی، برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۹۰

۵۰) بھٹی،برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۹۰

۵۱) مرزا قلیچ بیگ، چچ نامہ، ص:۹۹

۵۲) ابن حزم، جمہرۃ انساب العرب، ص:۲۹۶

۵۳) ایضاً، ص:۲۹۶

۵۴) بھٹی، برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۹۲

۵۵) ایضاً، ص:۹۲

۵۶) ایضاً، ص:۹۳

۵۷) ابن حزم، جمہرۃ انساب العرب، ص:۲۵۹

۵۸) بھٹی،برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۹۵

۵۹) ایضاً

۶۰) ایضاً،ص:۹۵

۶۱) بخاری، محمد بن اسماعیل، تاریخ الکبیر ،حیدر آباد دکن، ہند،ص: ۲/۲۹۵

۶۲) بھٹی،برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص۹۶

۶۳) بھٹی، برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۹۷

۶۴) ابن حجر، تہذیب التہذیب،ص:۸/۴۵۰

۶۵) ابن حزم، جمہرۃ انساب العرب، ص:۴۳۲

۶۶) مبارکپوری،ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں، ص:۷۰

۶۷) بھٹی،برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۹۷

۶۸) ابن الاثیر، الکامل فی التاریخ،دارالکتاب العربی،بیروت،۲۰۰۶ء،ص: ۴/۴۷

۶۹) بھٹی،برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۱۰۰ایضاً

۷۰) ابن حزم، جمہرۃ انساب العرب، ص:۲۸۷

۷۱) ابن الاثیر، الکامل فی التاریخ،ص: ۳۶/۴

۷۲) بھٹی،برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۱۰۲

۷۳) بخاری، تاریخ الکبیر،ص: ۷۶/۲

۷۴) بھٹی، برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۱۰۴

۷۵) ایضاً،ص:۱۰۴

۷۶) ایضاً،ص:۱۰۵

۷۷) ابن خلکان،احمد بن محمد، وفیات الاعیان،مکتبة النضهة المصری ةالقاہرہ،۱۹۴۸ء،ص: ۲۳۰/۱

۷۸) بلاذری، فتوح البلدان، ص:۴۲۲

۷۹) ابن خلکان، وفیات الأعیان،ص: ۳۸۴/۵

۸۰) بھٹی،برصغیر میں اہل حدیث کی آمد، ص:۱۰۷

۸۱) معارف، ماہنامہ، اعظم گڑھ۔اکتوبر ۱۹۲۸ء، (ج۲۲، ش۴) ص:۲۵۱

۸۲) ابن حجر، تہذیب التہذیب ص: ۲۴۸/۳

۸۳) مبارکپوری،رجال السند والہند،ص:۱۰۹

۸۴) مبارکپوری،خلافت راشدہ اور ہندوستان، ص:۲۵۴

۸۵) طبری،تاریخ طبری ص: ۲۷۱/۵

۸۶) بلاذری، فتوح البدان، ص:۳۶۹

۸۷) ابن اثیر، الکامل، ص:۱۳۱/۴

۸۸) ذہبی، شمس الدین محمد بن احمد، امام، میزان الاعتدال ،دارالمعرفہ، بیروت۔، ص:۴۴۸/۱

۸۹) فریوائی، جہود مخلصہ، ص:۲۱

۹۰) عبدالحئ حسنی، نزھۃ الخواطر ص:۳۵/۱

۹۱) فریوائی، جہود مخلصہ، ص:۱۴

۹۲) ایضاً، ص:۱۸

۹۳) ایضاً، ص:۲۴

۹۴) شاہ ولی اللہ، الانصاف، ص:۷۷

۹۵) فریوائی، جہود مخلصہ، ص:۳۶

۹۶) بھٹی، فقہائے ہند، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۷۶ء، ص: ۱/۲۲۳

۹۷) ندوی، سید سلیمان، مقالات سید سلیمان ندوی، ص:۲/۳۰

۹۸) عبدالحیٔ، نزہۃ الخواطر، ص:۱/۱۳۷

۹۹) اثری، ارشاد الحق، پاک و ہند میں علمائے اہل حدیث کی خدمات حدیث، ادارۃ العلوم الاثریۃ فیصل آباد، ۲۰۰۱ء، ص:۱۵

۱۰۰) ایضاً، ص:۱۵

۱۰۱) بھٹی، فقہائے ہند ص:۵/۱۷۵

۱۰۲) ترجمان الحدیث، ماہنامہ، لاہور، فروری و مارچ ۱۹۷۹ء

۱۰۳) اثری، پاک و ہند میں علمائے اہل حدیث کی خدمات حدیث، ص:۴۱

۱۰۴) ڈاکٹر محمد اسحاق، علم حدیث میں پاک وہند کا حصہ، ص:۱۶۵

۱۰۵) عبدالمصطفیٰ، محمد اشرف، مدارج النبوۃ (مقدمہ)، مکتبہ اسلامیہ لاہور، ص:۶

۱۰۶) ناز، ڈاکٹر ایم ایس، شاہ ولی اللہ اور علم حدیث، مقبول اکیڈمی لاہور، ۱۹۹۳ء، ص:۱۱۳

۱۰۷) عراقی، تذکرۃ النبلاء، بیت الحکمت، لاہور، ۲۰۰۴ء، ص:۴۵

۱۰۸) ناز، ڈاکٹر ایم ایس، شاہ ولی اللہ اور علم حدیث، ص:۱۱۳

۱۰۹) عراقی، عبدالرشید، تذکرۃ النبلاء فی تراجم العلماء، ص:۳۲۴

۱۱۰) ڈاکٹر محمد اسحاق، علم حدیث میں پاک وہند کا حصہ، ص:۲۰۲

۱۱۱) ارشد، عبدالرشید، بیس بڑے مسلمان، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور، ص:۱۵۰

۱۱۲) عراقی، تذکرۃ النبلاء فی تراجم العلماء، ص:۲۳۳

۱۱۳) ایضاً، ص:۱۳۱

۱۱۴) گھرجاکھی، خالد، سوانح حیات فضل الٰہی، جمعیت المجاہدین، گوجرانوالہ، ۱۹۳۲ء، ص:۶۱

۱۱۵) چشتی، عبدالحلیم، حیات وحید الزمان، نور محمد کارخانہ تجارت آرام باغ، کراچی، ص:۱۵

۱۱۶) ارشد، بیس بڑے مسلمان، ص:۳۷۰

۱۱۷) میرٹھی، عاشق الٰہی، تذکرۃ الخلیل، مکتبہ قاسمیہ سیالکوٹ، ۱۹۴۹ء، ص:۲۶

۱۱۸) عبدالحیی، نزھۃ الخواطر، ص:۸/۲۴۲

۱۱۹) حافظ محمد گوندلوی، درس صحیح بخاری، اسلامک پبلیکیشنز، لاہور، مرتب منیر احمد سلفی، ص:۹

۱۲۰) انصاری، عبدالعظیم، تذکرۃ علمائے بھوجیان، ناشر عمر فاروق بھوجیانی، قصور ۱۹۸۴ء، ص:۲۷

۱۲۱) ظفر، عبدالروف، علوم الحدیث، کتاب سرائے، لاہور ۲۰۱۲ء ص:۶۷۸-۶۸۹

۱۲۲) قادری، حقانی، ڈاکٹر، دینی مدارس نصاب ونظام تعلیم، فضلی سنز، کراچی، ۲۰۰۲ء، ص:۳۴۱

۱۲۳) سلیبس شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، ۲۰۰۲ء تا ۲۰۰۵ء

۱۲۴) نوشہروی، امام خاں، ابو یحیٰ، تراجم علمائے حدیث ہند، مرکزی جمعیت اہلحدیث، لائل پور، ص:۳۳

****

اُمّیّتِ رَسُول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اور مستشرقین

Orientalistic view of Prophet's illiteracy

عبدالوہاب جان الازہری*

ABSTRACT

Orientalists have always denied the acceptance of the divinity and authenticity of Qur'an. For this purpose, they have presented multifarious objections to prove the Qur'an as a discourse of Muhammad ﷺ which he learnt from the Christian monks and derived it from the judeo-Christian sources.

They specially mention that Muhammad ﷺ was not an illiterate person he was rather a pupil of the monks. In this way, their aim is to prove false the claim of the miraculous (I'jaz) style of the Qur'an. We have proved in this study that according to Quran, Tafaseer and Hadiths of Prophet ﷺ, history and logic, that Muhammad ﷺ since his birth until his death,was illetrate ,did not know how to read or write.

In this paper, an effort has been made to examine the Western arguments and deduce the actual position in this matter. The basic and fundamental sources have been used to precede the discussion.

Keywords: Orientalists, authenticity of Qur'an, judeo-Christian, Prophet's illiteracy (Ummiyyat).

* لیکچرار شعبہ عقیدہ وفلسفہ اسلامی، کلیہ دراسات اسلامیہ (اصول الدین)، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

اس میں شبہ نہیں کہ بہت سے مستشرقین نے اسلام اور مسلمانوں کی بڑی خدمت کی، انہوں نے ساری ساری عمریں علومِ اسلامیہ کی تحقیق و تدریس میں صرف کر دیں، اور بڑی جانکاہ محنت کر کے مسلمانوں کے علوم وفنون اور ان کی عظمت رفتہ کو دنیا کے سامنے پیش کیا، ان کی نادر ونایاب کتابوں کا پتہ چلایا، بے حد مشقت اور بڑے اخراجات کے تحمل کے بعد ان تک رسائی حاصل کی اور نہایت اہتمام اور صحت کے ساتھ انہیں شائع کیا، ان پر حواشی لکھے، ان کی شرحیں کیں، مختلف زبانوں میں ان کے تراجم شائع کیے، اسلامی موضوعات پر نہایت بلند پایہ کتابیں تالیف کیں اور اسلامی علوم وفنون کی ہر شاخ پر نہایت وسیع لٹریچر فراہم کیا۔ ان کی ان خدمات سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا، ان کی محنت و جانفشانی کی داد نہ دینا ظلم اور احسان فراموشی ہو گی۔ لیکن اسی کے ساتھ جہاں اسلام کے متعلق ان کے افکار، خیالات اور تحقیقات کا تعلق ہے۔ خالص اسلامی نقطہ نظر سے ان کے قبول کرنے کا سوال نہایت اہم ہے۔ اس لیے کہ اسلامی مسائل کے متعلق اپنی تحقیقات میں انہوں نے اب تک نیک نیتی کا کوئی ثبوت نہیں دیا ہے، یا تو وہ مشرقی روایات، مشرقی مذاق اور خصوصاً اسلامی ذوق و نظر سے بیگانہ ہونے کی وجہ سے علومِ اسلامیہ کے سمجھنے اور اس کے پیش کرنے میں نہایت فاش غلطیاں کرتے ہیں، یا عمداً وہ اسلام کو نہایت مسخ شدہ صورت میں پیش کرتے ہیں۔

بہر حال جو بھی صورت حال ہو ان کی یہ غلطیاں علم و فن کی خدمت اور تحقیق کے پردے میں ہوتی ہیں، یہ زمانہ تحقیق کا ہے، اس لیے ان سے مسلمانوں اور غیر مسلمانوں میں اسلام کے متعلق سخت گمراہیاں پھیلتی ہیں بلکہ یہاں تک کہا جاسکتا ہے کہ مسلمانوں کو یونانی فلسفہ، عجمی دہریت اور ہندووانہ خرافات، کسی سے اتنا نقصان نہیں پہنچا جتنا ان محققین کی زہر آلود تحریروں سے پہنچا ہے۔ جس کے مظاہر آئے دن، آج کل کے جدید تعلیم یافتہ نوجوانوں میں نظر آتے ہیں۔ اس لیے دین اسلام کے متعلق ان کی تحقیقات پر اندھا اعتماد کرنا سخت غلطی ہے۔

اس سلسلے میں مستشرقین نے جو الزامات قرآن مجید (کتاب اللہ) پر لگائے کہ یہ محمد ﷺ کی تالیف کردہ کتاب ہے، اس پر ان کی مختلف تحریریں اور مضحکہ خیز دلائل سامنے آئے جن میں سے ایک نبی کریم ﷺ کی اُمّیّت کا انکار ہے۔

زیرِ نظر بحث میں اس موضوع پر مستشرقین کے الزامات کا جائزہ لے کر رسولِ اسلام ﷺ کے اُمّی ہونے کا عالمانہ دفاع اور اُن کے زہر آلود دلائل کے رد کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ مزید بر آں مستشرقین نے قرآن کریم کے حوالے سے جو مطالعہ اور تحقیق کی اس کے بارے میں یہاں مختصراً تحریر کیا گیا۔ اس سلسلے میں مستشرقین نے قرآن کریم کا مختلف زاویوں سے جائزہ لیا۔ سب سے پہلا کام انہوں نے قرآن کریم کے معنوں کا ترجمہ کیا۔

بارہویں صدی عیسوی میں Robert of Ketton (1160ء- 1110ء) کی طرف سے کیے گئے لاطینی زبان کے ترجمے "ایک جھوٹے پیغمبر محمد کے قوانین" (Lex Mahumet Pseudoprophete)

میں جو کسی بھی یورپی زبان میں قرآن کریم کا پہلا ترجمہ تصور کیا جاتا ہے۔[1] اس میں ترجمہ کے ساتھ ساتھ تنقیدی تشریح بھی کی جس کا مقصد مسلمانوں کو اسلام سے بیزار کرنا اور عیسائیت کو قبول کرنے کی طرف راغب کرنا تھا۔ اس کے بعد لوڈویک مراسی، پھر جارج سیل اور بعد ازاں جرمن زبان میں Gustav Flugel (1802-1870) کا ہے۔

ان تمام مستشرقین کے قرآن کریم کے بارے میں جو من گھڑت دعوے سامنے آئے ہیں ان میں پہلا دعویٰ یہ ہے کہ قرآن کریم کا مصدر یہودیت اور عیسائیت ہے۔ اور وہ یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ چونکہ قرآن کریم میں پرانے زمانے کے لوگوں کے قصص ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے تورات اور انجیل سے اخذ کیے ہیں۔

جیسا کہ مستشرق الفریڈ گیوم "Alfred Juillaume" (۱۸۸۸ء-۱۹۶۶ء) اور منٹگمری واٹ Watt وغیرہ کے تمام مطالعے کا محور قرآن کی بشریت کا دعویٰ اور یہ کہ محمد ﷺ نے قرآن یہودیت اور نصرانیت سے اخذ کیا ہے، پر تھا۔ اس سلسلے میں الفریڈ گیوم کی دو کتابیں "الاسلام" ۱۹۵۴ء میں Penguim سے اور "حیات محمد" ۱۹۵۵ء میں آکسفورڈ سے شائع ہوئی۔ اور واٹ کی "محمد ﷺ مکہ میں" "یا محمد ﷺ کا مکہ"[2] وغیرہ۔

اسی طرح ایک امریکی ادیب مستشرق ایچ۔ اے ولفسن (۱۸۸۷-۱۹۷۴ء) نے (The Philosophy of the Kalam) نامی کتاب میں بھی خرافات کی انتہا کر دی۔ جو Harward University Press سے ۱۹۷۶ء میں شائع ہوئی تھی۔

مسٹر ولفسن جب ترجمہ کرتے ہیں تو وہ معنی اور مراد سے ہٹ کر کرتے ہیں، حتیٰ کہ ایک ہی آیت کے اندر موجود قرآئن، آیتوں کے سیاق وسباق کی کوئی پروانہیں کرتے اور ترجمہ ٹھونس دیتے ہیں۔ مثلاً "یحیی ویمیت" کا ترجمہ کرتے ہیں "He, Maketh and Killeth" یعنی "یمیت" کا ترجمہ "قتل" سے کرتے ہیں۔[۳] اس کا صحیح ترجمہ انگریزی میں اس طرح بنتا ہے۔

(Allah Makes and causes die)

اسی طرح ایک یہودی مستشرق ابرھام جیگر "Geiger Abraham" بھی قرآن کا مصدر تورات بتاتے ہیں۔[۴]

جب ہم ایڈورڈ پالمر Palmer Edward Henery (1840-1882)، انگریز مستشرق اور جاسوس کے ترجمہ کو دیکھتے ہیں تو وہ لفظی ترجمہ پر زیادہ توجہ دیتے ہیں۔ چونکہ وہ اپنے اسلاف کی طرح یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ قرآن کریم حضرت محمد ﷺ کی تالیف کردہ ہے۔ اس لیے قرآن کی زبان میں کھردرا پن، سختی اور کجی بہت ہے کیونکہ حضرت محمد ﷺ فصیح اللسان نہیں تھے۔ مذکورہ شخص اپنے ترجمہ کے بارے میں لکھتا ہے کہ میں نے قرآن کا لفظی ترجمہ کیا ہے اور جہاں جہاں زبان کی سختی اور تعبیر میں کوئی عدم وقار ہو تو میں نے انگریزی میں بھی اسی طرح ترجمہ کرنے میں کوئی عار محسوس نہیں کی۔

مسٹر پالمر چونکہ دشمنِ اسلام ہے اس لیے وہ شہد کو بھی زہر کی نظر سے دیکھتا ہے جو کہ تعصب کی انتہا ہے۔ قرآن کریم نہ محمد ﷺ کی تالیف کردہ ہے اور نہ آپ ﷺ کی زبان میں کھردراپن یا سختی ہے بلکہ آپ ﷺ کے عرب وعجم کے دشمن آپ ﷺ کی فصاحت وبلاغت کے قائل ہیں۔ اور یہ اعتراضات خود ہی پالمر صاحب کی کم علمی اور کج فہمی کے لیے کافی ہیں۔[۵]

قرآن کریم کے متعلق ان مستشرقین کے مختلف الانواع اعتراضات آپ کو ملیں گے، اور یہ سب مستشرقین اس پر متفق ہیں کہ یہ کتاب محمد ﷺ کی تالیف کردہ ہے، اس پر ان کے مضحکہ خیز دلائل بھی ملاحظہ فرمائیں۔

لکھتے ہیں:

۱) آپ ﷺ نے مختلف افکار و قصص یہودیت اور نصرانیت سے اخذ کیے ہیں اور پھر آپ ﷺ نے اس کو قرآن کا حصہ بنایا [۶]۔ (جیسا کہ ہم نے عرض کیا تھا)۔

۲) محمد ﷺ ایک عبقری انسان تھے، اس نے بعد میں امت بنانے میں جو کردار ادا کیا وہ پہلے سے ایک طے شدہ منصوبہ بندی کے تحت تھا [۷]۔

۳) اس نے شعر و سخن میں کمال حاصل کیا تھا تاکہ قرآن میں ایک ربط و نظم رہے [۸]۔

۴) لفظ وحی سے مراد "نصوص کا الہام الٰہی" نہیں بلکہ اشارے یا Suggestion یا ایک وہمی تکلم Intellectual Locution مراد ہے [۹]۔

۵) قرآن کے اندر بہت سی سائنٹفک غلطیاں ہیں بالخصوص کائنات کے بارے میں، اور بہت سے غیر عربی الفاظ کا قرآن کریم میں موجود ہونا اس بات کی دلالت کرتا ہے کہ یہ محمد ﷺ کی تالیف کردہ کتاب ہے [۱۰]۔

اس سلسلے میں علماء اسلام ان اعتراضات کا تین زاویوں سے ردّ کرتے ہیں۔

(ا) چونکہ کتب سماوی کا مصدر ایک ہی ہے اس لیے اگر ان قصص میں کوئی تشابہ ہے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

(ب) کتب سابقہ میں جو قصص مذکور ہیں وہ تحریفات پر مشتمل ہیں۔ اور ان میں مادی پہلو اور انسانی ہاتھ کا زیادہ عمل دخل ہے۔ اس لیے اس پر پردہ ڈالنے کے لیے یہ دعویٰ کرتے ہیں۔ نیز کتب سابقہ میں ان قصص کے بارے میں ایسی فحش تصویر کشی کی گئی ہے کہ ایک کتاب مقدس کو اس کا احاطہ زیبا نہیں ہے۔

(ج) یہ کہ رسول اللہ ﷺ امی تھے، یعنی نہ پڑھ سکتے تھے اور نہ لکھ سکتے تھے۔ اور نہ یہ ثابت ہے کہ بعثت سے پہلے کسی یہودی یا عیسائی سے آپ ﷺ کی قرابت اور تعلق ہو۔ تو آپ ﷺ نے کسی طرح یہ قرآن ان سے لیا ہو۔ اور اگر یہ ثابت ہو تو قریش ضرور واویلا مچادیتے اور آپ ﷺ کی تابعداری نہ کرتے۔

چونکہ مستشرقین کا زیادہ زور رسول اللہ ﷺ کی اُمّیّت سے انکار پر ہے[۱۱]۔ کیونکہ اسی امیت سے قرآن کریم کا معجزہ ثابت ہوتا ہے اس لیے ہم بھی اس بحث میں ان ہی کی آراء کا جائزہ لیں گے اور اُن پر رد کریں گے۔

لفظ "اُمّی" قرآن مجید میں متعدد جگہوں پر استعمال ہوا ہے اور اس کے معنی ہیں "مَن لَا یقرأ وَلَا یکتُب" جو نہ لکھ سکتا ہو نہ پڑھ سکتا ہو۔ مثلاً ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿اَلَّذِیۡنَ یَتَّبِعُوۡنَ الرَّسُوۡلَ النَّبِیَّ الۡاُمِّیَّ الَّذِیۡ یَجِدُوۡنَہٗ مَکۡتُوۡبًا عِنۡدَہُمۡ فِی التَّوۡرٰىۃِ وَالۡاِنۡجِیۡلِ﴾ [۱۲].

ترجمہ: وہ لوگ جو پیروی کرتے ہیں اس رسول کی جو نبی اُمی ہیں جن (کے اوصاف) کو وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿قُلۡ یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ اِنِّیۡ رَسُوۡلُ اللّٰہِ اِلَیۡکُمۡ جَمِیۡعًا الَّذِیۡ لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ ۫ فَاٰمِنُوۡا بِاللّٰہِ وَرَسُوۡلِہِ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ الَّذِیۡ یُؤۡمِنُ بِاللّٰہِ وَکَلِمٰتِہٖ وَاتَّبِعُوۡہُ لَعَلَّکُمۡ تَہۡتَدُوۡنَ﴾ [۱۳].

ترجمہ: آپ کہہ دیجیے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا بھیجا ہوا (پیغمبر) ہوں (وہ) جو آسمانوں اور زمین کا بادشاہ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندگانی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے۔ تو اللہ پر اور اس کے رسول، پیغمبر اُمّی پر جو اللہ پر، اور اس کے تمام کلام پر ایمان رکھتے ہیں، ایمان لاؤ اور ان کی پیروی کرو تاکہ ہدایت پاؤ۔

یہ دو آیتیں رسول اللہ ﷺ پر منطبق ہوتی ہیں۔ قرآن کریم میں کلمہ "امی" بصورت "امیین" چار جگہوں پر آیا ہے:

۱۔ ﴿ہُوَ الَّذِیۡ بَعَثَ فِی الۡاُمِّیّٖنَ رَسُوۡلًا مِّنۡہُمۡ یَتۡلُوۡا عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتِہٖ وَیُزَکِّیۡہِمۡ وَیُعَلِّمُہُمُ الۡکِتٰبَ وَالۡحِکۡمَۃَ ۚ وَاِنۡ کَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ لَفِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ﴾ [۱۴].

ترجمہ: وہی تو ہے جس نے اَن پڑھوں میں انہی میں سے (محمد ﷺ کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے اور ان کو پاک کرتے اور (اللہ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں۔ اور اس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔

۲۔ ﴿فَاِنۡ حَآجُّوۡكَ فَقُلۡ اَسۡلَمۡتُ وَجۡهِىَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلۡ لِّلَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ وَالۡاُمِّيّٖنَ ءَاَسۡلَمۡتُمۡ ؕ فَاِنۡ اَسۡلَمُوۡا فَقَدِ اهۡتَدَوۡا ۚ وَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا عَلَيۡكَ الۡبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ﴾ (۱۵).

ترجمہ: (اے پیغمبر ﷺ!) پھر بھی اگر یہ لوگ آپ سے جھگڑیں تو فرما دیجیے میں اور میرے پیرو تو اللہ کے فرمانبردار ہو چکے۔ اور اہلِ کتاب اور اَن پڑھ لوگوں سے کہیے کہ کیا تم بھی (اللہ کے فرمانبردار بنتے اور) اسلام لاتے ہو؟ اگر یہ لوگ اسلام لے آئیں تو بے شک ہدایت پالیں گے اور اگر منہ پھیریں تو آپ کا کام صرف اللہ کا پیغام پہنچا دینا ہے۔ اور اللہ (اپنے) بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

۳۔ ﴿وَمِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ مَنۡ اِنۡ تَاۡمَنۡهُ بِقِنۡطَارٍ يُّؤَدِّهٖۤ اِلَيۡكَ ۚ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ اِنۡ تَاۡمَنۡهُ بِدِيۡنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖۤ اِلَيۡكَ اِلَّا مَا دُمۡتَ عَلَيۡهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ قَالُوۡا لَيۡسَ عَلَيۡنَا فِى الۡاُمِّيّٖنَ سَبِيۡلٌ ۚ وَيَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ﴾ (۱۶).

ترجمہ: اور اہلِ کتاب میں سے کوئی ایسا ہے کہ اگر تم اس کے پاس (مال و دولت کا) ڈھیر امانت رکھ دو تو تم کو (فوراً) واپس دے دے۔ اور کوئی اس طرح کا ہے کہ اگر اس کے پاس ایک دینار بھی امانت رکھو تو جب تک اس کے سر پر ہر وقت کھڑے نہ رہو تمہیں دے ہی نہیں۔ یہ اس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ اُمیوں (غیر یہودیوں) کے بارے میں ہم سے مواخذہ نہیں ہو گا۔ یہ اللہ پر محض جھوٹ بولتے ہیں اور (اس بات کو) جانتے بھی ہیں۔

۴۔ ﴿وَمِنۡهُمۡ اُمِّيُّوۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ الۡكِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِىَّ وَاِنۡ هُمۡ اِلَّا يَظُنُّوۡنَ﴾ (۱۷).

ترجمہ: اور بعض ان میں اَن پڑھ ہیں کہ اپنے خیالات (یا جھوٹی آرزوؤں) کے سوا (اللہ کی) کتاب سے واقف ہی نہیں۔

پہلی دو آیتوں میں لفظ "امی" رسول اللہ ﷺ کا بطور صفت بیان فرمایا ہے۔ اس پر تمام مفسرین اور لغت کے ماہرین متفق ہیں، اس کی تفصیل مستشرقین کے آراء کے بعد بیان کریں گے لیکن نمونہ کے طور پر لسان العرب میں ابن منظور صاحب لکھتے ہیں:

"محمد ﷺ اللہ کے نبی کی صفت "اُمّی" بیان کرنے کا مقصود یہی ہے کہ امت عربی نہ لکھنا جانتے تھے نہ پڑھنا، تو اللہ تعالیٰ نے ان ہی میں سے ایک رسول کو بھیجا جو خود بھی لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے، اور یہ ان کے معجزات میں سے ایک معجزہ تھا کہ وہ، ان کو اللہ تعالیٰ کی کتاب، جو ان پر اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی اتارا، بغیر کسی تبدیلی اور تغیر کے ان کو سنائیں۔ جبکہ عرب کے خطباء کا یہی طریقہ رہا کہ وہ ہر خطبہ میں حذف واضافت کے ساتھ گردانتے تھے تو حکمت الٰہی کا یہی تقاضا تھا کہ اس کی منزّل کتاب محفوظ رہے اور نبی پر جو نازل ہوا ہو اس میں اس کا کوئی عمل دخل نہ ہو۔

اس وجہ سے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَمَا كُنتَ تَتْلُوا مِنْ قَبْلِهِ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ﴾ (۱۸).

ترجمہ: اور تم اس سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اسے اپنے ہاتھ سے لکھ ہی سکتے تھے۔ ایسا ہوتا تو اہل باطل ضرور شک کرتے۔

اس بیان سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے کہ "اُمّی" وصف ہے اس شخص کا جو لکھنا پڑھنا نہیں جانتا ہو اور یہ وصف قرآن نے رسول اللہ ﷺ کے لیے استعمال کیا۔ اور "اُمّی" لفظ "اُمّۃ" سے مشتق ہے جس کے معنی "اُمّۃ العرب" ہے کیونکہ عمومی طور پر عرب "اُمّی" تھے۔ اسی وجہ سے عرب کو "امیین" کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ کہ ان میں خط وکتابت بہت نادر تھی یا بلکہ مفقود تھی، اور اس کی تائید رسول اللہ ﷺ کی حدیث سے ہوتی ہے فرماتے ہیں "بعثت إلى أمة أمية" میں ایک امی امت کی طرف بھیجا گیا ہوں۔

اُمّیّتِ رسول ﷺ میں حکمت:

اس میں کوئی شک نہیں کہ نبی کریم ﷺ "امی" پیدا ہوئے اور نبوت ملنے تک "امی" ہی رہے۔ اور یہ جناب رسول اللہ ﷺ کے کمالات اور معجزات میں سے ایک معجزہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ﴾ (۱۹).

ترجمہ: وہی تو ہے جس نے اَن پڑھوں میں انہی میں سے (محمد ﷺ کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے اور ان کو پاک کرتے اور (اللہ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں۔ اور اس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔

رسول اللہ ﷺ کی صفت "اُمّی" کہ وہ امیّین پر اللہ تعالیٰ کی آیات تلاوت کرتے ہیں اور ان کو اس کتاب کی تعلیم دیتے ہیں اور ان کو پاک کرتے ہیں، جیسا کہ امم سابقہ کو انبیاء کرام علیہم السلام کتاب کی تعلیم دیتے تھے اور ان کو حکمت سکھاتے تھے وغیرہ یہ تمام اوصاف رسول اللہ ﷺ کی صفت اُمّیّت کے باوجود بھی بدرجہ اتم موجود تھیں کیونکہ امم سابقہ امیین میں سے نہیں تھیں۔

علامہ فخر الدین رازی صاحب فرماتے ہیں کہ "رسولاً منهم" سے مراد محمد ﷺ ہیں کہ آپ ﷺ ان ہی کے نسب اور حسب سے تھے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔

﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ﴾ (۲۰)

ترجمہ: (لوگو!) تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک پیغمبر آئے ہیں۔

چونکہ کتب سابقہ میں نبی الامّی کی بشارت آئی تھی لہذا اس کا لکھنا پڑھنا نہ جاننا آپ ﷺ کی صداقت پر دلالت کرتا ہے (۲۱)۔

علامہ سیوطی اور ابن جوزی لکھتے ہیں کہ صفت "اُمّی" تورات اور انجیل میں نبی کریم ﷺ کے لیے استعمال ہوا تھا کہ وہ لکھنا پڑھنا نہیں جانتا ہو گا تو یہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے (۲۲)۔

علامہ زرکشی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اُمّی تھے لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے جب آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی تھی تو آپ زبان کو حرکت میں لاتے تھے تو حکم ہوا کہ آپ زبان کو نہ ہلائیں اور ہم جو نازل کر رہے ہیں اس کو غور سے سنیں، اس سب کو محفوظ کرنا، آپ کو یاد کرانا اور آپ کے سینے میں جمع کرنا ہمارا کام ہے [۲۳]۔

مستشرقین کی آراء کا جائزہ

۱۔ سپرنگر Aloys Sprenger (۱۸۱۳ء-۱۸۹۳ء) اپنی کتاب The Life of Muhammad" تین جلدوں کی کتاب میں تین زاویوں سے لفظ "اُمّی" کے بارے میں اپنے مذموم خیالات کا اظہار کرتے ہیں:

جلد اوّل میں لکھتے ہیں "کہ محمد ﷺ سے پہلے جزیرۃ العرب، اہلِ کتاب اور وثنیین یعنی بت پرستوں میں تقسیم تھا، اہلِ کتاب یہود، نصاریٰ اور صائبین پر مشتمل تھے جن پر آسمانی کتابیں نازل ہوئی تھیں، لیکن وثنیین کے لیے کوئی چیز نہیں تھی۔۔۔۔۔۔"

آگے جلد دوم میں تدریجی طور پر لکھتا ہے کہ " اُمّی سے مراد بت پرست ہے"۔ اور پھر جلد سوم میں لکھتا ہے "کہ اُمّی سے مراد وہ انسان ہے جو پڑھ سکتا ہو لیکن لکھ نہ سکتا ہو، استدلال میں قرآن کریم کی آیت پیش کرتا ہے کہ ﴿وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ﴾

ترجمہ: اور بعض ان میں اَن پڑھ ہیں کہ اپنے خیالات (یا جھوٹی آرزوؤں) کے سوا (اللہ کی) کتاب سے واقف ہی نہیں۔

مسٹر سپرنگر آیت کی تشریح اس طرح کرتے ہیں کہ "ان میں سے امیین ہیں جو لکھنا نہیں جانتے لیکن پڑھ سکتے ہیں، یعنی أَمَانِيَّ سے مراد وہ پڑھنا لیتے ہیں" [۲۴]۔

مسٹر سپرنگر حضرت جعفر صادق سے منسوب ایک شاذ روایت پر اعتماد کرتے ہوئے نقل کرتے ہیں کہ امی سے مراد وہ شخص ہے جو پڑھ سکتا ہو لیکن لکھ نہ سکتا ہو۔ اور یہ قول اس نے ایک انگریز ایڈورڈ ولیم کی ایک کتاب سے لیا ہے" [۲۵]۔

۲۔ مستشرق وینسنک: A.J. Wensink (1881ء-1939ء)

اسلام دشمن جرمن مستشرق مسٹر وینسنک "Eastern Affairs" نامی رسالہ میں اپنے مقالہ "عقیدہ الاسلام" میں لفظ اُمّی کے بارے میں وہی کہتا ہے جو ان سے پچاس سال پہلے سپرنگر نے کہا تھا نیز اس کے نزدیک لفظ اُمّی سے مراد اہلِ کتاب کے علاوہ اقوام مراد ہیں۔ لیکن وینسنک نے اس میں اضافہ کر کے لکھا ہے کہ لفظ "اُمّی" اُمۃ سے مشتق ہے۔ اور اس کے معنی ہیں بت پرست قوم! نسل اور یہ عبرانی لفظ "جویم" کے مترادف ہے۔

مسٹر وینسنک کی جدّت یہ ہے کہ اس نے عربی لفظ "اُمّۃ" کا عبرانی لفظ "جویم" سے موازنہ کیا ہے۔

یہ ٹھیک ہے کہ لفظ "جویم" تورات کی "سفر التکوین" میں موجود ہے لیکن لفظ "جویم" کے بارے میں یہودیوں کے اندر بھی اختلاف ہے کوئی اس سے مراد "ایک بادشاہ لیتے ہیں جس نے وادی اردن میں ایک بادشاہ پر چڑھائی کی تھی"، کوئی اس سے مراد "قوم" لیتے ہیں، اس لیے ان کے ہاں اس کا کوئی واضح معنی نہیں پایا جاتا، اور نہ یہ لفظ اسلام کی آمد سے پہلے عرب میں معروف تھا تو یہ وینسنک کا ایک مفروضہ ہے [۲۶]۔

۳۔ جوزف ہروٹیز (osef Horovitz) (1874ء-1931ء)

اسلام دشمن یہودی عالم جرمن مستشرق ہروٹیز نے اس سلسلے میں اپنے دو مقالوں "قرآن کریم میں یہودی ناموں اور اس کا اشتقاق" اور "قرآنی مباحث[۲۷]" میں "اُمّی" کا ترجمہ اپنی عبرانی تعبیر کے مطابق کر کے لکھتا ہے کہ "اُمۃ ھاعولام" یعنی اسرائیلی قوم کے مقابل اقوام عالم"، آگے لکھتا ہے کہ "اُمّی" کی صفت سیدنا محمد ﷺ کے لیے مناسب نہیں ہے کیونکہ اس سے مراد "کافر" یا "بت پرست" ہے۔ تو اس صفت سے موصوف ہونا ایک قسم کی اہانت ہے [۲۸]۔

۴۔ فرانٹس بوہل Frants Buhl (1850-1932ء)

مسٹر بوہل لکھتے ہیں کہ محمد ﷺ فن قراءت و کتابت سے واقف تھے، لیکن یہود و نصاریٰ کی مقدس کتابوں کے فہم سے قاصر تھے۔۔۔ یا یہ کہ کسی نے ان کو اس کی تعلیم دی ہو جب وہ کسی عبارت یا قصے کو تورات سے نقل کرتے تھے [۲۹]۔

۵۔ نیلنو (Carlo Alfanso Nallino) (1872-1938)

یہ ایک ایطالی مستشرق ہے، لکھتے ہیں کہ محمد ﷺ صرف عربوں کے لیے آئے تھے جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام قومِ اسرائیل کے لیے مبعوث ہوئے تھے، اور عیسیٰ علیہ السلام فلسطینیوں کے لیے آئے تھے۔

ڈاکٹر عبد الرحمن بدوی اس کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ نبی محمد ﷺ ایک عالمگیر پیغمبر تھے، انہوں نے ۶۲۸ء میں اس وقت دنیا کے چار بڑے بادشاہوں کو خط لکھے تھے تو اس سے یہ عیاں ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کی رسالت دنیا کی تمام اقوام کے لیے تھی، اگر یہ صرف عربوں کے لیے آئے ہوتے تو پھر انہوں نے بادشاہوں کو دعوتِ اسلام کیوں دی؟

اور ساتھ ہی قرآن کریم ہی کے اندر یہ وضاحت ہے کہ رسول اللہ ﷺ تمام عالم کے لیے مبعوث ہیں۔ کیونکہ لفظ "اُمّی" کی نسبت لفظ "امم" کی طرف ہے جو کہ جمع ہے امت کا یعنی لفظ "اُمّی" مشتق ہے "امم" سے جس کے مفرد کے معنی ہیں "عالمی" پس "النبی الامی" سے مراد "النبی العالمی" ہے۔ اور قرآن کریم میں جو لفظ "الامیین" جمع کے صیغہ کے ساتھ چار مرتبہ آیا ہے یعنی سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۷۸ میں، سورۃ آلِ عمران کی آیت نمبر ۲۰ اور ۷۵ میں اور سورۃ الجمعہ کی آیت نمبر ۲ میں، اس کے معنی ہیں مختلف امم یا تمام اقوام عالم پس لفظ "اُمّی" نبی کریم محمد ﷺ پر منطبق ہوتا ہے جس کے معنی ہیں "عالمی" یعنی تمام اقوام عالم کے لیے مبعوث، اور لفظ "الامیین" کے معنی ہیں "تمام اقوام عالم" (۳۰)۔

اور ڈاکٹر بدوی صاحب آیت کریمہ ﴿وَمِنْهُمْ اُمِيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ﴾ کے بارے میں لکھتے ہیں کہ "امیون" کتب مقدسہ سے واقف نہیں تھے۔ اور اس بات پر ان کو ملامت نہیں کیا جاسکتا اگر ایسا ہو تو پھر عیسائی بھی بدھ مت کی کتابوں کو نہیں جانتے تھے۔۔۔ (۳۱)۔

۶۔ مستشرق ہوارٹ کا یہ الزام ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے شام کے سفر میں بصریٰ کے پادری بحیرا الناصری سے شام کے قریب ملاقات کی تھی جنہوں نے آپ کو مذاہب کے بارے میں بتایا تھا۔ نیز یہ کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو وہ سورتیں سکھایا کرتے تھے جو قرآن کریم میں وارد ہوئیں (۳۲)۔

افتراء پردازی کی انتہا ہے اور خلافِ عقل الزام بھی ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ شام کے سفر میں جب روانہ ہوئے تھے تو اس وقت آپ ﷺ کی عمر ۱۲ سال تھی۔ اور سفر میں

مذکورہ پادری سے جو ملاقات ہوئی تھی وہ اس پادری سے آپ ﷺ کی زندگی کی پہلی اور آخری ملاقات تھی ۔ یہ ملاقات ۵۸۲ء میں ہوئی تھی اور قرآن کا نزول ۶۱۰ء میں شروع ہوا تھا، یعنی رسول اللہ ﷺ کی پیدائش کے ۴۰ سال بعد، اس ملاقات کے ۲۸ سال کے بعد قرآنی سورتوں کا نزول شروع ہوا۔ سیرت کی کتابوں میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ ۲۸ سال کے اس عرصے میں بلکہ ۶۲۱ء تک ہجرت مدینہ سے پہلے مکہ میں رہے، اس عرصے میں پادری بحیرا سے نہ مکہ میں آپ ﷺ کی ملاقات ہوئی نہ مدینہ میں کہ وہ آپ ﷺ کو سورتیں سکھاتے۔ نہ اس وقت اتنی تیز ٹیکنالوجی تھی کہ سینکڑوں میل دور پادری ان کو بذریعہ ٹیلکس یا انٹرنیٹ سکھاتے (یا للعجب)!

مستشرقین جس افترا پردازی کا دعویٰ کر رہے ہیں وہ اس کتاب یا ماخذ جس کی بنیاد پر یہ دعویٰ کر رہے ہیں پیش نہیں کر سکتے اور نہ کر سکیں گے۔ ان شاء اللہ، کیونکہ یہ ان کی اپنی گھڑی ہوئی چالیں ہیں۔

مستشرقین کی ایک جماعت جن میں کلیمان ہوار، یہودی مستشرق مارگولیتھ اور جاسٹان فیٹ مصنف کتاب "Glory of Islam" وغیرہ کا الزام ہے کہ قرآن کریم اللہ کا نازل کردہ کلام نہیں ہے بلکہ وہ رسول اللہ ﷺ کی اپنی تصنیف ہے [۳۳]۔

یہ ایک ایسا جھوٹا الزام ہے جس کی کوئی بنیاد نہیں، ہر شخص کو یہ معلوم ہے کہ آپ ﷺ کا بنیادی پیشہ بکریاں چرانا اور تجارت کرنا تھا، زندگی کے کسی بھی مرحلے میں آپ ﷺ نے کوئی تعلیم حاصل نہیں کی تھی، لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے، اُمّی تھے، ۵۳ سال تک مکہ مکرمہ میں رہے کسی سے کوئی پڑھنا لکھنا نہیں سیکھا۔

مکہ میں ۸۶ سورتیں اور مدینہ منورہ میں ۲۸ سورتیں نازل ہوئیں کل ملا کر ۱۱۴ سورتیں ہو گئیں۔ تو پھر کیسے ایک انسان جو لکھنا پڑھنا نہیں جانتا وہ ۱۱۴ سورتوں کی تصنیف کر سکتا ہے جو ۶۶۶۶ آیتیں، ۷۷۸۴۵ الفاظ اور ۳۳۰۷۳۳ حروف پر مشتمل ہیں، ادبی فصاحت و بلاغت کا ایک معجزہ اور حکمت کی باتوں پر مبنی کتاب کی ایک امی شخص خود تصنیف کرے، بھلا یہ سب کیسے ممکن ہے؟!!!

درحقیقت مستشرقین رسول اللہ ﷺ کی اندھی دشمنی میں ایسی چیزوں کا تصور پیش کرتے ہیں جن کا عقل تصور بھی نہیں کر سکتی۔

۷۔ سٹوبرٹ: لکھتے ہیں کہ غالب گمان یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ "اُمّی" نہیں تھے۔ کیونکہ اسلامی تاریخ میں بعض واقعات اس بات کی دلالت کرتے ہیں جیسا کہ صلح حدیبیہ کے معاہدے کو رسول اللہ ﷺ نے خود تحریر فرمایا (۳۴)۔ اس مستشرق کے تاریخی مطالعے کی درستگی عنقریب کریں گے۔

۸۔ مونٹگمری واٹ (Montgomery Watt) مونٹگمری واٹ ہمیشہ اپنی غیر جانبداری کا اعلان کرتا رہا ہے لیکن اس کی کتاب "Mohammad at Mecca" تعصب اور رسول پاک ﷺ کی شان عظیم میں اور اس پر منزّل کتاب کے بارے میں شکوک وشبہات پیدا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتی۔ اور خصوصاً اُمیت رسول ﷺ کے انکار اور تشکیک میں اپنے اسلاف کے نقشِ قدم پر چلتا رہا۔

مسٹر واٹ "ما أنا بقارئ" کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"محمد ﷺ کا قول "ما أقرأ" جو فرشتہ کے قول " اقرأ" کے جواب میں کہا تھا کی تفسیر "میں قرات یا تلاوت نہیں کر سکتا ہوں" ہونا چاہیے۔ کیونکہ ابن ہشام کی روایت بھی "ما أقرأ" اور "ماذا أقرأ" اور "ماذا أتلو" یعنی میں کس چیز کی تلاوت کروں، جو کہ "ما أقرأ" کا ایک فطرتی معنی ہے۔۔۔ پھر آگے لکھتے ہیں کہ یہ بالکل واضح ہے کہ متاخرین اور تقلیدی مفسرین مذکورہ معنی بیان کرنے سے احتراز کرتے ہیں کیونکہ یہ کلمات اور معانی ان کے اس عقیدہ کی بنیاد ہے کہ رسول اللہ ﷺ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے۔ اور یہ بات قرآنی معجزہ کا اہم عنصر ہے" (۳۵)۔

واٹ صاحب آگے حدیث کے راویوں پر الزام لگاتے ہیں ان کے بقول "متاخرین راوی ایسی من گھڑت روایتیں پیش کرتے ہیں جس سے امیت محمدی ثابت ہوتی ہے" حالانکہ امیت محمدی ان متاخرین راویوں کی گھڑی ہوئی باتیں ہر گز نہیں ہیں۔

اس کے علاوہ واٹ اور دوسرے مستشرقین کا الزام ہے کہ رسول اللہ ﷺ بالکل امی نہ تھے کیونکہ وہ کامیاب تاجر تھے اور تجارت کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ حساب کتاب برابر رکھنے کے لیے لکھنا پڑھنا جانتا ہو" اور اس وقت مکہ کے اکثر لوگ لکھنا پڑھنا جانتے تھے (۳۶)۔

اس اندھے متعصب کا علمی محاسبہ آخری مستشرق باربہ کے بعد کریں گے۔

۹۔ فرانسیسی مستشرق باریہ لکھتے ہیں:

﴿وَمِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ مَنۡ اِنۡ تَاۡمَنۡهُ بِقِنۡطَارٍ يُّؤَدِّهٖۤ اِلَيۡكَ ۚ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ اِنۡ تَاۡمَنۡهُ بِدِيۡنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖۤ اِلَيۡكَ اِلَّا مَا دُمۡتَ عَلَيۡهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ قَالُوۡا لَيۡسَ عَلَيۡنَا فِى الۡاُمِّيّٖنَ سَبِيۡلٌ ۚ وَيَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ﴾ (۳۷)

ترجمہ: اور اہلِ کتاب میں سے کوئی ایسا ہے کہ اگر تم اس کے پاس (مال و دولت کا) ڈھیر امانت رکھ دو تو تم کو (فوراً) واپس دے دے۔ اور کوئی اس طرح کا ہے کہ اگر اس کے پاس ایک دینار بھی امانت رکھو تو جب تک اس کے سر پر ہر وقت کھڑے نہ رہو تمہیں دے ہی نہیں۔ یہ اس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ اُمیوں (غیر یہودیوں) کے بارے میں ہم سے مواخذہ نہیں ہوگا۔ یہ اللہ پر محض جھوٹ بولتے ہیں اور (اس بات کو) جانتے بھی ہیں۔

اس آیت میں امیین سے مراد وہ لوگ نہیں جو لکھنا پڑھنا نہیں جانتے بلکہ اہل کتاب نے اس کو بت پرستوں کے لیے استعمال کیا تھا۔ اور محمد ﷺ کے لیے لفظ "اُمّی" کے جو معنی مراد لیا جاتا ہے اس کا صحیح تعین نہیں کیا جاسکتا ہے کیونکہ بعض لغوی عوامل لفظ "اُمّی" کا معنی "جو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو" کی تحدید مشکل ہے۔

عربی زبان میں لفظ "اُمّی" اور عبرانی میں "اماع" اور آرامی زبان میں "امیتا" اُس امت پر دلالت نہیں کرتا جو جہالت کی حالت میں ہو۔ بعض لوگوں نے لفظ امی کا اطلاق محمد ﷺ پر کیا ہے کہ وہ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ لفظ "امی" کا اس مسئلے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کیونکہ آیت ﴿وَمِنۡهُمۡ اُمِّيُّوۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ الۡكِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِىَّ﴾ میں "امیّین" سے مراد وہ نہیں جو لکھنے پڑھنے سے عاری ہوں، بلکہ مقصود یہ ہے کہ یہ لوگ منزل آسمانی کتابوں کی معرفت سے نابلد ہوں (۳۸)۔

بظاہر علمی دعویٰ لیکن انتہائی جہالت پر مبنی، اور اندھے تعصب سے بھرپور الزام اور بغیر سند کے ریمارکس؟!!" ﴿وَهُوَ فِى الۡخِصَامِ غَيۡرُ مُبِيۡنٍ﴾ (۳۹)

لفظ "اُمّی" کی لغوی تحقیق اور مستشرقین کی آراء کا علمی محاسبہ

مستشرقین کی آراء کا جائزہ لینے اور ان کے اعتراضات اور شبہات کے جوابات سے پہلے لفظ "امی" کی تحقیق بے حد ضروری ہے۔

لفظ "اُمّی" کا لغوی مفہوم:

ابن منظور کہتے ہیں کہ لفظ "اُمّی" اس کو منسوب کرتے ہیں جو کوئی اپنی ماں کی خصلت پر ہو یعنی جو نہ لکھ سکتا ہو نہ پڑھ سکتا ہو وہ "اُمّی" کہلاتا ہے کیونکہ لکھنا ایک کسبی چیز ہے جو تعلیم سے حاصل کی جاتی ہے یا اس کو جو "اُمّ" سے منسوب کیا جاتا ہے گویا کہ ماں نے جس حالت میں اس کو جنا ہے، وہ اسی حالت پر ہے یعنی لکھنا پڑھنا نہیں جانتا (۴۰)۔

شہاب الدین الزہری لکھتے ہیں کہ لفظ "اُمّی" اس شخص کے لیے استعمال ہوتا ہے جو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو۔ کیونکہ وہ ابھی بھی اسی حالت میں ہے جس حالت میں اس کو ماں نے جنا تھا، اور کتابت کسبی چیز ہے جو تعلیم سے حاصل کی جاتی ہے اس طرح قراءت یعنی پڑھنا، کسی کتاب کا ہی ہوتا ہے (۴۱)

راغب اصفہانی صاحب فرماتے ہیں۔

" اُمّی وہ ہوتا ہے جو نہ لکھ سکتا ہو نہ کتاب سے پڑھ سکتا ہو " (۴۲)۔

ابن قتیبہ کے نزدیک " لفظ اُمّی اس کو کہتے ہیں جو نہ لکھ سکتا ہو، کیونکہ یہ امت عرب کو منسوب ہے یعنی عرب بطور جماعت جو لکھنا نہیں جانتے تھے " (۴۳)۔

الشیخ محمد عبدالعظیم الزرقانی فرماتے ہیں کہ "اس سے مراد یہ نہیں کہ تمام امت عرب لکھنے پڑھنے سے قاصر تھی، بلکہ ان میں سے کچھ لوگوں کے بارے میں ذکر ہوا ہے کہ وہ لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ اور قریش کے اندر کچھ لوگ ایسے تھے جنہوں نے اسلام کی آمد سے تھوڑا عرصہ پہلے لکھنا سیکھ لیا تھا یہ اللہ کی طرف سے نبی ﷺ کی بعثت کے کچھ آثار اور اشارے دیتے تھے اور دینِ اسلام اور آمد رسول ﷺ کی ایک تمہید کی مانند تھی کہ جب وحی نازل ہو جائے تو اس کی کتابت کا بھی بندوبست ہو اور اس منزل کتاب کی حفاظت ہو۔ پس حکم امیت اس امت پر بطور کثرت اور غلبہ کے ہے، تمام امت پر نہیں " (۴۴)۔

اس سے واضح ہوتا ہے کہ لفظ "اُمّی" لغت کے آئمہ کے نزدیک اس شخص کو کہتے ہیں جو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو، اور جو مستشرقین کے نزدیک اس کے معنی ہیں غیر کتابی یا غیر یہودی یا بت پرست وغیرہ، ان کی اپنی گھڑی ہوئی باتیں ہیں حقیقت سے اس کا دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔

مشہور مفسرین کے نزدیک لفظ اُمّی کے معانی:

مفسرین بھی اہل لغت کے معانی پر متفق ہیں، امام طبری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، کہ امیین سے مراد وہ لوگ ہیں جو لکھنا پڑھنا نہیں جانتے۔ دلیل میں نبی کریم ﷺ کی حدیث پیش کرتے ہیں۔

((إِنَّا أُمَّةٌ أُمِّيَّةٌ، لَا نَكْتُبُ وَلَا نَحْسُبُ، الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا» وَعَقَدَ الْإِبْهَامَ فِي الثَّالِثَةِ «وَالشَّهْرُ هَكَذَا، وَهَكَذَا، وَهَكَذَا» يَعْنِي تَمَامَ ثَلَاثِينَ))
(۴۵)

ترجمہ: ہم امی امت (کے لوگ) ہیں نہ ہم لکھتے ہیں اور نہ ہم حساب کرتے ہیں مہینہ اس طرح ہوتا ہے اور اس طرح اور اس طرح اور تیسری مرتبہ میں انگوٹھے کو بند فرمالیا اور مہینہ اس طرح اور اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے یعنی مکمل تیس (دنوں) کا۔

جبکہ امام شوکانی رحمہ اللہ تعالیٰ "اُمّی" کی تفسیر بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ لفظ "اُمّی"، اُمّی امت کی طرف منسوب ہے جو ان کی ماؤں کی طرح پیدا ہوئے، وہ بھی لکھنا پڑھنا نہیں سیکھتی تھیں اور لکھی ہوئی چیزوں کو بھی نہیں پڑھ سکتی تھیں (۴۶)۔

صاحب تحفۃ الاحوذی فرماتے ہیں کہ حدیث " أنا أمة أمية۔۔۔" سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنی ماؤں سے ولادت کی سی حالت اور پرانی خصلت پر ہیں کہ انہوں نے لکھنا اور حساب کرنا نہیں سیکھا (۴۷)۔

امام قرطبی آیت کریمہ ﴿وَمَا كُنتَ تَتْلُوا مِنْ قَبْلِهِ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ﴾ (۴۸) کی تفسیر میں لکھتے ہیں "کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس بیان کی وضاحت فرمائی ہے کہ محمد ﷺ قرآن کریم سے پہلے "اُمّی" ہونے کی وجہ سے پڑھنا نہیں جانتے تھے۔ اگر وہ لکھنا پڑھنا جانتے تو جن کے دلوں میں بیماریاں ہیں وہ شک میں پڑ جاتے۔ مزید برآں "من" مجرور جب نکرہ پر لگ جاتا ہے اور وہ نافیہ ہو تو وہ مطلق زمانے پر دلالت کرتا ہے یعنی نبی کریم ﷺ نبوت سے پہلے اور نہ بعد میں لکھنا پڑھنا جانتے تھے اور نہ آپ ﷺ نے کسی سے سیکھا بلکہ وفات تک "اُمّی" ہی رہے، نہ لکھ سکتے تھے نہ پڑھ سکتے تھے۔ اور نحاس کہتے ہیں کہ یہ آپ ﷺ کی نبوت کی دلیل ہے کیونکہ آپ ﷺ نہ لکھنا جانتے تھے اور نہ ہی اہلِ کتاب سے ان کا اختلاط رہا کہ ان سے سابقہ امتوں اور انبیاء کرام کے بارے میں معلومات لے لیں پس شک وشبہ زائل ہوا" (۴۹)۔

امام زمخشری آیت ﴿هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ﴾ کے بارے میں فرماتے ہیں "کہ ان پر آیتوں کی تلاوت کرتے ہیں باوجود یکہ وہ خود بھی ان جیسے "اُمّی" ہیں نہ کبھی اس سے قراءت وارد ہے اور نہ اس کا سیکھنا، اور "اُمّی" کی قراءت یہ ایک واضح معجزہ ہے" (۵۰)۔

تفسیر جلالین میں امام جلال الدین المحلی مذکورہ آیت کی تفسیر میں الامیین سے مراد "عرب" لیتے ہیں اور ان کے نزدیک "اُمّی" وہ ہے جو نہ لکھ سکتا ہو اور نہ پڑھ سکتا ہو (۵۱)۔

اسی طرح ابو السعود بھی اپنی تفسیر میں مذکورہ آیت "امیین" سے جلالین کی طرح "عرب" لوگ مراد لیتے ہیں کیونکہ ان میں اکثریت لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے۔ اور نبی کریم ﷺ کی کتابت سیکھنے کے کوئی ثبوت نہیں۔ تو باوجود اس کے "اُمّی" ہونے کے ان پر آیتوں کی تلاوت بھی کرتے ہیں (۵۲)۔

الشیخ محمد الصابونی اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اللہ کا ارشاد ہے ﴿ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴾ " **أی وما کنت یا محمد تعرف القراءة ولا الکتابة قبل نزول هذا القرآن لأنك أمیّ**" (۵۳)۔

ترجمہ: اے محمد ﷺ آپ اس قرآن کے نزول سے پہلے نہ لکھنا جانتے تھے نہ پڑھنا کیونکہ آپ "اُمّی" ہیں۔

امید ہے کہ مذکورہ بالا گزارشات سے مستشرقین کے بعض اعتراضات کا جواب اجمالی طور پر واضح ہو چکا ہو گا اور مزید وضاحت کے لیے ایک مستشرق سٹوبرٹ اور واٹ کے بعض استدلالات کا علمی محاسبہ زیرِ نظر عبارات میں ملاحظہ فرمائیے۔

مسٹر سٹوبرٹ اور دیگر مستشرقین یہ استدلال پیش کرتے ہیں کہ صلح حدیبیہ میں جب مشرکین مکہ کے ساتھ معاہدہ لکھا جارہا تھا تو اس شق پر کہ یہ معاہدہ محمد رسول اللہ ﷺ اور قریش کے درمیان ہو رہا ہے، قریش نے اعتراض کیا کہ یہ ہمیں منظور نہیں ہے اختلاف تو لفظ "محمد رسول اللہ ﷺ" پر ہے اگر ہمیں یہ معلوم ہو کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو ہم آپ ﷺ کو کسی چیز سے نہ روکتے، آپ ﷺ تو محمد بن

عبد اللہ ہیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور میں محمد بن عبد اللہ ہوں، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے فرمایا کہ "رسول اللہ" کا لفظ مٹا دیں، تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خدا کی قسم میں اس لفظ کو نہیں مٹاؤں گا، تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے دستاویز لے لی اور آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے مٹا کر لکھا" (۵۴)۔

مستشرقین کہتے ہیں کہ روایت سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خود بلاواسطہ لکھائی کی۔ جب لکھائی ثابت ہوئی تو قراءت کرنا اور پڑھنا بھی ثابت ہوا کیونکہ قراءت اور کتابت لازم وملزوم ہیں۔ پس اس سے آپ ﷺ کی امیت ثابت نہیں ہوتی۔

اس کا انکاری جواب یہ ہے کہ ہم یہ نہیں مانتے کہ رسول اللہ ﷺ نے خود بلاواسطہ لکھائی کی بلکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو لکھنے کا حکم ہوا تو کتابت آپ ﷺ کو منسوب ہوئی۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ روایت چونکہ مختلف طریقوں اور راویوں سے مختلف الفاظ میں وارد ہے اس لیے اس میں کچھ ابہام کا احتمال ہے۔ لیکن محور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو امر کتابت ہی ہے۔ ان روایات کا جائزہ بھی ملاحظہ فرمائیے۔

- صحیح بخاری میں یہ روایت حضرت انس بن مالک سے مروی ہے "**فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «وَاللَّهِ إِنِّي لَرَسُولُ اللَّهِ، وَإِنْ كَذَّبْتُمُونِي، اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ** " (۵۵)
ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خدا کی قسم میں اللہ کا رسول ہوں اگرچہ تم لوگ مجھے جھٹلا رہے ہو، (اے علی) لکھ دو "محمد بن عبد اللہ"۔
- اس طرح صحیح مسلم میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت میں " **وَلَكِنِ اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ**" (۵۶) لکھ دو کہ یہ "محمد بن عبد اللہ" کی طرف سے ہے۔
- صحیح بخاری میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہیں: " **ثُمَّ قَالَ لِعَلِيٍّ: «امْحُ رَسُولُ اللَّهِ»، قَالَ: لاَ وَاللَّهِ لاَ أَمْحُوكَ أَبَدًا، فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الكِتَابَ، فَكَتَبَ هَذَا مَا قَاضَى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ** (۵۷).

ترجمہ: پھر رسول ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ لفظ "رسول اللہ" کو مٹا دو، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خدا کی قسم میں آپ ﷺ (کے نام) کو کبھی بھی نہیں مٹاؤں گا، پھر رسول اللہ نے دستاویز لے لی اور آپ اچھے طریقے سے نہیں لکھ سکتے تھے پھر لکھا کہ "محمد بن عبد اللہ نے یہ فیصلہ کیا۔

- صحیح مسلم میں حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔" فَقَالَ لِعَلِيٍّ: «امْحَ رَسُولَ اللهِ»فَقَالَ عَلِيٌّ: وَاللهِ لاَ أَمْحَاهُ أَبَدًا، فقَالَ: «فَأَرِنِيهِ»، فَأَرَاهُ إِيَّاهُ فَمَحَاهُ رسول الله بِيَدِهِ. (۵۸)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا لفظ " رسول اللہ "کو مٹادو، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا خدا کی قسم میں اس کو کبھی بھی نہیں مٹاؤں گا، آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے وہ جگہ دکھاؤ، تو کہتے ہیں کہ آپ نے آپ ﷺ کو وہ جگہ دکھائی تو آپ ﷺ نے اس کو اپنے دستِ مبارک سے مٹادیا۔

- جبکہ ابن حبان نے اپنی کتاب میں بخاری کی درج بالا روایت میں اضافہ کر کے محمد بن عثمان بن العجلی کی ایک روایت نقل کی ہے۔

فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكِتَابَ وَلَيْسَ يُحْسِنُ يَكْتُبُ، فَأَمَرَ فَكَتَبَ مَكَانَ رَسُولِ اللَّهِ مُحَمَّدًا، فَكَتَبَ هَذَا مَا قَاضَى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ (۵۹)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے اس معاہدہ کی کاپی لے لی۔ آپ ﷺ اچھے طریقے سے نہیں لکھ سکتے تھے، آپ ﷺ نے حکم فرمایا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے "رسول اللہ" کی جگہ محمد ﷺ بن عبد اللہ لکھا پس لکھا کہ یہ محمد بن عبد اللہ کی طرف سے فیصلہ ہے۔

ان تمام روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو لفظ "رسول اللہ" مٹانے کا حکم دیا تھا جس سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے معذرت کی، پھر آپ ﷺ نے اس سے اس جگہ کا پوچھا جہاں رسول اللہ لکھا ہوا تھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وہ جگہ دکھائی تو آپ ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے لفظ "رسول اللہ" کو مٹادیا پھر آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو محمد بن عبد اللہ "لکھنے کا حکم فرمایا۔ اور یہ ان تمام روایتوں کا نچوڑ اور نتیجہ ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ روایت میں جو لفظ "فأرنیہ" ہے مجھے وہ جگہ دکھاؤ" کا وجود اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ آپ ﷺ حضرت علیؓ سے لفظ "رسول اللہ" دکھانے کا مطالبہ کر رہے ہیں جو کہ ایک واضح دلیل ہے کہ آپ ﷺ سرے سے پڑھنا نہیں جانتے تھے۔ نیز یہ کہ وہ مشرک جو رسول اللہ کے ساتھ مذاکرات کر رہا تھا دیکھ لیتا کہ آپ ﷺ نے اس واقعہ میں اپنے دستِ مبارک سے کچھ لکھا ہے تو

ضرور کفارِ قریش میں یہ خبر پھیلا دیتا کہ آپ ﷺ تو لکھنا جانتے ہیں۔ جب اس قسم کی خبر نہیں مل رہی تو پھر یہ لکھنا بھی ثابت نہیں ہوا۔

ہاں! اگر آپ ﷺ سے خود بلاواسطہ اپنا نام مبارک لکھنا ثابت ہو بھی جائے تو کیا اس سے آپ ﷺ کے امیت ختم ہو جاتی ہے، اس کا جواب امام ذھبی دیتے ہیں کہ آپ ﷺ کی اعلیٰ ذہانت اور فطانت اور وحی لکھنے والی جماعت کے ساتھ آپ کی صحبت اور بادشاہوں کو خطوط لکھنے والوں کے ساتھ آپ ﷺ کی وابستگی آپ کو اپنے اور اپنے والد صاحب کے اسم گرامی سیکھنے میں کسی چیز کو رکاوٹ نہیں بننا چاہیے۔

پس آپ ﷺ کا اپنا اور اپنے والد گرامی کے نام کے لکھنے کی معرفت آپ ﷺ کو صفت "اُمّی" سے نہیں نکال دیتی۔ آپ معاشرہ میں اکثر ایسے لوگوں کو دیکھیں گے جو لکھنا پڑھنا نہیں جانتے ہیں لیکن وہ اپنا نام لکھ سکتے ہوں گے۔

مستشرقین اور ان کے پیروکاروں نے امیتِ رسول کے بارے میں جو شکوک وشبہات پیدا کیے وہ حقیقت کے مقابلے میں بالکل ہیچ ہیں۔ انہوں نے واقعہ حدیبیہ کو بطور دلیل پیش کیا ہے لیکن انہوں نے اتنی تکلیف نہیں کی کہ دیگر اسلامی مصادر تک رسائی حاصل کرتے، تو یہ سب ہوا میں تیر پھینکنے اور اندازے لگانے کے سوا کچھ نہیں ہے۔ کیونکہ جیسا کہ روایت سے معلوم ہوا کہ اہلِ مکہ نے آپ ﷺ کے ساتھ قرابت وعداوت میں پچاس سال سے زیادہ عرصہ گزارا اور آپ ﷺ کے ہر پل اور خبر سے لمحہ بہ لمحہ واقف ہوتے تھے اور آپ ﷺ کے دن رات کے بارے میں اپنے آپ کو باخبر رکھتے تو سب نے اس بات کا اقرار کیا کہ آپ ﷺ "اُمّی ہیں۔

اس وجہ سے تو قریش نے یہ اعتراض کیا تھا کہ ﴿ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴾ (۶۰). آیت میں یہ نہیں کہا "کتبھا" بلکہ الزام یہ تھا کہ "اکتتبھا" یعنی "اس کے لیے کسی اور نے لکھا" ہے۔

مسٹر واٹ کے شبہ کے جواب میں امام ابن تیمیہ کے درج ذیل اقوال کافی وشافی ہیں:

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ آیت کریمہ ﴿ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴾ کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں "کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کا

حال بیان فرمایا جس کا ہر خاص وعام کو پتہ تھا، اور آپ ﷺ کی قوم کے تمام شاہد اور غائب لوگوں کو معلوم تھا کہ آپ ﷺ امی ہیں، نہ کسی منزل یا غیر منزل کتاب کا لکھنا جانتے ہیں اور نہ کسی منزل یا غیر منزل کتاب کا پڑھنا جانتے ہیں نہ آپ اپنے ہاتھ سے لکھتے ہیں اور نہ منزل یا غیر منزل کتابوں کو نقل کرتے ہیں" (۶۱)۔

مسٹر واٹ محدثین کو موردِ الزام ٹھہرادیتے ہیں" کہ وہ روایتوں میں گڑبڑ کرتے ہیں جس سے امیت محمدی کا ثبوت نکال دیتے ہیں۔ لیکن واٹ صاحب کے بقول محدثین کی من گھڑت روایت کو چھوڑیں قراءت کی اصلی روایت تو پڑھیں یعنی آیت ﴿وَمَا كُنتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ﴾ یہ اصول تحقیق کے منافی ہے کہ ایک ہی روایت پر تکیہ لگا کے حکم صادر فرمایا جائے۔ بلکہ اس موضوع سے متعلق دیگر روایات کو بھی مطالعہ کا ایک حصّہ بنانا چاہیے۔

امام ابن تیمیہ آگے لکھتے ہیں" کہ حضرت محمد ﷺ کرہ ارضی کے علاوہ کسی اور کرہ میں نہیں رہے تھے، اگر وہ کچھ لکھنا پڑھنا جانتے تو مشرکین مکہ ضرور شک وارتیاب میں پڑ جاتے، اور کہتے" کہ اس نے کسی سے پڑھا ہے"، اور اس نے اس قرآن کو اپنے ہاتھ سے لکھا ہے۔ لیکن آپ ﷺ کی دشمن قوم نے بھی یہ اعتراف کیا کہ آپ ﷺ نے کسی کتاب سے نہ پڑھا ہے اور نہ حفظ کیا کیونکہ آپ ﷺ امی ہیں" (۶۲)۔

مسٹر واٹ کا یہ کہنا کہ یہ "روایتی اسلام" میں ہے کہ آپ ﷺ امی تھے لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے، کیونکہ اس امیت محمدی میں قرآن کریم کا اعجاز پنہاں ہے۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ مکہ کے اندر لکھنے پڑھنے والے بہت سے لوگ تھے اور محمد ﷺ ایک کامیاب تاجر تھے تو یہ ضروری ہے کہ وہ لکھنے پڑھنے والے ہوں"

یہ سمجھ سے بالاتر ہے کہ مسٹر واٹ کا مقصد "روایتی اسلام" سے کیا ہے؟ اسلام کے اندر کوئی درجہ بندی تو ہے نہیں، ہاں اگر استشراقی اسلام یا روشن خیال اسلام کی بات ہے تو یہ ضروری ہے کہ روایتی اسلام کی روایات میں شک کریں، کیونکہ روایتی اسلام میں تو قرآن کریم ہی مصدر اوّل ہے اور اس میں مختلف آیتوں سے امیتِ رسول روزِ روشن کی طرح عیاں ہے۔

کامیاب تجارت کے لیے لکھنا پڑھنا ضروری نہیں، آپ معاشرے میں دیکھیں کہ اکثر ارب پتی حضرات "Marketing" یا "Finacnce" میں پی ایچ ڈی نہیں ہوتے ہیں۔ بلکہ ان کے ساتھ کام کرنے والے لوگ ہی ان کا حساب کتاب برابر رکھتے ہیں۔ جس طرح رسول اللہ ﷺ نے وحی لکھنے کے لیے کاتبین رکھے تھے اور آپؐ کا کاتبین وحی رکھنا بھی امیت رسول اللہ کی ایک واضح دلیل ہے۔

اسی طرح مسٹر واٹ نے "ما أنا بقارئ" کی تفسیر جو "ماذا أقرأ" پیش کی تھی تو اس کا جواب علامہ ابن حجر کا قول مسٹر واٹ جیسے فتنہ پرور مریضوں کا علاج ہے۔

علامہ ابن حجر فرماتے ہیں کہ "ما" نافیہ ہے، کیونکہ اگر یہ استفھامیہ ہوتا تو باء پر داخل نہ ہوتا۔ اور باء زائدہ ہے جو نفی کی تاکید کے لیے یعنی "ما احسن القراءة" (میں پڑھنا بالکل نہیں جانتا) کے معنی میں ہے۔

مسٹر واٹ تو کہتے ہیں کہ آپ ﷺ لکھنا پڑھنا جانتے تھے، لیکن مستشرقین میں انصاف پسند دو آدمیوں نے آپ ﷺ کی امیت کا اعتراف کیا ہے۔ جن میں سے ایک ول ڈیورانٹ اور دوسرا تھوماس کارئل ہے۔

ول ڈیورانٹ کہتے ہیں کہ کوئی بھی یہ ثابت نہیں کر سکتا کہ محمد ﷺ نے کسی سے لکھنا پڑھنا سیکھا ہے۔ اور نہ کوئی اس کے بارے میں علم رکھتا ہے کہ آپ ﷺ نے خود کتابت کی (۶۳)۔

تھوماس کارئل کہتے ہیں کہ محمد ﷺ نے کبھی بھی کسی استاد سے نہیں پڑھا ہے اور مجھ پر یہ حقیقت واضح ہو گئی ہے کہ محمد ﷺ لکھنا پڑھنا بالکل نہیں جانتے تھے۔(۶۴) یہ "وشهد شاهد من أهلها" کے مصداق ہے۔

حاصل بحث:

ظہورِ اسلام کو چودہ صدیاں گزر گئیں اور ابتدائے وحی یعنی ۶۱۰ء میں جب رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہوئی، سے لے کر آج تک شکوک وشبہات کرنے والے اور مستشرقین اسلام، اس کے رسول، اس کے اصول ومبادئ اور اس کی تعلیمات کے خلاف شکوک وشبہات پیدا کرنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ شکوک کی یہ لہریں آج تک منقطع نہیں ہوئیں، بلکہ افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ ۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ء میں امریکہ میں پیش آنے والے حادثہ کے بعد اسلام کے خلاف جاری اس لہر میں تیزی آگئی ہے۔

حالانکہ اسلام وہ دین ہے جس نے سابقہ آسمانی مذاہب کو تسلیم کیا ہے۔ اس نے کسی کو اس بات پر مجبور نہیں کیا کہ وہ اسلام قبول کرے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ﴾ (۶۵).

ترجمہ: دین کے بارے میں کوئی زبردستی نہیں، ہدایت ضلالت سے روشن ہو چکی ہے۔

اسلام نے سابقہ الہامی مذاہب عیسائیت اور یہودیت کو تسلیم کیا ہے، لیکن یہ خود یہودی اور عیسائی مستشرقین کی طرف سے کئے جانے والے حملوں کا شکار ہو رہا ہے۔ اسلام اور اس کے رسول کے خلاف جاری حملوں میں نامناسب اور بدترین حد تک حدت آگئی ہے؟ حملہ ایسے وقت میں کیا جارہا ہے جبکہ ہم بھرپور معلوماتی عہد سے گزر رہے ہیں، اور دنیا کے تمام ممالک کھلے آسمان کے نیچے ایک بستی کی شکل اختیار کر چکے ہیں۔ انٹرنیٹ اور فضائی چینلوں سے بھری ہوئی بستی میں یہ اسلام اور رسول اسلام پر جھوٹے الزامات کا سیلاب لارہے ہیں، لیکن مسلمانوں، اسلامی اور عرب ملکوں کا معاملہ قابل تعجب ہے۔ یورپ اور امریکا میں ۱۲۰ سے زائد استشراقی ادارے ہیں۔ ان سب کا مقصد صرف یہ ہے کہ اسلام کا تحقیقی مطالعہ کریں، گہرائی کے ساتھ اس کا جائزہ لیں، اس کے رموز، اس کی تہذیب، اس کے عقیدے، اس کی تاریخ اور اس کی فقہ کو اپنا موضوع بنائیں۔ ہر ہر ادارے کے پاس اس قدر مادی اور معنوی امکانیّات ہیں کہ اسلام سے متعلق سینکڑوں کتابیں جاری کر سکتے ہیں۔ لیکن اُمّتِ اسلامیہ کی سانحہ انگیز حالت یہ ہے کہ عالم اسلام وعالمِ عرب میں ایک بھی ایسا خصوصی تحقیقی ادارہ نہیں پایا جاتا جو حکومتی اداروں کی گرفت اور اس کے چنگل سے آزاد ہو، تاکہ یورپ اور امریکا کے اداروں سے نکلنے والی سینکڑوں تصنیفات کا جواب دے سکے۔ عالمِ اسلامی اور عالمِ عرب سوائے شور وہنگامہ، شکوہ وشکایت کرنے، مذمت کرنے اور مائیکروفون پکڑنے کے اور کچھ نہیں جانتے جیسے کہ مسلمان صرف آواز ہی آواز ہیں تاکہ اسلام اور اس کے رموز کے خلاف مستشرقین جو کچھ لکھ رہے ہیں اس کے خلاف صرف آواز بلند کریں، لیکن علمی اور فکری سطح پر کوئی حقیقی اور مثبت عمل نہیں پایا جاتا جو مستشرقین کے الزامات اور ان کی افترا پردازیوں کا مؤثر جواب بن کر عالمی سطح پر قابلِ قبول ہو۔

اسلامی ممالک کے ناگفتہ بہ سیاسی حالات کے سائے میں آج ان کے پاس صرف نعرے بازی رہ گئی ہے۔ ان کی کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی وزن نہیں۔ حالانکہ تاریخی مذہبی اور اسلامی پیمانے پر یہ

صورتحال ناقابلِ قبول ہے کہ تمام اسلامی ممالک اسلام اور سول اسلام کی محض زبانی طور پر مدافعت کریں۔ اگر اسلامی ممالک مستشرقین کے الزامات کے خلاف اسلام کا دفاع نہیں کریں گے تو ان اسلامی ممالک کے نزدیک اور کونسا قیمتی سرمایہ اثاثہ ہے جس کا یہ دفاع کریں گے؟ اسلامی ممالک اگر اسلام سے پھر جائیں گے یا اسلام کا دفاع نہیں کریں گے تو اپنی عزت وآبرو کھو بیٹھیں گے۔ اسلام ہی وہ ترکش ہے جو امتِ اسلامیہ کی مدافعت کرنے کا کام کرتا ہے۔ لیکن اللہ رب العزت کسی کا محتاج نہیں اس نے اپنے دین کی حفاظت کی ذمہ داری خود لی ہے۔ ﴿ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ﴾ (۶۶).

ترجمہ: بے شک یہ (کتاب) نصیحت ہمیں نے اتاری ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔

اور لوگ اسلام، قرآن اور صاحب قرآن النبی الامی علی صاحبھا افضل الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں جتنے اور جیسے بھی حملے کریں وہ خود اپنے خنجروں ہی سے ہلاک ہو جائیں گے۔

﴿يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ﴾ (۶۷).

ترجمہ: یہ چاہتے ہیں کہ اللہ (کے چراغ) کی روشنی کو منہ سے (پھونک مار کر) بجھادیں حالانکہ اللہ اپنی روشنی کو پورا کرکے رہے گا خواہ کافر ناخوش ہی ہوں۔

اور کیا خوب کہا ہے مدحِ نبوی میں قاسم العلوم والخیرات مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ نے:

سب سے پہلے مشیت کے انوار سے نقشِ روحِ محمد بنایا گیا
پھر اسی نقش سے روشنی مانگ کر بزمِ کون ومکاں سجایا گیا

وہ محمد بھی، احمد بھی، محمود بھی، حسنِ مطلق کا شاہد بھی مشہود بھی
علم وحکمت میں وہ غیر محدود بھی ظاہراً اُمّیوں میں اٹھایا گیا

حواشی وحوالہ جات

۱) Oxford Dictionary of National Bio-Graphy, Oxford University Press, 2004

۲) Watt: Mohammads Mecca, Edinburg 1988 PP45-46, also see: Harry Austrian wolf son. The Philosophy of te Kalama (USA, Hayward University Press۳),۱۹۷٦ ,P.600. see also Arthur Jeffery the foreign vocabulary of the Quran Breda 1938

۳) Abraham Gelger: Was hat Mohammad aus dem Judentume aufgenommen

۴) Translated as Judaism and Islam Madras 1898

۵) د.عبدالرحمن بدوی، موسوعۃ المستشرقین، دار العلم للملایین، ۱۹۹۳، ص:۱/ ۴۴

۶) Richard Bell: The Origin of Islam and its Christian Environment, London, Abraham Gelger: Judaism and Islam. 1898, A. 1Kash: Judaism in 1926, New york 1954.

۷) W. Muir: Life of Mohammad. ۳rd Edition reprinted 1926, pp.25-26, D.S. Margoliouth: Mohammad and the rise of Islam. London, 1905, PP.64, Montgomery .Watt: Mohammad's Mecca, p 50.

۸) D.S. Morgoliouth: Mohammad and the rise of Islam: p52

۹) Rechard Bell: Mohamamds call, The Moslem World, January 1934, p 13, Watt: Mohammad at Mecca, Oxford,1960, pp.52-58

۱۰) Torry: The Commercial Theological Terms of the Quran, Leiden, Arther , Jeffery the Foreign Vocabulary of the Quran, Broda, 1938

۱۱) Richard Bell the Origin of Islam and Its Christion environment, London,1926

۱۲) سورۃ الأعراف:۱۵۷

۱۳) سورۃ الأعراف:۱۵۸

۱۴) سورۃ الجمعۃ:۲

۱۵) سورۃ آل عمران:۲۰

۱۶) سورۃ آلِ عمران:۷۵

۱۷) سورۃ البقرۃ:۷۸

۱۸) سورۃ العنکبوت:۴۸

۱۹) سورۃ الجمعۃ:۲

۲۰) سورۃ التوبۃ: ۱۲۸

۲۱) فخر الدین رازی، تفسیر کبیر، دار الفکر بیروت، ، طھران، ص :۱۶/۲۴۱

۲۲) السیوطی ،الدر المنثور لجلال الدین ،دار الفکر بیروت، ص:۵ /۱۴۸:،زاد المسیر، ، ص:۶/ ۱۳۵.

۲۳) الزرکشی،البرہان في علوم القران للزرکشی، دار التراث، ص:۱/۴۸

۲۴) Aloys Sprenger: Das Leben and Die des Mohammad The life and Teaching of Mohammad, Berlin 1861, P 301/1, 224/2, 3/401-402

۲۵) Edward Willium: Arabic English Dictionary, London, 1863 – 1893

۲۶) دفاع عن القرآن ضد منتقدیہ، عبدالرحمن بدوی، الدار العالمیۃ للکتب و النشر، ص: ۱۵

۲۷) Untesuchungan, Berlin Koranischa 1926

۲۸) ایضاً،ص:۱۶.

۲۹) ایضاً

۳۰) ایضا،ص:۱۸،۱۷

۳۱) عبدالرحمن بدوی،دفاع عن القرآن ضد منتقدیہ، ، الدار العالمیۃ للکتب و النشر، ص:۱۸،۱۷

۳۲) ڈاکٹر نبیل لوقا بباوی،دفاع محمد ﷺ ، مرکز اللغات والترجمۃ الاجنبیہ جامعۃ القاہرہ، مصر ص ۲۷

۳۳) ایضاً،ص:۱۶۳

۳۴) Stobert: Non Christian Religion: Islam and its founder pp:53

۳۵) Watt: Mohammad at Mecca

۳۶) Ibd

۳۷) سورۃ آلِ عمران:۷۵

۳۸) Barah, Eneyelopedia&, Islam

۳۹) سورۃ الزخرف:۱۸

۴۰) ابن منظور ،لسان العرب،ص: ۱۲/۳۴

۴۱) الزاہر،لشہاب الدین الزہری الہروی،ص:۱/۱۰۹

۴۲) راغب اصفہانی،المفردات فی غرائب القرآن، دار احیاء التراث العربی،ص:۱ /۲۸

۴۳) غریب الحدیث، ابن قتیبہ،ص: ۱/۸۴

۴۴) مناہل العرفان فی علوم القرآن، محمد عبدالعظم الزرقانی، دار الکتب العلمیہ ط ۲، ص ۲۰۰

۴۵) صحیح مسلم ، ۲/۷۶۱ ، دار إحیاء التراث العربي ، بیروت ، البخاری ۳/۲۷ ، دار طوق النجاۃ ، مصورۃ عن السلطانیۃ ، تفسیر الطبری ص: ۱/۳۷۳

۴۶) فتح القدیر، لکمال الدین الھمام الحنفي ، دار الکتب العلمیۃ بیروت ۲۰۰۳، ،ص1: /۱۰۴

۴۷) المبارکفوري، محمد عبد الرحمن بن عبد الرحیم ،تحفۃ الاحوذی دارالکتب العلمیہ– بیروت ص:۱۰/۸۹

۴۸) سورۃ العنکبوت:۴۸

۴۹) أبي عبد اللہ القرطبي، الجامع لأحکام القران ، مؤسسۃ الرسالۃ ۲۰۰۶، ص:۳/ ۳۵۲

۵۰) الزمخشری، تفسیر الکشاف دارالکتب العلمیہ ط ۴،ص: ۴/۵۱۷

۵۱) امام جلال الدین المحلی، تفسیر جلالین، طبع: دارالخیر، ص:۵۵۳

۵۲) ابو السعود، ارشاد العقل السلیم الی مزایا الکتاب الکریم، دار الکتب العلمیہ، ص:۶/۲۴۶

۵۳) الشیخ محمد الصابونی، صفوۃ التفاسیر، دارالفکر، ص:۴۲۷

۵۴) Stobert: Non Christian Religion: Islam and its founder pp:53

۵۵) صحیح بخاری، دار السلام، ص:۳ /۱۹۳

۵۶) صحیح بخاری، ص: ۴ /۱۰۳

۵۷) صحیح بخاری، ص: ۳ /۱۸۴

۵۸) صحیح مسلم، ص دار السلام: ۳ /۱۴۱۰

۵۹) صحیح ابن حبان، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ص: ۱۱/۲۲۹

۶۰) سورۃ الفرقان: ۵

۶۱) شیخ الإسلام ابن تیمیہ، الجواب الصحیح لمن بدل دین المسیح، لشیخ الإسلام، دار العاصمۃ ۱۹۹۹ ،ص:۴/ ۳۱

۶۲) الجواب الصحیح،، ص:۴/ ۲۴

۶۳) قصہ الحضارۃ، ترجمہ بالعربی لمحمد بدران، قاہرہ، ط ،۲ص:۱۳

۶۴) کارئل، الابطال "Heros" ترجمہ بالعربی لمحمد السباعی، الدار القومی القاہرہ، ص:۵

۶۵) سورۃ البقرۃ ۲۵۶

۶۶) سورۃ الحجر:۹

۶۷) سورۃ الصف:۸

خاندانی تعلقات میں نفقہ کا اسلامی تصور

Islamic Vies of Expenses among family Relations

ابوالحسن شبیر احمد *
ڈاکٹر ضیاء الرحمن *

ABSTRACT

In human life, family relations are of basic importance. In the Islamic Law, the proportion of rights and obligations amongst the relatives is in accordance with human nature. The nature of relations amongst family members has been brought into light with Islamic and Natural perspectives. Amongst those rights and obligations, the responsibility for expense is of primary importance, because its clear understanding illustrates the reality of all the family relations which causes the positive effects on the whole society.

In this article, by discussing the expense (rights and obligations) of relatives, the Islamic instructions, basic philosophy, general effects, necessity and its importance has been brought into light. All facts have been presented under two heads of expense (rights) of wife and expense (rights) of the relatives.

But, in the light of Quran and Hadith, it has been agreed by all the Islamic Jurisprudents, upon the necessity/obligation/ compulsion of the right of expense for the relatives just like the right of expense for a wife.

In this article and attempt has been made to clarify that, in a family setup, how much importance has to be given to the rights and duties/obligations of a wife?

Keywords: family relations, rights, obligations, expenses,

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور
** لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

قوموں کے عروج و زوال کی تاریخ میں اگر کسی ایک مؤثر ترین تاریخ ساز عامل کی تلاش کی جائے تو یہ بات بلاخوف تردید کہی جاسکتی ہے کہ اس میں سر فہرست تعلیم آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر انسان کو اپنا خلیفہ اور نمائندہ مقرر کرنے کے لیے سب سے پہلے جس چیز سے اسے آراستہ کیا وہ علم تھا اور اپنے تمام انبیاء علیہ السلام کو جو کام سونپا اس میں تعلیم کتاب و حکمت اور تزکیہ نفس کو مرکزیت حاصل ہے۔

خاندانی تعلقات میں نفقہ کا اسلامی تصور

ہر انسان کی بنیادی ضروریات اور اس کی قلبی تسکین کا حصول اس کے قریب ترین افراد پر منحصر ہے۔ جن کی مدد سے وہ جہانِ رنگ و بو میں قدم رکھتا ہے اور انہیں کی محبت اور شفقت کے ذریعے وہ اپنے بچپن اور بعد کے اکثر مراحل زندگی طے کرتا ہے اور ان کے مالی اور غیر مالی تعاون سے وہ زندگی بھر محظوظ ہوتا ہے۔

شوہر بیوی، ماں باپ، اولاد، بہن بھائی، ددہیال، ننھیال، چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ جیسے تمام الفاظ ہر زبان میں موجود ہیں اور تاریخ کے ہر دور میں ان الفاظ کو ان کے اسی تناظر میں دیکھا گیا ہے اور ان سے وابستہ محبت اور احساس کے ثمرات کو محسوس کیا گیا ہے۔

دنیا بھر کے لوگ اپنی موت وحیات کے اکثر ظاہری اور باطنی تقاضے خاندان کے ذریعے پورے کرتے ہیں۔ وہ خوشی اور غمی کے اوقات میں اپنے خیالات اور دل کا بوجھ انہیں کے سامنے پیش کرکے ذہنی و قلبی سکون پاتے ہیں، انہیں تمام محرومیوں کا مداوا، جسمانی صحت اور ذہنی صلاحیتوں کی حفاظت ابتدائی اور بنیادی اعتبار سے خاندانی ذرائع سے ہی حاصل ہوتی ہے۔ اس لیے جو شخص ان رشتوں سے دور ہوا اس کا دل ان کے لیے ہمیشہ بے چین رہا اور اس کی روح بے تاب رہی۔

قرآن مجید میں تخلیق انسانی کی مناسبت سے فرشتوں کے دو سوالوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ پہلا سوال یہ کہ کیا انسان کی صورت میں ایسی مخلوق پیدا کی جارہی ہے جو زمین پر فساد برپا کرے گی؟ اور دوسرا سوال یہ کہ ہم تسبیح و تحمید اور تقدیس تو کر رہے تھے پھر انسان کی تخلیق کا کیا مقصد ہے؟[1]۔

مذکورہ سوالات کے جواب میں جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا وہ صراحت کے ساتھ قرآن میں موجود ہے کہ تخلیق انسانی کا مقصد اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور اس کا علم فرشتوں کو نہیں ہے لیکن قرآن مجید میں ان سوالوں کو ذکر کر کے دو باتیں واضح کی گئیں:

۱۔ یہ کہ انسانوں کی شیطانی خواہشات کی بنا پر ان کے مابین فساد اور عداوت یقینی امر ہے۔

۲۔ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں جیسی پاکیزہ مخلوق کی زبان سے یہ ظاہر کر دیا کہ انسان کی تخلیق کا مقصد محض اللہ کی رسمی عبادت نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد اللہ کی غلامی، عبدیت اور فرمانبرداری کی بنیاد پر بنی آدم کے باہمی تعلقات کو درست رکھنا ہے۔

انسانوں کے باہمی تعلقات دو طرح سے وجود پذیر ہوتے ہیں:

۱۔ خاندان کی صورت میں۔

۲۔ معاشرے کی صورت میں۔

خاندانی تعلقات مرد و عورت کے مابین رشتۂ ازدواج سے وجود میں آتے ہیں اور پھر وہ رشتہ بچوں کی پیدائش کے بعد والدین کی شکل اختیار کر کے خاندانی نظام کا سرِ عنوان بن جاتا ہے گویا کنبہ اور خاندان کی بنیاد رشتۂ ازدواج اور رشتۂ ولادت پر ہے۔ ان میں سے رشتۂ ولادت خالص ایک غیر اختیاری اور فطری معاہدہ کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ جس میں والدین کی بے مثال خدمات سر فہرست ہیں۔ پھر اس کے نتیجے میں اولاد بہن، بھائی، چچا پھوپھی اور باقی رشتہ داروں کی ذمہ داریاں عمل میں آتی ہیں۔ جن کی وجہ سے پورا خاندان اطمینان و سکون کا گہوارہ بن جاتا ہے اور خاندان کی تمام اطراف سے مخلصانہ تعلقات، حقوق و فرائض اور خدمات کے کئی سلسلے چل نکلتے ہیں اور نسل در نسل چلتے رہتے ہیں۔

اس کے برعکس معاشرتی روابط کا تعلق گھر سے باہر کی زندگی کے ساتھ ہے۔ جس کا دارومدار زراعت، صنعت، تجارت اور ملازمت کے سیاسی و معاشی اداروں اور ان کے اجتماعی نظم پر ہے۔ جہاں پر اشیاء اور خدمات کا تبادلہ اختیاری معاہدات اور باہمی معاوضات کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ اس بحث سے معاشرتی اور خاندانی تعلقات کے درمیان کئی فرق ہمارے سامنے آتے ہیں۔

۱۔ **پہلا فرق** یہ کہ خاندانی تعلق کی پشت پر بالعموم موروثی فطری اور غیر ارادی رشتہ موجود ہے جس کے لوازمات کا تعین بچے کی پیدائش سے اپنے آپ ہو جاتا ہے اور فطری تقاضے کے تحت دنیا کا ہر

قانون اور خاص طور اسلامی قانون اسے تسلیم کرتا ہے۔ جبکہ غیر خاندانی تعلقات عموماً ایسے معاہدات کی بنیاد پر قائم ہوتے ہیں جنہیں انفرادی یا اجتماعی سطح پر اپنے اختیار سے وجود میں لایا جاتا ہے اور ان کی شرائط اور حدود و قیود کا تعین بھی کیا جاتا ہے۔

۲۔ **دوسرا فرق** یہ کہ خاندانی نظام کے تحت عموماً اشیاء و خدمات کا تبادلہ بلا معاوضہ ہوتا ہے۔ خواہ وہ تبادلہ بلاواسطہ ہو یا بالواسطہ ۔ اور معاشرتی نظام میں عمومی طور پر اشیاء و خدمات کی براہ راست خرید و فروخت ہوتی ہے اور مختلف پیمانوں اور میزانوں کے ذریعے قیمت کا تعین ہوتا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ معاشرتی نظام محض خود غرضی اور مادی مقاصد پر قائم ہوتا ہے۔ بلکہ بنیادی اصول یہ کہ دونوں نظاموں میں اخلاص، عدل اور مکمل خیر خواہی کا وجود از حد ضروری ہے البتہ مذکورہ فرق کا تعلق ظاہری پیمانوں کے اعتبار سے ہے کہ خاندانی سطح پر خدمات کا تبادلہ کسی عوض کے حصول کے لئے نہیں ہوتا بلکہ فطری تعلق کی بنا پر ہوتا ہے۔ مگر معاشرتی سطح پر جو شخص اخلاص کے ساتھ اور ایک معاہدہ کے تحت کوئی خدمت انجام دیتا ہے تو اسے یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ اپنی خدمت اور محنت کا ظاہری معاوضہ بھی وصول کرے۔

۳۔ **تیسرا فرق** یہ کہ خاندانی تعلقات فطری لحاظ سے مستقل ہوتے ہیں۔ ان رشتوں میں تبدیلی پیدا کرنا ممکن نہیں ہے۔ نزدیکی اور دوری ان پر اثر انداز نہیں ہو سکتی۔ باپ ہمیشہ باپ اور بیٹا ہمیشہ بیٹا رہتا ہے خواہ جتنی دوری اختیار کر لی جائے۔ لیکن معاشرتی روابط غیر مستقل ہوتے ہیں۔ ان کے لین دین اور شراکت داری میں آئے دن تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔

اس حوالے سے میاں بیوی کا رشتہ بظاہر اگرچہ ایک اختیاری معاہدہ کے تحت معرض وجود میں آتا ہے اور انسانی تقاضوں کی وجہ سے طلاق و فرقت کی شکل میں اس تعلق میں کراہت کے ساتھ انقطاع اور تبدیلی کو جائز کہا گیا ہے لیکن حقیقت میں یہ رشتہ قرابت داری کی بنیاد اور خاندانی نظام کی خشت اوّل ہے۔ اسی کی وجہ سے والدین، اولاد اور بہن بھائیوں کے تمام تعلقات پیدا ہوتے ہیں اور اس کے انقطاع سے باقی رشتے متاثر ہوتے ہیں اور انسانی فطرت اس کے انقطاع کو ناپسند کرتی ہے۔ اس لئے اسلام میں مجموعی طور پر ازدواجی رشتہ کو بھی رشتۂ ولادت کی طرح کا تقدس دیا گیا ہے۔ حرمت مصاہرت اور احکام میراث اس کے اہم پہلو ہیں اور نفقہ کے احکام میں تو اسے باقی تمام رشتوں پر فضیلت و فوقیت دی گئی ہے۔

خاندانی اور معاشرتی اداروں کے مذکورہ فرق کے پیش نظر اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا کہ ازدواجی اور خاندانی تعلقات کو سرمایہ دارانہ ذہنیت سے ناپا تولا جائے یا ان کی خدمات کی خرید و فروخت کی جائے۔ اور یہی فطرت انسانی کا تقاضا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ بچے کو ماں کے دودھ یا ماں کی تربیت کا متبادل دیا جائے تو اس کی صحت اور اس کے مزاج میں فرق پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر حادثاتی طور پر کوئی بچہ ان چیزوں سے محروم ہو جائے تو اسے خاندان کے اندر رکھتے ہوئے اس محرومی کا بہتر علاج ممکن ہوتا ہے لیکن جان بوجھ کر پورے معاشرے کو خاندانی خدمات اور اعلیٰ اقدار سے محروم کرنا نئی نسل کے اجتماعی فساد کا موجب ہے۔ جدید تہذیب میں جس کا واضح مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔

اسلامی نظام حیات میں ضرورت مند افراد کے اخراجات کی ذمہ داری خاندانی اور معاشرتی دو مختلف شعبوں میں منقسم ہوتی ہے، ایک کنبے کا سرپرست اپنے اہل و عیال اور حاجت مند اہل قرابت کی بنیادی ضروریات کا ذمہ دار ہوتا ہے جبکہ معاشرے کے دوسرے ضرورت مند افراد کے اخراجات کی ذمہ داری ارباب اقتدار پر عائد کی جاتی ہے۔ ان دونوں میں سے اوّل الذکر ذمہ داری اسلام کا قانون نفقہ ہے جس کا تعلق انسان کی خاندانی اور عائلی زندگی سے ہے۔

نفقہ کے لغوی معنی فنا ہو جانے اور مٹ جانے کے ہیں۔

جیسا کہ کہا جاتا ہے:" **نفق ماله ودرهمه وطعامه "اى نفد وفنى وذهب"**[۲]

ترجمہ: اس کا مال ختم ہو گیا، مٹ گیا اور اس کے قبضہ سے نکل گیا۔

اس حوالہ سے اس لفظ کی نسبت مال کی طرف ہو تو مال خرچ کرنے کے معانی لیے جاتے ہیں۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿**وَأَنفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاكُم**﴾ [۳]

ترجمہ: جو ہم نے تمھیں رزق دے رکھا ہے اس میں سے خرچ کرو۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:**((اَ عظمُها أجراً الذى أنفقته على أهلك))** [۴]

ترجمہ: سب سے بڑا ثواب اس میں ہے جو تم اپنے گھر والوں پر خرچ کرتے ہو۔

دوسرے مقام پر رسول اللہ ﷺ فرمایا:**((أفضل الدينار ينفقه الرجل على عياله))** [۵]

ترجمہ: جو رقم ایک شخص اپنے اہل و عیال پر خرچ کرتا ہے وہ رقم زیادہ فضیلت کی حامل ہے۔

لفظ نفقہ اسی مادہ سے اسم مصدر ہے، اس کی جمع نفقات، نفاق اور انفاق آتی ہیں[۶]۔

اس کا فقہی اصطلاحی مفہوم یوں بیان کیا گیا ہے:

۱۔ محمد شربینی خطیبؒ لکھتے ہیں: **"هوالإخراج ولا يستعمل إلا فى الخير"** (۷)

ترجمہ: اس سے مراد بھلائی کے راستے میں خرچ کرنا ہے۔

۲۔ علامہ ابن ہمامؒ نفقہ کی وضاحت یوں کرتے ہیں: **"الإدرار على الشيء بما به بقائه"** (۸)

ترجمہ: جن چیزوں پر زندگی کی بقاء کا مدار ہو وہ چیزیں مسلسل مہیا کرنا۔

۳۔ حنبلی فقہ کے امام ابراہیم بن محمد بن سالم بن ضویان لکھتے ہیں:

"مايجب على الإنسان من النفقة بالنكاح والقرابة والملك" (۹)

ترجمہ: نفقہ سے مراد وہ اخراجات ہیں جو ایک انسان پر نکاح، قرابت داری یا ملکیت کی وجہ سے واجب ہوتے ہیں۔

۴۔ شیخ محمد بن حسن بنانی مالکی نفقہ کی تعریف کرتے ہیں:

"النفقة مابه قوام معتاد حال الآدمى دون سرف" (۱۰)

ترجمہ: ایک انسان عمومی عادت کے مطابق اور فضول خرچی کے بغیر ان چیزوں کا خرچہ اُٹھائے جن پر انسانی زندگی کا انحصار ہو۔

۵۔ علامہ منصور بن یونس بہوتی رقم طراز ہیں:

"كفاية من يمونه خبزاً وإداماً وكسوة ومسكناً وتوابعها" (۱۱)

ترجمہ: زیر کفالت لوگوں کو خوراک، لباس، رہائش اور ذیلی اشیاء اتنی فراہم کی جائیں جو ان کے لیے کافی ہوں۔

۶۔ سعودی عرب کے قانون ساز ادارہ، **"إدارة البحوث العلمية"** کے رکن صالح بن فوزان اس تعریف کو عرف وعادۃ کی قید کے اضافہ کے ساتھ زیادہ جامعیت سے یوں پیش کرتے ہیں:

"كفاية من يمونه بالمعروف قوتا وكسوة وسكنا وتوا بعها" (۱۲)

ترجمہ: زیر کفالت افراد کو عرف کے مطابق خوراک، لباس، رہائش اور اس کی ذیل اشیاء اس طرح مہیا کی جائیں کہ ان کے لیے کافی ہوں۔

ان تمام تعریفوں کی مدد سے شرعی نفقہ کی درج ذیل خصوصیات سامنے آتی ہیں:

i. ایک شخص دوسرے شخص کا خرچہ مسلسل اُٹھائے۔
اس خرچہ میں اس دوسرے شخص کی وہ تمام ضروریات شامل ہوں جن پر اس کی زندگی کا انحصار ہو۔

یہ خرچہ صرف ان لوگوں کا برداشت کیا جاتا ہے جو نکاح، قرابت داری یا ملکیت اور ماتحتی کی وجہ سے کسی کی کفالت میں آتے ہوں۔

ii. یہ خرچہ ان کی ضروریات کے لیے مناسب اور کافی ہو۔

iii. یہ خرچہ عرف عام کے مطابق ہو۔

iv. اس خرچہ میں بھلائی کے کام شامل ہوتے ہیں نہ کہ خلاف شرع اور فضول اخراجات [۱۳]

ان حقائق کو مد نظر رکھتے ہوئے نفقہ کی جامع تعریف یوں کی جاسکتی ہے:

"ایک ذمہ دار فرد اپنے زیر کفالت افراد کو ان کی ضروریات زندگی کا خرچہ ذاتی طور پر اور عرف عام کے مطابق اس طرح مہیا کرے کہ وہ ان کے لیے مناسب، کافی ہو اور شرعی احکام کے مطابق ہو"۔

اس جامع تعریف میں مذکورہ بالا خصوصیات نفقہ کے علاوہ ایک نئی خصوصیت یہ شامل کی گئی ہے کہ نفقہ ذاتی اور خاندانی طور پر ادا کیا جاتا ہے نہ کہ اجتماعی طور پر۔

اس سے نفقہ اور انفاق کے درمیان کئی فرق واضح ہوتے ہیں:

i. نفقہ انفرادی طور پر صرف اپنے اہل وعیال اور زیر کفالت افراد سے مخصوص ہے اس لیے اسے کفالت خاصہ کہا جاتا ہے۔ انفاق فی سبیل اللہ میں اس کے برعکس اجتماعی اموال کے ذریعے معاشرے کے ضرورتمندوں کی کفالت کی جاتی ہے اس کا دوسرا نام کفالت عامہ ہے [۱۴]۔

ii. نفقہ میں اپنی حیثیت کے دائرے میں رہتے ہوئے مکمل کفالت کی جاتی ہے۔ انفاق فی سبیل اللہ میں کسی کی کفالت میں اپنا مخصوص حصہ شامل کیا جاتا ہے۔ جیسے زکوٰۃ دینے والا کسی مسکین کی کفالت کا ذمہ نہیں اُٹھاتا بلکہ اپنی آمدنی کا محض مخصوص حصہ سرکاری بیت المال میں جمع کرانے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

iii. نفقہ میں ایک فرد کسی مستحق کی ضروریات کا مسلسل ذمہ دار رہتا ہے تا آنکہ کسی وجہ سے اس کی ذمہ داری کا اختتام ہو جائے لیکن انفاق فی سبیل اللہ میں ایک فرد اپنا حصہ جمع کرا کے اپنے فرض سے سبکدوش ہو جاتا۔

iv. نفقہ ایک شخص پر اس کی مالی استطاعت کے مطابق ہر حال میں واجب ہوتا ہے خواہ وہ خوش حال ہو یا تنگ دست۔ اس لیے عرف کے مطابق امیر اور غریب کے نفقہ کی ذمہ داری میں فرق پایا جاتا ہے جبکہ انفاق فی سبیل اللہ صدقات واجبہ کی صورت میں صرف صاحب نصاب پر فرض ہوتا ہے۔

v. نفقہ کی مقدار اپنے وقت اور حالات کے ساتھ بدل جاتی ہے اس میں زیر کفالت افراد کی ضروریات و حاجات ان کی معاشی سطح کے مطابق پوری کی جاتی ہیں اس کے برعکس زکوٰۃ، عشر، خمس اور دیگر صدقات واجبہ میں اپنے مال کی ایک خاص شرح ادا کی جاتی ہے[۱۵]۔

vi. اسلام کے نظام نفقہ میں اہل و عیال اور حاجت مند اہل قرابت کی پیدائش سے لے کر وفات تک کی تمام بنیادی ضروریات شامل ہیں جن کی کیفیت و کمیت مختلف اوقات و احوال میں تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ اسلامی قانون نفقہ میں ان تمام احوال کو زیر بحث لایا گیا ہے۔

نفقۂ بیوی:

قانون نفقہ کے دو اہم حصے ہیں: نفقۂ بیوی اور نفقۂ اقارب۔ اس لئے دونوں کے مختلف فطری احوال کی وجہ سے وجوب نفقہ کے اسباب، شرائط، قواعد وضوابط، نفقہ کی مقدار اور اس کے دائرۂ کار میں دونوں کا فرق ہے۔ بیوی کے نفقہ کی ذمہ داری اس کے شوہر پر ڈالی گئی ہے جو نکاح اور بیوی کی رخصتی سے لے کر دونوں کی جدائی کی عدت یا دونوں میں سے کسی کی وفات تک جاری رہتی ہے اور بیوی کے مالدار ہونے کے باوجود بھی قائم رہتی ہے۔ بیوی کا نفقہ میاں بیوی دونوں کے معاشرتی معیار کے مطابق جبکہ اقارب کا نفقہ بوقت ضرورت اور بقدر کفایت واجب ہوتا ہے۔

اسلام نے واضح کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو مرد و عورت کی حیثیت سے جوڑے کی شکل میں تخلیق کیا ہے۔ یعنی انسان کی یہ دونوں اصناف و اجناس اپنی زندگی کے قیام کے لئے برابر طور پر ایک

دوسرے کی محتاج ہیں۔ اس لئے میاں بیوی کی ازدواجی زندگی کا آغاز دونوں کے باہمی رضامندانہ معاہدہ سے ہوتا ہے جسے نکاح کا نام دیا گیا ہے۔

نکاح کے ذریعے دونوں کے مابین ایسے مشترکہ منافع اور حقوق و فرائض قائم ہوتے ہیں جو ایک دوسرے کا بدل ہیں اور دونوں کی فطری ساخت کے مطابق ہیں کہ شوہر پر بیرون خانہ اور بیوی پر اندرون خانہ کی ذمہ داریاں عائد ہو جاتی ہیں اور مرد کسب معاش سے بیوی کا نفقہ ادا کرتا ہے۔ اس لئے بیوی کا نفقہ کسی ضرورت مند کی مدد اور تعاون کی حیثیت نہیں رکھتا بلکہ اسلامی تعلیمات کے مطابق "نفقہ" بیوی کا وہ حق منصبی ہے جو ایک فریضہ کے طور پر مرد کی طرف سے ادا کیا جاتا ہے۔

امام کاسانیؒ فرماتے ہیں:

"إن المرأة محبوسة بحبس النكاح حقاً للزوج، ممنوعة من الاكتساب بحقه فكان نفع حبسها عائد إليه فكانت كفايتها عليه "[16]

ترجمہ: بیوی نکاح کی وجہ سے شوہر کے حقوق کی ادائیگی کے لئے پابند ہے، اس کے لئے ایسا کسب معاش ممنوع ہے جس سے شوہر کے حقوق تلف ہوں اور اس کی اس پابندی سے شوہر فائدہ اُٹھاتا ہے اس لئے بیوی کی مالی کفالت شوہر پر لازم آتی ہے۔

معروف فقیہ مصطفی احمد زرقاؒ لکھتے ہیں:

"والزواج علاوة على مايثبت به من حل الاستمتاع بين الزوجين، ينشئ حقوقا ووجائب متقابلة بينهما من مالية وأسرية؛ منها نفقة الزوجة" [17]

ترجمہ: نکاح اور شادی کے ذریعے زوجین کے درمیان[مشترکہ] منافع کی حلت کے علاوہ، ایسے حقوق و فرائض قائم ہوتے ہیں جو دونوں کے مابین ایک دوسرے کے بدلے میں ہیں، وہ حقوق و فرائض مال اور خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور نفقہ انہیں میں ایک ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ﴾ [18]

ترجمہ: مرد عورتوں کے نگران ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے اور اس لیے مرد اپنے اموال ان پر خرچ کرتے ہیں۔

اس آیت میں مردوں کو قوام کہا گیا ہے جس کے معنی نگران اور محافظ کے ہیں[۱۹]۔ قرآن مجید میں اس لفظ کا مادہ دین اور نماز کے مکمل نظام کے قیام کی مناسبت سے بھی ذکر کیا گیا ہے[۲۰]۔ جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ گھریلو اور خاندانی نظام کے قیام کے لیے مردوں پر یہ ذمہ داری عائد کی گئی ہے کہ وہ اپنی بیویوں کے تمام ضروری اخراجات اس طرح برداشت کریں کہ ان کی زندگی کو مکمل طور پر تحفظ حاصل ہو جائے۔ اس طرح خاندانی نظام کے بقاء واستحکام کے نقطۂ نظر سے مرد کو عورت پر سربراہ کی حیثیت دی گئی ہے اور عائلی قوانین کی بنیاد اسی بات پر رکھی گئی ہے۔

اس آیت مبارکہ کی تفسیر کی حیثیت سے صحیح بخاری کی درج ذیل حدیث زیادہ اہمیت رکھتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ الْإِمَامُ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي أَهْلِهِ وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا وَمَسْئُولَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا))[۲۱]

ترجمہ: تم میں سے ہر شخص نگران ہے اور وہ اپنی نگرانی کے بارے میں جوابدہ ہو گا، پس حکمران اپنی رعایا کا نگران ہے اور اس سے اس کی رعایا کے متعلق پوچھا جائے گا، اسی طرح مرد اپنے اہل و عیال کا نگران ہے اور وہ بھی اس سلسلے میں جوابدہ ہو گا اور بیوی بھی اپنے شوہر کے گھر کی ذمہ دار ہے اس سے بھی اس کی ذمہ داری کے متعلق پوچھا جائے گا۔

اس حدیث سے مرد کے لیے گھریلو نظام کی دیکھ بھال اور ذمہ داری کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی واضح ہو رہی ہے کہ اگر وہ اپنی ذمہ داری میں کوتاہی کا مرتکب ہو گا تو اس کے خلاف بیوی کو شکایت کرنے کا اور مقتدر قوتوں کو سوال کرنے اور سزا دینے کا حق حاصل ہو گا اور اُخروی حوالے سے بھی اس کی کوتاہی کو گناہ قرار دیا گیا ہے۔ جیسا کہ فرمان نبوی ہے:

((كَفَى بِالْمَرْءِ إِثْمًا أَنْ يَحْبِسَ، عَمَّنْ يَمْلِكُ قُوتَهُ))[۲۲]

ترجمہ: ایک شخص کے گناہ گار ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ اپنے زیر کفالت لوگوں کا نفقہ ادا نہ کرے۔

بیویوں کی ذمہ داری کی مناسبت سے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۚ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا﴾ (۲۳)

ترجمہ: نیک بیویاں وہ ہیں جو فرمانبردار ہوں اور شوہر کی عدم موجودگی میں اللہ کے محفوظ کردہ امور کی حفاظت کرنے والی ہوں اور جن عورتوں کی سرتابی کا تمھیں اندیشہ ہو انہیں سمجھاؤ، ان سے اپنی آرام گاہیں الگ کرلو اور انہیں ضرب لگاؤ، جب وہ دوبارہ تمھاری فرمانبرداری اختیار کرلیں تو تمھیں ان کے خلاف کسی قسم کی کاروائی کی اجازت نہیں ہے۔

اس آیت مبارکہ میں ازدواجی زندگی کے بہت سے احکام کو اجمالی اور اصولی انداز بیان میں سمو دیا گیا ہے، اس میں بیوی کو اپنے شوہر کی ایسی نافرمانی سے منع کیا گیا ہے جس سے دین، خاندان اور شوہر کے حقوق متاثر ہوں اور اس بنا پر شوہر کو اصلاحی اختیارات دے کر یہ حکم دیا گیا کہ وہ بغاوت اور کھلے معاصی کی صورت میں از خود معمولی سرزنش کا اختیار رکھتا ہے لیکن جب بیوی اللہ کی اطاعت گزار اور شوہر کی فرمانبردار ہو تو اس سے ناانصافی اور زیادتی کرنا ظلم اور قابل گرفت ہے۔

معلوم ہوا اسلامی تعلیمات کے مطابق میاں بیوی دونوں کے فرائض کا تعین کرکے شوہر کو گھریلو جملہ امور میں اللہ کے احکام کی حفاظت کے لئے نگران مقرر کیا گیا ہے۔ یہ اضافی ذمہ داری درحقیقت مرد کے کندھوں پر اللہ تعالیٰ کی امانت کا بوجھ ہے تاکہ مرد زیادہ احساس ذمہ داری کا ثبوت دیتے ہوئے بیوی کی شخصی آزادی کا مکمل خیال رکھے، یک طرفہ طور پر اپنی خواہشات اس پر مسلط نہ کرے بلکہ اپنے اور بیوی کے حقوق کی تکمیل میں اصلاحی کردار ادا کرے تاکہ گھریلو امور میں دونوں کی یکجہتی سے ایک نہایت پرسکون ماحول پیدا ہو، دونوں ہر قسم کی غیر اخلاقی وابستگی اور بے راہ روی سے محفوظ رہیں، ان کی سرپرستی میں تربیت پاکر صالح نسل پروان چڑھے۔

اس پس منظر میں فقہاء اسلام نے بیوی کے نفقہ کا سبب، شرائط اور اس کے قواعد وضوابط منضبط کئے ہیں، شوہر اور بیوی دونوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے مختلف احوال میں نفقہ کے احکام بیان کئے ہیں، مثلاً شوہر اور بیوی کی کم سنی، بیماری، عدم موجودگی، ان کا غیر مسلم ہونا، بیوی کی نافرمانی یا اس کی عدت کی مختلف صورتیں، بیوی کی طرف سے شوہر کو نفقہ کی ذمہ داری سے بری کرنا، بیوی کا سابقہ نفقہ اور اس طرح

کی کئی اور صورتیں جن میں سے بعض میں نفقہ کے وجوب کا اور بعض صورتوں میں عدم وجوب کا حکم دیا گیا ہے۔ اور انہیں احکام میں فقہاء کی آراء میں اختلاف بھی پیدا ہوا ہے۔ یہ تمام تفصیلات کتب فقہ میں موجود ہیں۔

نفقۂ اقارب:

اقارب کا نفقہ بھی بیوی کے نفقہ کی طرح کتاب و سنت کی روشنی میں بالاتفاق تمام فقہی مکاتب کے قوانین کے مطابق واجب ہے۔ البتہ اقارب کے دائرہ کار میں فقہائے اسلام کی چھ مختلف آراء موجود ہیں:

i. فقہائے مالکیہ کے نزدیک بیوی کے نفقہ کے علاوہ، اولاد کا نفقہ والد پر اور والدین کا نفقہ اولاد پر واجب ہے۔ اس کے علاوہ کسی قرابت دار کا نفقہ واجب نہیں۔

ii. شوافع کہتے ہیں کہ اصولی اور فروعی اقارب کا نفقہ ضروری ہے۔ ان کے علاوہ کسی کا نفقہ واجب نہیں ہے۔

iii. امام اوزاعیؒ کا موقف ہے کہ ہر ضرورت مند رشتہ دار کا نفقہ ادا کرنا اس کے صرف قریبی مذکر عصبہ کی ذمہ داری ہے۔

iv. حنابلہ کے ہاں غیر عمودی ذوی الارحام کے علاوہ باقی تمام اقارب کا نفقہ لازم ہے۔

v. پانچواں قول احناف کا ہے کہ ہر نادار رشتہ دار کا نفقہ اس کے قریبی محرم رشتہ داروں پر واجب ہے، غیر محرم اقارب کا نفقہ واجب نہیں۔

vi. چھٹا مذہب امام ابن حزمؒ کا ہے، امام ابن تیمیہؒ اور ابن قیمؒ بھی اسی کو ترجیح دیتے ہیں کہ نفقہ کی ذمہ داری سے کوئی رشتہ دار بھی مستثنیٰ نہیں ہے بلکہ تمام اقارب جس طرح میراث کے مستحق ہیں اسی طرح وہ باہم ایک دوسرے کے نفقات کے ذمہ دار بھی ہیں۔

فقہائے کرام کی مذکورہ چھ آراء کا خلاصہ یہ کہ تمام مذاہب نفقۂ اقارب پر متفق ہیں مگر ان میں سے ابتدائی پانچوں مذاہب نے اپنے مخصوص رجحان اور مخصوص دلائل کی بنا پر بعض اقارب کو نفقہ کی ذمہ داری سے مستثنا قرار دیا ہے۔ جیسا کہ شوافع نے غیر عمودی اقارب، اوزاعیہ نے غیر عصبات، حنابلہ نے غیر عمودی ذوی الارحام اور حنفیہ نے غیر محرم اقارب کے نفقہ کے عدم وجوب کا قول اختیار کیا ہے۔

جبکہ ظاہر یہ کسی ذی قرابت کو خارج کئے بغیر تمام اقارب کو درجہ بدرجہ نفقہ کا مستحق قرار دیتے ہیں۔ کتاب وسنت، صحابہ کرامؓ کے عمومی رجحان اور مقاصد شرعیہ کے پیش نظر آخری قول قابل ترجیح معلوم ہوتا ہے، اس لحاظ سے درج ذیل دلائل قابل ذکر ہیں:

۱۔ آیت مبارکہ ہے: ﴿ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَاۗرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ﴾ (۲۴)

ترجمہ: بچوں کے باپ پر لازم ہے کہ وہ بچوں کی ماؤں کو معروف طریقے کے مطابق ان کا کھانا اور ان کا لباس فراہم کرے، کسی انسان پر اس کی طاقت سے زیادہ ذمہ داری نہیں ڈالی جاتی، بچے کی وجہ سے اس کی ماں اور اس کے باپ کو کوئی تکلیف نہ پہنچائی جائے اور باپ کی عدم موجودگی میں بچے کی ذمہ داری اس طرح ان کے وارث پر ہوگی۔

اس آیت میں پہلے یہ بتایا گیا کہ بچے کی وجہ سے اس کی ماں کا نفقہ واجب ہے۔ اس کے بعد یہ حکم دیا گیا کہ بچے کی وجہ سے اس کے والدین ایک دوسرے کو کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچائیں۔ آخر میں یہ بات ارشاد فرمائی گئی کہ بچے کے باپ کی عدم موجودگی میں ان کے وارث پر اسی طرح کی ذمہ داری ہوگی۔

۲۔ اسی طرح اللہ کا فرمان ہے:

﴿ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ﴾ (۲۵)

ترجمہ: اپنے رشتہ دار کا حق ادا کرو اور ہر محتاج اور مسافر کا بھی۔

اس آیت کا پس منظر یہ ہے کہ اس سے پہلی والی آیات میں نہایت اہتمام سے والدین کے حقوق بیان کئے گئے ہیں۔ اس کے بعد اس مقام پر والدین اور مساکین کے حقوق کے درمیان اقارب کے حقوق کی ادائیگی کا حکم موجود ہے جبکہ اولاد کا علیحدہ تذکرہ نہیں کیا گیا بلکہ اقارب کے ذکر میں اولاد کا ذکر بھی شامل ہے۔ اب یہ بات بھی تو مسلّم ہے کہ والدین اور اولاد کا نفقہ واجب ہے، ان کو زکوٰۃ بھی نہیں دی جاسکتی جبکہ عام مساکین اجتماعی نظم کے تحت زکوٰۃ حاصل کرتے ہیں تو اس سے معلوم ہوا کہ اس آیت میں اقارب کے حقوق کو اولاد کے ساتھ ملا کر اور عام مساکین سے علیحدہ بیان کر کے یہ واضح کر دیا گیا ہے کہ ان کا یہ حق ہے کہ انہیں عام مساکین کی حیثیت نہ دی جائے بلکہ اولاد کی طرح انہیں نفقہ مہیا کیا جائے۔ اس لئے فقہاء نے اس آیت سے اقارب کا نفقہ ثابت کیا ہے (۲۶)۔

۳۔ احکام میراث اور احکام نفقات کو اُن کے پس منظر کے تحت دیکھا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ ہجرت مدینہ کے بعد مہاجرین و انصار کے درمیان مؤاخات کا معاہدہ طے ہوا جس کے تحت ہر مہاجر اور ہر انصاری کو ایک دوسرے کی میراث کا حق دار بنایا گیا اور پھر یہ حکم منسوخ کر کے یہ فیصلہ صادر کیا گیا [۲۷]۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْأَقْرَبُوْنَ﴾ [۲۸]

ترجمہ: ہم نے والدین اور قرابت داروں کی جائیداد کا حق دار ان کے رشتہ داروں کو بنادیا ہے۔

اور دوسری جگہ فرمایا گیا [۲۹]

﴿ وَأُولُوا الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللهِ ﴾ [۳۰]

ترجمہ: قرابت دار ہی ایک دوسرے کے سب سے زیادہ تعلق دار ہیں۔

مذکورہ سبب نزول سے یہ واضح ہوتا ہے کہ جس طرح اس آیت کے نزول سے قبل مسلمانوں کی نصرت اور وراثت کا حکم مواخات کے معاہدہ سے متعلق تھا اسی طرح اس آیت کے نزول کے بعد اس نصرت اور وراثت کا حکم رشتہ داروں سے مخصوص ہو گیا اور مذکورہ آیت کا لفظ "اولیٰ" یہ ثابت کرتا ہے کہ اب نصرت اور میراث کے حوالے سے مسلمان قرابت داروں کا باہمی گہرا تعلق تسلیم کر لیا گیا ہے جس کی بنا پر انصار اور مہاجرین کی طرح ہر مسلمان قرابت دار اپنے دوسرے قرابت دار کی موت سے پہلے اس کا مددگار اور موت کے بعد اس کی میراث کا حق دار قرار پایا ہے۔

ڈاکٹر زحیلی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"ان رابطة القرابة فی الدم والنسب تكون سببا للتوراث والتناصر" [۳۱]

ترجمہ: خونی اور نسبی تعلق کو میراث اور مدد کا مستحق بنادیا گیا۔

۴۔ نفقۂ اقارب کی ایک اہم دلیل یہ آیت مبارکہ ہے:

﴿الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ أَمَرَ اللهُ بِهٖٓ أَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْأَرْضِ﴾ [۳۲]

ترجمہ: وہ لوگ اللہ تعالیٰ سے پکا عہد کرنے کے بعد توڑ دیتے ہیں، اور جن تعلقات کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے انہیں توڑتے ہیں اور زمین پر فساد برپا کرتے ہیں۔

اس آیت مبارکہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ رشتہ داروں سے تعلقات جوڑنے کا حکم دیتے ہیں۔ لیکن کفار اللہ کے حکم کے خلاف ان تعلقات کو توڑ دیتے ہیں۔ معلوم ہوا قطع رحمی کفار کی بدترین صفت ہے جس کی وجہ سے اللہ کی زمین پر فساد برپا ہوتا ہے۔ اور اسے اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتے ہیں جیسا کہ ایک حدیث میں ہے۔ ((لا يدخل الجنة قاطع)) (۳۳) ترجمہ: رشتوں کو توڑنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔

اسی ضمن میں صحیح حدیث ہے "تم خرچ کا آغاز اپنی ذات سے کرو، اس سے جو بچ جائے تو وہ عیال پر خرچ کرو اور پھر جو بچے اس میں سے اپنے اقارب پر صرف کرو اور اس کے بعد بھی کچھ باقی ہو وعام ضرورت مندوں پر خرچ کرو (۳۴)۔

اسی طرح یہ بھی فرمان نبوی ہے ((يوصيكم بالأقرب فالأقرب)) (۳۵) ترجمہ: اللہ تعالیٰ تمھیں حکم دیتے یں کہ تم درجہ بدرجہ اپنے اقارب کا خیال رکھو۔

ایسے یہ بھی حدیث مبارکہ ہے:

((وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ، أُمَّكَ وَأَبَاكَ، وَأُخْتَكَ وَأَخَاكَ، وَأَدْنَاكَ أَدْنَاكَ)) (۳۶)

ترجمہ: اپنے اہل وعیال سے نفقہ کی ابتدا کرو یعنی اپنے والدین، بہن بھائی اور اس کے بعد والوں اور پھر اس کے بعد والوں کا نفقہ دو۔

۵۔ امیر المؤمنین حضرت عمرؓ کے متعلق یہ نقل کیا گیا "جا ء يتيم إلى عمر رضى الله عنه فقال انفق عليه، قال عمر: لولم أجد إلا أقصٰى عشيرته لفرضت عليهم" (۳۷)

ترجمہ: حضرت عمر کے پاس ایک یتیم بچہ لایا گیا اور آپ سے کہا گیا کہ آپؓ اس کا نفقہ جاری کر دیں۔ آپؓ نے فرمایا اگر مجھے اس بچے کے کچھ دور کے رشتہ داروں کا بھی علم ہو گیا تو میں ان پر اس کا نفقہ واجب کر دوں گا۔

۶۔ اسلامی احکام کا ایک بنیادی مقصد زیادہ سے زیادہ انسانی خیر خواہی کا حصول ہے اور یہ مقصد نفقۂ اقارب سے متعلقہ شرعی نصوص کے الفاظ کی دلالت سے بھی واضح ہو رہا ہے۔ مثال کے طور پر پہلی آیت کا حکم ﴿وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَلِكَ﴾ نگران مرد کی وفات کے بعد اس کے بچے اور اس کی بیوہ کو تحفظ دینے کے لئے وارد ہوا ہے۔ اب اگر وارثت کے اصول کو نفقۂ اقارب سے علیحدہ رکھا جائے اور نفقۂ اقارب میں

مکمل توسیع اختیار نہ کی جائے تو کسی نہ کسی صورت میں یتیموں اور بیواؤں کے حقوق ضرور سلب ہوں گے اس لئے تمام اقارب کا نفقہ تسلیم کرنے میں قرآنی مقصد کی تکمیل ہوتی ہے۔

چونکہ اللہ تعالیٰ نے قطع رحمی کو ممنوع اور فساد فی الارض قرار دیا ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ قریبی رشتہ داروں کی طرح دور کے رشتہ دار اور ذوی الارحام بھی نفقہ کے حق دار ہیں اور جس نے ان کی بنیادی ضروریات جان بوجھ کر فراہم نہ کر کے انہیں موت یا ذلت آمیز حالات کے حوالے کر دیا وہ قطع رحمی کا مرتکب ہو گا۔ مقالہ ہذا میں فقہاء کرام کے تفصیلی دلائل کا موازنہ پیش کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے آخری مؤقف کی ترجیح کے طور پر مذکورہ دلائل و قرائن کافی معلوم ہوتے ہیں۔

نفقۂ اقارب کی بنیاد معاہدۂ رضامندی پر نہیں بلکہ ان فطری تعلقات اور رشتوں پر رکھی گئی ہے جنہیں انسان اپنی پیدائش کے ساتھ لے کر آتا ہے۔ نفقہ کی اس قانونی حیثیت سے اقارب کے مابین ایسے مشترکہ مالی منافع اور حقوق کا تعین ہوتا ہے جو وسیع تناظر میں ایک دوسرے کا بدل ہیں اور اقارب کے فطری احوال کے مطابق ہیں۔ اس کا مطلب یہ کہ اقارب کا نفقہ ایک خاندان کے باصلاحیت افراد کو کسب معاش پر آمادہ کر کے خاندان کے ہر فرد کے معاشرتی وقار کو بلند کرتا ہے پوری قوم میں اسراف و تبذیر کے رجحان کا خاتمہ کر کے قومی معیشت کے استحکام اور طبقاتی تقسیم کے سدباب کا ذریعہ بنتا ہے۔

مذکورہ بالا حقیقت اقارب کے نفقہ کی وہ بنیادی فلاسفی ہے جس کی بنا پر فقہ اسلامی میں نفقۂ اقارب کے سبب، شرائط اور تمام قواعد وضوابط کو مرتب کیا گیا ہے اور مختلف احوال میں اقارب کے نفقات کی توضیح کی گئی ہے۔ معلوم ہوا ''اسلامی قانون نفقہ'' اسلامی معاشرے کا ایک مرکزی ستون ہے جس کے تحت ایک کنبے اور خاندان کے تمام افراد کے جملہ لوازمات زندگی کو تحفظ حاصل ہوتا ہے، ان کے گھریلو اور خاندانی فرائض و حقوق کا تعین ہوتا ہے اور اس کے ذریعے احترام آدمیت، حریت فکر و عمل، اخوت و ہمدردی، مساوات اور عدل جیسے اسلامی اصولوں کو اپنا کردار ادا کرنے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱) سورۃ البقرۃ:۳۰

۲) زبیدی، مرتضی، تاج العروس من جواہر القاموس، دارالفکر، بیروت، ۱۹۹۴ء ص: ۱۳/ ۴۶۳؛ افریقی، ابن منظور، لسان العرب، نشرادب الحوزہ، قم، ایران، ۱۴۰۵ھ، ص: ۱۰/ ۱۱۵؛ وجدی، محمد فرید، دائرہ معارف القرن الرابع عشر دار لمعرفہ، بیروت، طبع دوم، ۱۹۷۱ء، ص: ۱۰/ ۳۴۶

۳) سورۃ المنافقون:۱۰

۴) امام مسلم، صحیح مسلم، بمع شرح منۃ المنعم، دارالسلام للنشر والتوزیع، ریاض، ۱۹۹۹ء، ص:۲ /۹۵

۵) ایضاً، ۲/ ۹۴

۶) لوئیس معلوف، المنجد، دارالقرآن الکریم انتشارات اسماعیلیات، تہران، طبع ۲۳، ص۸۲۸؛ بدران ابوالعینین بدران، احکام الزواج والطلاق فی الاسلام، دارالمعارف، سکندریہ، طبع دوم، ۱۹۶۴ء، ص:۲۰۸

۷) کوھجی، عبداللہ بن حسن، زادالمحتاج شرح منہاج، الشؤن الدینیہ، قطر، طبع اوّل، تاریخ طبع ندارد، ۳ /۵۶۳

۸) ابن الہمام، کمال الدین، شرح فتح القدیر، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ، ص: ۴ /۱۹۳۔ نوٹ: عام طور پر اہل علم نے اسی اسلوب کو نمایاں کر کے اپنے اپنے انداز میں نفقہ کی تعریف کی ہے مثلاً عبدالرحمن جزیریؒ لکھتے ہیں کہ ایک شخص پر دوسرے شخص کی وہ ذمہ داری نفقہ کہلاتی ہے جو روٹی، سالن، لباس، رہائش اور ذیلی اشیاء کی صورت میں ادا کی جاتی ہے (جزیری، عبدالرحمن کتاب الفقہ علی المذاہب الاربع، داراحیاء التراث العربی، بیروت، طبع ہفتم، ۱۹۸۶ء، ص: ۴ /۵۵۳)۔ اس طرح پاکستان کے ایک فیصلہ میں نفقہ کو یوں واضح کیا گیا کہ کسی کی بہتری کے لیے اس کے وجود، تحفظ اور بقاء کو قائم رکھنے کے لیے اس کی خوراک، لباس، رہائش اور دیگر جسمانی اور ذہنی صحت کی ضروریات کا خرچہ برداشت کرنا۔

۹) ابراہیم بن محمد بن سالم بن ضویان، منارالسبیل، المکتب الاسلامی، بیروت، طبع ششم، ۱۹۸۴ء، ص: ۲ /۲۹۷

۱۰) بنانی، محمد حسین، فتح الربانی، دارالکتب العلمیہ، بیروت، طبع اوّل ۲۰۰۲ء، ۴ /۴۳۷؛ محمد بن علیش، شرح منح الجلیل علی مختصر الخلیل، مکتبہ النجاح، طرابلس، ص: ۲ /۴۳۰؛ محمد جمع عبداللہ، الکواکب الدریہ فی فقہاء مالکیہ، مکتبہ کلیات الازہریہ، قاہرہ، طبع پنجم، ۱۹۸۱ء، ص: ۱/ ۲۶۸

۱۱) بہوتی، منصور بن یونس، کشاف القناع عن متن الاقناع، عالم الکتب، بیروت، ص: ۵ /۴۵۹

۱۲) صالح بن فوزان بن عبداللہ، الملخص الفقہی، دارابن الجوزی، دمام، طبع پنجم، ۱۹۹۶ء، ص:۲ /۳۵۶

۱۳) ڈاکٹر تنزیل الرحمن نفقہ کی ایک اور خصوصیت بیان کرتے ہوئے نفقہ کی تعریف یوں کرتے ہیں کہ ایک شخص کا دوسرے شخص کی محنت کے معاوضہ میں اس کی ضروریات زندگی فراہم کرنا (ڈاکٹر تنزیل الرحمن، مجموعہ قوانین

اسلام، ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، اشاعت دوم، ۱۹۶۵ء، ص: ۱/ ۳۰۷) ۔ یہ خصوصیت انہوں نے فقیہ عبدالرحمن جزیری کی طرف منسوب کی ہے۔ جبکہ جزیری کی تعریف میں یہ بات موجود نہیں ہے (دیکھئے: کتاب الفقہ، علی المذاہب اربعہ، داراحیاء التراث العربی، بیروت، طبع ہفتم، ۱۹۸۶ء، ص: ۴/ ۵۵۳) راقم کی معلومات کے مطابق کسی بھی محقق عالم نے یہ قید ذکر نہیں کی کیونکہ اس کا اطلاق والدین، اولاد اور اقارب کے نفقہ پر نہیں ہوتا۔ البتہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ خاندانی نفقات میں معاوضہ حاصل کرنے کا مادہ پرستانہ تصور بطور مقصد کے موجود نہیں ہوتا۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ بیوی کے نفقہ میں مخلصانہ خدمات کا تبادلہ آمنے اور بلاواسطہ طور پر موجود ہوتا ہے اور باقی قرابت داروں کے مابین خدمات کا تبادلہ بالواسطہ طور پر نسل در نسل جاری رہتا ہے۔

۱۴) غفاری، ڈاکٹر نور محمد، سرمایہ دارانہ نظام انشورنس اور اسلام کا نظام کفالت، ص: ۳۵

۱۵) اس کی مختصر وضاحت یہ کہ جمع پونجی اور مال تجارت میں سالانہ اڑھائی فیصد، غیر بارانی اراضی کی ہر فصل پر پانچ فیصد، بارانی زمین کی ہر فصل میں دس فیصد اور مال غنیمت اور خزائن میں بیس فیصد صدقات واجبہ ہوتے ہیں مفتی محمد شفیع، احکام زکوٰۃ، دارالاشاعت، کراچی، ۲۰۰۰ء، ص: ۲۲

۱۶) کاسانی، بدائع الصنائع، دارالکتب العربی، بیروت، طبع دوم، ۱۹۷۴ء، ص: ۴/ ۱۶

۱۷) زرقاء، المدخل الفقہی العام، مطابع الف باء، الادیب، دمشق، طبع نہم، ۱۹۶۸ء، ص: ۲/ ۵۶۴

۱۸) سورۃ النساء: ۳۴

۱۹) مفسر قرآن علامہ محمود آلوسی تحریر فرماتے ہیں "الناظر علی الشئی والحافظ له"، آلوسی، محمود، روح المعانی دارالکتب العلمیہ، بیروت، طبع اول، ۱۹۹۴ء، ص: ۳/ ۲۴

۲۰) الشوریٰ: ۱۳

۲۱) بخاری، الجامع الصحیح، ص: ۳۸۷، حدیث نمبر ۲۴۰۹

۲۲) مسلم بن حجاج، الجامع الصحیح، بمع منۃ المنعم، ص: ۲/ ۹۵

۲۴) سورۃ النساء: ۳۴

۲۵) سورۃ البقرۃ: ۲۳۳

۲۶) سورۃ بنی اسرائیل: ۲۶

۲۷) ابن قیم، زادالمعاد، ص: ۵/ ۴۱۰۔ ایٹھوی، ملاجیون، تفسیرات احمدیہ، مترجم: قاری محمد عادل خاں (قرآن کمپنی لمیٹڈ، لاہور، ۱۹۷۸ء)، ص: ۲/ ۱۷۸

۲۹) بخاری، الصحیح الجامع، ص: ۳۶۶

۳۰) سورۃ النساء: ۳۳

۳۱) طبری، جامع البیان، مصطفی البابی الحلبی، واولادہ، مصر، طبع دوم، ۱۹۵۴ء، ص: ۱۰ /، ۵۲؛ پانی پتی، التفسیر المظہری ،دارالکتب العلمیہ، بیروت، طبع اوّل، ۲۰۰۷ء ، ص: ۳ / ۲۲۴

۳۲) سورۃ الانفال:۷۵

۳۳) الزحیلی، التفسیر الوسیط، دارالفکر، دمشق، طبع اوّل، ۲۰۰۱ء، ص:۱/ ۸۲۷

۳۴) البقرۃ: ۲۷

۳۵) بخاری، الصحیح الجامع، ص: ۱۰۴۸ ؛ترمذی، السنن، دارالسلام، ریاض، طبع اوّل، ۱۹۹۹ء،، ص: ۴۴۶

۳۶) مسلم، الصحیح الجامع، مع منۃ المنعم، ص: ۲ / ۹۵؛ نسائی، السنن، ص:۳۵۲

۳۷) بیہقی، السنن الکبری، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدر آباد دکن، طبع اوّل، ۱۹۳۵ء ص: ۸/ ۲

۳۸) نسائی، السنن، ص:۳۵۰؛ ہیثمی، علی بن محمد، نورالدین، مجمع الزوائد، دارالکتب، بیروت، ص: ۳/ ۱۲۰؛ البناء احمد عبدالرحمن، الفتح الربانی لترتیب مسند احمد، خادم السنۃ السنیۃ، مصر، طبع اوّل، ۱۳۷۱ھ، ص: ۱۵/ ۶۲

۳۹) ابن ابی شیبہ، مصنف، تحقیق: سعید اللحام، دارالفکر، بیروت، ص: ۴/ ۱۶۶

****

اسلام کا تصور تعلیم و تربیت

Concept of Education & Training in Islam

ارم سلطانہ*

ABSTRACT

Education has been considered of primary importance in human life. Religion and education are interrelated. A civilized society requires educational revolution in behavior of human beings. Education creates awareness about the human goals and real aim of life. This activity makes it possible to train the people in the right direction. Better education coupled with proper training makes a human being well-mannered and enables him to use his hidden qualities for the benefit of mankind, thus making him a beneficial not only for himself but also for the society.

The preaching of religion depends upon the education and training. Our holy Prophet ﷺ was an ideal educationist not only of his time but also for the future generations. The Holy Prophet ﷺ being a great educationist and reformer initiated the University of Suffa in Medina when the Islamic society was in its infancy. Prophet ﷺ described the conditions, pattern and qualities of a teacher. A good teacher must be interpreted as good practitioner as well.

The article deals with the moral qualities of a teacher and educationist in the light of teachings of the Prophet Muhammad ﷺ. The discussion has made clear the aim of Islamic education which is not limited within the domain of worship or prayers. Islam is a complete code of life which emphasizes the training of human being through education.

***Keywords*:** Islamic education, awareness, behavior, proper training, qualities of the teacher.

* لیکچرار شعبہ علومِ اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد

قوموں کے عروج و زوال کی تاریخ میں اگر کسی ایک موثر ترین تاریخ ساز عامل کی تلاش کی جائے تو یہ بات بلاخوف تردید کہی جاسکتی ہے کہ اس میں سر فہرست تعلیم آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر انسان کو اپنا خلیفہ اور نمائندہ مقرر کرنے کے لیے سب سے پہلے جس چیز سے اسے آراستہ کیا وہ علم تھا اور اپنے تمام انبیاء کو جو کام سونپا اس میں تعلیم کتاب و حکمت اور تزکیہ نفس کو مرکزیت حاصل ہے۔

علم سے رشتہ توڑنے کی وجہ سے دنیا جہالت و تاریکی میں ڈوب گئی تھی۔ جیسا کہ اب سے چودہ سو سال پہلے دنیا اپنے تاریک ترین دور سے گزر رہی تھی کسی خطۂ ارض پر رشد و ہدایت کا کوئی نشان باقی نہ رہا تھا۔ پورا عالم انسانی ضلالت و گمراہی کے دلدل میں پھنس چکا تھا۔ ہندوستان کے روحانی پیشواؤں کی تعلیمات اپنا اثر زائل کر چکی تھیں۔ مصر و شام، بابل و نینوا اور یونان و چین میں تہذیب و تمدن کی شمعیں گل ہو چکی تھیں۔ روم و ایران اس وقت سب سے منظم ریاستیں تھیں لیکن ان کی تہذیب اپنی چمک دمک کھو چکی تھی۔ عرب کا حال تو اور برا تھا۔ وہاں وحشت و درندگی کا راج تھا غرض یہ کہ ہر طرف گمراہی و ظلالت چھائی ہوئی تھی۔

ان حالات میں حضرت محمد ﷺ شرف نبوت سے نوازے جاتے ہیں۔ آپ ﷺ غار حرا سے واپس آکر اپنی دعوت کا آغاز کرتے ہیں۔ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے ہیں۔ کاروان اسلام آپ ﷺ کی رہنمائی میں آگے بڑھتا ہے۔ آپ ﷺ نے آغاز اسلام سے ہی مسلمانوں کو علم کی تحصیل کی طرف توجہ دلائی۔ عرب میں لکھنے پڑھنے کا رواج نہ تھا۔ آپ ﷺ کے ترغیب دلانے سے لوگوں میں پڑھنے لکھنے کا ذوق و شوق پیدا ہوا۔ چنانچہ آپ ﷺ کی کوششوں سے بہت سے لوگ پڑھنا لکھنا سیکھ گئے اور آگے چل کر عرب کے یہ جاہل دنیا کے معلم بن گئے۔ جو لوگ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے انہوں نے دنیا کو علم و فکر کے وہ خزانے دیئے للزرکشی ن کی نظیر نہیں ملتی۔ وہ لوگ جو ریگستانوں میں وحشیانہ زندگی بسر کرتے تھے انہوں نے دنیا کو تہذیب و تمدن کے معیار سے روشناس کیا وہ لوگ جو بدویانہ زندگی بسر کرتے تھے انہوں نے دنیا کو سائنس، صنعت و حرفت اور علوم و فنون کا سبق سکھایا اور ترقی کی راہیں ہموار کیں۔ یہ سب نبی ﷺ کی تعلیم و تربیت کی بدولت ممکن ہوا۔

آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کی تربیت کے لیے ایسا طریقہ اختیار کیا کہ پھر وہ اللہ تعالیٰ کی توفیق اور تائید سے آپ ﷺ کے لیے وہ بہترین امت بن گئے جسے لوگوں کی اصلاح کے لیے نکالا گیا کیونکہ وہ اسی

تربیت کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان، کتاب و سنت پر کماحقہ عمل اور امر بالمعروف نہی عن المنکر کے لیے سچے عزم کی صفات سے متصف ہو گئے اور پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی توصیف یوں بیان فرمائی کہ:

﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ﴾ (۱)

ترجمہ: تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے لیے پیدا کی گئی ہے کہ تم نیک باتوں کا حکم کرتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو۔

تعلیم کے لغوی معنی

تعلیم کا لفظ علم سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں کسی چیز کا جاننا اور ادراک کرنا لغت کی رو سے علم کے معنی معلوم کرنے یا جاننے کے ہیں چنانچہ تعلیم کے لغوی معنی معلومات بہم پہنچانا اور علم سے مستفید کرنا ہے (۲)۔ سکھانا، تفہیم، تلقین، ہدایت، تہذیب، آراستگی، علم سکھانا (۳) سکھانا، بتانا، تلقین، ہدایت، تربیت (۴)۔

تعلیم مصدر ہے۔ اس کا مادہ علم ہے۔ یہ جہل کی ضد ہے۔ مفردات میں ہے۔ "**العِلْمُ: إدراك الشيء بحقيقته**" (۵) (کسی شے کی حقیقت کا ادراک علم ہے)۔

لفظ تعلیم عربی زبان کے لفظ علم سے نکلا ہے۔ علم کے معنی سکھانے کے ہیں۔ یہ لفظ سکھانے کے علاوہ اپنے اندر اور بھی معانی رکھتا ہے مثلاً کسی چیز کو کماحقہ جاننا اور پہچاننا، حقیقت کی گہرائی تک پہنچنا معلومات حاصل کرنا۔ اردو انسائیکلوپیڈیا میں تعلیم کے لغوی معنی کسی کو کچھ بتانا، پڑھانا یا سکھانا ہے صحیح معنوں میں تعلیم سے مراد وہ تمام اثرات ہیں جو کسی قوم کے بالغ افراد اپنی نئی نسل میں اس غرض سے پیدا کریں کہ قوم کے بچے صحیح طور پر نشوونما حاصل کریں (۶)۔

اسلامی نقطہ نظر سے تعلیم کی تعریف

اصل اسلامی نقطہ نگاہ سے علم کا حقیقی سرچشمہ ذات باری تعالیٰ ہے وحی سب سے بڑا واسطہ، حواس، عقل اور تجربہ علم کے بہت بڑے ذرائع ہیں مزید براں علم کا تعلق محض لوازمات حیات ہی سے نہیں مقاصد حیات سے بھی ہے (۷)۔

☆ ڈاکٹر مشتاق الرحمن صدیقی: "اسلامی تعلیم وہ ہے جو انسان کو ہدایت الٰہی کی روشنی میں ذہنی، جسمانی اور طبعی قوتوں کے ذریعے مادی کائنات میں اس طرح تصرف کے قابل بنائے کہ روحانی اور اخلاقی اقدار کا فروغ اور رضائے الٰہی کے حصول کا وسیلہ بنے اور بالآخر اُخروی فلاح حاصل ہو" (۸)۔

"انسان کو عمدہ اخلاق سے مزین کر کے فلاح و سعادت کے راستے پر ڈالا جائے اور اس کے تمام امور اللہ تعالیٰ کی رضا کے تابع کیے جائیں" (۹)۔

حقیقت یہ ہے کہ علم کے بغیر انسان نہ اللہ تعالیٰ کی صحیح معرفت حاصل کر سکتا ہے اور نہ اپنی پہچان، انسان کو اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات بنایا ہے اس شرف کو قائم رکھنے کے لیے اسے تعلیم کی شدید ضرورت ہے تاکہ وہ زندگی گزارتے ہوئے ایک ارفع نصب العین کو سامنے رکھ سکے (۱۰)۔

انسان میں نیکی کی صلاحیت فطرتاً موجود ہے تعلیم کا یہ کام ہے کہ وہ انسان میں پہلے سے موجود نیکی کو بروئے کار لائے اور اس نیکی کو تحریک دے حقیقت میں انسانی فکر و عمل کی تمام صلاحتیوں کو خیر کی طرف منتقل کر دینے کا نام تعلیم ہے (۱۱)۔

قدیم مفکرین تعلیم کی آراء

☆ سقراط: (Socrates) "تعلیم سچائی کی تلاش میں مدد دینے کا نام ہے"۔

☆ ارسطو: (Aristotle) "تعلیم بچے کی یاداشت، عادات اور خیالات کے ساتھ ساتھ اس کی عقلی اور اخلاقی نشوونما کا عمل ہے"۔

☆ افلاطون: (Plato) "تعلیم معاشرے کی متوازن تنظیم کا عمل ہے" (۱۲)۔

مسلمان مفکرین تعلیم کی اراء

☆ امام غزالی : "تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ انسانی کردار کی نشونما اسلامی خطوط پر ہو اور اس کی مدد سے انسان کو آخرت کی تیاری میں مدد ملے" (۱۳)۔

☆ ابن خلدون :

(۱) عرفان الٰہی تعلیم کی بنیاد بنائی جائے۔

(۲) زندگی کا قرآنی انداز فکر نظام تعلیم کا سنگ بنیاد ہو۔

(۳) مختلف علوم نے جو حقائق پیش کیے ہیں ان کو اسی اصول کی کسوٹی پر پرکھنا ہو گا۔

(۴) اگر اسلام کے دیے ہوئے اصولوں، اقدار اور بعض علوم سے بر آمد ہونے والے نتائج و افکار کے مابین کوئی اختلاف پیدا ہو تو اسلام کے دیے ہوئے اصولوں اور اقدار کو فضیلت دی جائے (۱۴)۔

☆ شاہ ولی اللہ: " تدریس کے دوران استاد کو طالب علم کی ہمہ جہت اور متوازن نشو و نما کا خیال رکھنا چاہیئے" (۱۵)۔

☆ علامہ اقبال: "تعلیم وہ عمل ہے جو انسان کو دین کے ماتحت رکھتے ہوئے اس کی طبعی قوتوں کی نشو و نما کے فرائض انجام دے۔ تعلیم نام ہے ادراک ہستی کرنے کا، یعنی زندگی کیا ہے؟ اس کی تخلیق کیوں عمل میں آئی؟ اس میں کیا کیا طاقتیں اور صلاحیتیں ودیعت کی گئی ہیں؟" (۱۶)۔

تعلیم کے مقاصد

ہر کام میں مقصد کا تعین نہایت ضروری ہے کیونکہ منزل کے تعین کے بغیر کوئی سفر کار آمد نہیں ہوتا۔ تعلیمی سفر کے لیے بھی منزل کا تعین ضروری ہے۔ اسلامی نقطہ نظر سے تعلیم کا مقصد ایسے انسان تیار کرنا ہے جو حب الٰہی، اطاعت رسول اور خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہوں (۱۷)۔

تعلیم کا صحیح مقصد "اللہ تعالیٰ کا صالح بندہ بنانا ہے" تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بندے بن کر رہیں کائنات میں اس کی مرضی کے مطابق تصرف کریں نیز انفرادی، عائلی اور اجتماعی حیثیت سے ان پر جو ذمہ داریاں ان کے خالق و مالک کی طرف سے عائد ہوتی ہیں ان سے وہ کماحقہ عہدہ برآ ہو سکیں (۱۸)۔

تعلیم حیات انسانی کا وہ تجربہ ہے جس پر اس کے وجود اور بقا کا انحصار ہے تعلیم ہی وہ عمل ہے جو حیات انسانی کے قافلے کو رواں دواں رکھے ہوئے ہے۔ تعلیم ہی کے ذریعہ ایک نسل کے تجربات دوسری نسل تک پہنچتے ہیں اور تعلیم ہی وہ اساس ہے جس پر حیات انسانی کی عمارت قائم ہے (۱۹)۔

تعلیم کا مقصد یہ ہے کے وہ فجور کے میلانات کو کمزور و بے اثر کر دے اور تقوی کے میلانات کو اتنا طاقتور کر دے کہ انسانی سیرت کی پوری اٹھان اس کی رہنمائی میں ہو (۲۰)۔ تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ وہ طالب علم میں یہ صلاحیت پیدا کر دے کہ وہ اپنا ایک نظام قدر خود بنا سکے (۲۱)۔

تعلیم صرف کتابیں پڑھانے کا نام نہیں ہے بلکہ تعلیم یہ ہے کہ جو علم ہم کو اپنے اگلوں سے پہنچا ہے جو تہذیب، جو عقائد، افکار، عادات، خصائل، جو کچھ ہم کو اپنے اسلاف سے ملا ہے اس کو آگے آنے والی نسل تک اچھی طرح سے صحیح شکل میں عمدگی اور پوری دیانتداری کے ساتھ پہنچائیں اور نئی نسل اس راستے پر آگے بڑھ سکے جس راستے پر اس امت کا آگے بڑھنا اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا:

﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ﴾ (۲۲)۔

ترجمہ: تم خیر اُمت ہو جو لوگوں کے لیے پیدا کی گئی ہے کہ تم نیکی کا حکم دیتے اور برے کام کرنے سے روکتے ہو۔

لہذا مسلمانوں کی تعلیم کا مقصد یہ ہونا چاہئیے کہ امت مسلمہ کو خیر امت بنایا جائے تا کہ وہ نیک کام کرنے کا حکم دے اور برے کام کرنے سے روکے (۲۳)۔

اکبر الہ آبادی کہتے ہیں : دل بدل جائیں گئے تعلیم بدل جانے سے

تربیت کے لغوی معنی

تربیت کا مادہ "رب" ہے جس کے کئی معنی ہیں مثلاً امام راغب اصفہانی کے نزدیک "رب" کا مطلب ہے پالنے والا اور پروردگار جو کسی چیز کی تدریجاً اس طرح تربیت کرئے کہ وہ حد کمال کو پہنچ جائے (۲۴)۔ اسی طرح رب کے معنی اضافہ ہونا یا بڑھنے کے بھی ہیں پرورش پانے کے بھی ہیں اور بالادست ہونے اور انتظام کرنے کے بھی ہیں (۲۵)۔

لفظ تربیت اسم مؤنث ہے جس کے معنی پرورش، پالن، تعلیم، تادیب، تعلیم اخلاق اور تہذیب کے ہیں (۲۶)۔ تربیت سے مراد تزکیہ اخلاق وادب، روش و عمل ہے جبکہ تعلیم سے مراد معلومات ہے (۲۷)۔

تربیت کے اصطلاحی معنی

اصطلاح میں انسان کی نہفتہ صفات کی صحیح پرورش کو تربیت کہتے ہیں اس اصطلاحی معنی سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ تربیت میں کسی نئی چیز کو بنایا نہیں جاتا بلکہ موجودہ صفات کی صحیح طرح سے پرورش کی جاتی ہے (۲۸)۔

تربیت اپنے شرعی مفہوم کے اعتبار سے انسانی نفس کی اصلاح اور اس کے "روح عقل و جسم" تمام پہلوؤں کی نشو نما کر کے اس کو حد کمال تک پہنچا دینے کا نام ہے (۲۹)۔

تربیت کی تعریف:

مشہور فلاسفر اور ماہرین تعلیم نے تربیت کے مفہوم کو اس طرح بیان کیا ہے:

☆ ارسطو:(Aristotle) "تربیت عقل کو حصول علم کے لیے تیار کرتی ہے جس طرح زمین کھیتی باڑی کے لیے تیار کی جاتی ہے"۔

☆ جان ملٹن(John Milton): "تربیت وہ جوہر ہے جو انسان کو ہر کام کا اہل بنا دیتا ہے خواہ وہ کام کسی نوعیت کا کیوں نہ ہو۔ یہ طبیعت میں گہرائی سوجھ بوجھ اور مہارت پیدا کرتی ہے خواہ امن کا زمانہ ہو یا جنگ کا ہو" (۳۰)۔

☆ جولیس سائمن(Joules Simon): "تربیت سے عقل درجہ کمال کو پہنچاتی ہے اور قلب ارتقاء کے آخری مدارج طے کرتا ہے"۔

☆ پستالوزی :(Pestalozzi) "تربیت کا مطلب یہ ہے کہ انسان کو حیات کاملہ برتنے کا گر سکھایا جائے" (۳۱)۔

تعلیم اور تربیت میں فرق

تربیت کے عمل اور تعلیم میں ایک ایک جہت سے فرق ہے۔ تعلیم، تربیت کے ایک جزء کی طرح ہے۔ جبکہ تربیت تعلیم پر بھی مشتمل ہے۔ تربیت اسلامیہ وہ محنت ہے جو یہ ہدف رکھتی ہے کہ تمام قوائے انسانی کو مختلف وسائل اور مشروع اسلوب سے مکمل اور باوزن نشوونما عطا کرے تاکہ انسان اپنے معاشرے کا ایک اچھا فرد بن سکے۔ یہ تربیت انسان کے تمام پہلوؤں، روح، عقل اور بدن سب کو شامل ہے (۳۲)۔

اسلام کا تصور تربیت

اسلام میں تعلیم و تربیت ساتھ ساتھ ہوتی ہے۔ بعض لوگ اسلامی تربیت کا محض یہ مفہوم لیتے ہیں کہ عبادات کی حد تک دینداری اختیار کی جائے اور روزہ، نماز کی پابندی کر لی جائے حالانکہ اسلام کا تصور تربیت اس سے کہیں زیادہ وسیع و ہمہ گیر ہے۔ یہ ایک جامع ترین تصور کا نام ہے اور انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں اور گوشوں پر محیط ہے۔ اسلام میں علم برائے علم کا کوئی تصور نہیں ہے بلکہ اسلام زندگی برائے بندگی کا علمبردار ہے لہذا تعلیم کا مقصد اور ہدف یہ ہونا چاہیئے کہ وہ ایسے انسان تیار کرے جو اسلام کے مفہوم کے مطابق عبادت گزار

ہوں یعنی ان کا رکوع و سجود ہی نہیں بلکہ ہر عمل اور موت و حیات کا مقصد محض اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی قرار پائے[۳۳]۔

اللہ تعالیٰ کا تصور تربیت کا سرچشمہ

اس بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ﴾ [۳۴]

ترجمہ: یاد رکھو اللہ کے ذکر سے ہی دلوں کو تسلی حاصل ہوتی ہے۔

یعنی اللہ تعالیٰ کا تصور وہ مکمل تصور حسن ہے جو انسان کی زندگی کا نصب العین اور تعلیم کا بھی صحیح نصب العین ہے اسی تصور کی محبت ہے جس سے انسان کی سیرت کی تعمیر ہوتی ہے جو انسان کو ایک مکمل زندگی کے لیے تیار کرتی ہے اور انسان کی بہترین مخفی صلاحتیوں کو اجاگر کرتی ہے[۳۵]۔

خالق کائنات کی جانب رجوع ہی نظریہ اسلامی کا محور ہے اور یہی اسلام کے نظام تربیت کا سرچشمہ اور منبع ہے اسلام انسان کا رخ اس کے خالق کی جانب کر دیتا ہے اور انسان کو یہ بتا دیتا ہے کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے جو ہر ایک قوت اور طاقت کا مالک ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿إِنَّ اللَّهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ﴾ [۳۶]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تو خود ہی سب کا روزی رساں تونائی والا اور زور آور ہے۔

اسلام کے نظام تربیت کا مقصد

ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا﴾ [۳۷]

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ۔

اس آیت سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اسلام میں تعلیم و تربیت ایک واجب امر ہے کیونکہ جہنم سے بچنے کے لیے قوانین اسلامی کی تعلیم اور تکاملی کی طرف بڑھنے کے لیے تربیت ضروری ہے۔یعنی ایک شخص کی ذمہ داری صرف اپنی ذات ہی کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچنے کی کوشش تک محدود نہیں ہے بلکہ اس کا کام یہ بھی ہے کہ نظام فطرت نے جس خاندان کی سربراہی کا بار اس پر ڈالا ہے اس کو بھی ایسی تعلیم و تربیت دے جس سے وہ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بندے بنیں[۳۸]۔

☆ اسلامی تعلیم و تربیت کا مقصد یہ ہے کہ ہر مسلمان دنیا میں صالح انسان کی طرح زندگی گزارے اپنی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کو ایک مؤمن کی حیثیت سے پورا کرئے اور دوسروں کے حقوق پر تجاوز سے گریز کرئے۔

☆ اسلامی تربیت کا مقصد ایسے انسانوں کی پرورش ہے جو اپنے قول و فعل میں خود کو اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہونے اور اس کے اوامر و نہی کو انجام دے (۳۹)۔

☆ اسلامی تربیت کا مقصد یہ ہے کہ وہ فجور کے میلانات کو کمزور و بے اثر کر دے اور تقوی کے میلانات کو اتنا طاقتور کر دے کہ انسانی سیرت کی پوری اٹھان اس کی رہنمائی میں ہو (۴۰)۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا﴾ (۴۱)۔

ترجمہ: پھر سمجھ دی اس کو بدکاری کی اور بچ کر چلنے کی۔

اسلامی تربیت میں دنیاوی زندگی کو آخرت کے لیے ایک پل کی حیثیت حاصل ہے اسی لیے تمام تربیتی مسائل اسی زندگی میں عملی جامہ پہنتے ہیں اور پوری کوشش یہ ہوتی ہے کہ حیات دنیوی میں انسان کو بطور کامل تربیت دی جائے۔

تعلیم و تربیت میں ہم آہنگی

علم سے مراد ذات باری تعالیٰ، ذات انسانی اور کائنات کا شعور حاصل کرنا ہے پھر اس شعور کے مطابق معاشرے کی انفرادی اور اجتماعی اصلاح و تہذیب کا نام تعلیم ہے تاکہ انسان حقیقی معنوں میں اشرف المخلوقات ثابت ہو سکے۔ اس طرح تعلیم حیات کے تمام پہلوؤں کو روشن کرنے کا نام ہے۔ اسی کا نام تربیت بھی ہے۔ زیادہ وضاحت کے ساتھ ہم کہہ سکتے ہیں کہ علم کو عمل میں لانے کا نام تعلیم ہے اور زیور اخلاقیات سے آراستہ ہونے کا نام تربیت ہے۔ اسلام نے بھی علم کا جو تصور دیا ہے اس میں علم اور تربیت دونوں کو یکساں اہمیت دی گئی ہے اور ان کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ تعلیم کتاب و حکمت اور تزکیہ نفس دونوں کو ساتھ ساتھ انجام دینا ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں کے نظام تعلیم میں تعلیم اور سیرت سازی ایک ہی حقیقت کے دو نام ہیں (۴۲)۔

تعلیم کی عمارت کا ستون تربیت ہے تعلیم تربیت کے بغیر محض الفاظ کا گورکھ دھندہ ہے تربیت عقل میں پختگی اور سیرت میں طہارت پیدا کرتی ہے۔

☆ احمد فواد اہوائی: "تعلیم سوائے علم کو آگے پھیلانے کے اور کچھ نہیں ہے اس سے عقل صیقل ہوتی ہے اور نفس پاکیزہ ہوتا ہے" (۴۳)۔

نبی ﷺ نے فرمایا:((أدبني ربي فأحسن تأديبي)) (۴۴) ترجمہ: میرے رب نے میری تربیت کی اور بہت اچھی تربیت کی۔

علم کو عمل میں لانے کا نام تعلیم ہے اور زیور اخلاقیات سے آراستہ ہونے کا نام تربیت ہے۔

☆ اقبال: تعلیم کے تمام عناصر میں اصل روح "تربیت" کو ٹھہراتے ہیں کیونکہ ان کے نزدیک تعلیم و تربیت کے باہم امتزاج سے ہی متوازن اور صحت مند نظام تعلیم تشکیل پاتا ہے (۴۵)۔

مسلمانوں کے نظام حیات میں علم اور تربیت کا چولی دامن کا ساتھ رہا ہے اور یہ بھی نبی کریم ﷺ کے تتبع میں تھا کہ آپ ﷺ جہاں کتاب و حکمت کی ذمہ داریاں ادا فرماتے تھے وہاں تزکیہ نفس کی تربیت بھی فرماتے تھے (۴۶)۔

تعلیم معاشرتی زندگی کی مسلسل تجدید کا نام ہے اور تربیت کے ذریعے زندگی میں حسن پیدا ہوتا ہے۔ دراصل تعلیم و تربیت اس عمل کا نام ہے جس کے ذریعے طلبہ کو ایک مخصوص قسم کی معاشرتی زندگی کی لذت سے آشنا کر کے انہیں زندگی کا سرگرم محافظ بنایا جاتا ہے۔ یا یوں کہ لیجیے کہ تعلیم و تربیت ایک طرف تو قوم کی صدیوں کی ذہنی اور روحانی کمائی کو آئندہ نسل کی طرف منتقل کر کے اسے تباہی سے بچاتی ہے اور دوسری طرف اس نسل میں یہ قابلیت اور صلاحیت پیدا کرتی ہے کہ وہ بزرگوں کے عطا کردہ ثقافتی ذخیرہ میں خود اپنی جدوجہد سے خاطر خواہ اضافہ کرے۔ اس کے برعکس جو لوگ محض لکھنے پڑھنے اور گننے اور گردن جھکائے پھرنے کی مہارتیں حاصل کرنے کو تعلیم و تربیت سمجھتے ہیں وہ غلط ہیں (۴۷)۔

فلاح انسانیت کے لیے تعلیم کے ساتھ تربیت بھی ضروری

تعلیم کا کام درحقیقت سیدھا اور صحیح راستہ دکھلانا ہے۔ مگر ظاہر ہے کہ محض راستہ جان لینا تو کافی نہیں جب تک ہمت کر کے قدم نہ اٹھائے اور راستہ نہ چلے اور ہمت کا نسخہ بجز اہل ہمت کی صحبت اور اطاعت کے اور کچھ نہیں۔ رسول اکرم ﷺ نے مکی اور مدنی ادوار میں تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت کا اہتمام فرمایا۔ تعلیمی مراکز بلاشبہ تربیت گاہیں تھیں۔ ایک دفعہ جو دائرہ اسلام میں داخل ہو جاتا تو وہ پھر اس کمال تربیت کے نتیجے میں عزم و

ہمت اور ثبات واستقامت کا پہاڑ بن جاتا۔اسی لیے تربیت کرتے وقت آپ ﷺ سہولت اور نرمی کو پیش نظر رکھتے(۴۸)۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللَّهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ (۴۹)۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کی رحمت کے باعث آپ ان پر نرم دل ہیں اور اگر آپ بدزبان اور سخت دل ہوتے تو یہ سب آپ کے پاس سے چھٹ جاتے، سو آپ ان سے در گزر کریں اور ان کے لیے استغفار کریں۔

نبی ﷺ نے تربیت کے حوالے سے نرمی اور سہولت وخوش دلی کی تاکید فرمائی۔

ارشاد نبوی ہے:((يسروا ولا تعسروا وبشروا ولا تنفروا)) (۵۰)

ترجمہ: آپ نے فرمایا، آسانی کرو اور سختی نہ کرو اور خوشخبری دو اور نفرت نہ دلاؤ۔

نبی ﷺ کو جب بھی دو کاموں میں اختیار ہوتا تو آپ ﷺ ہمیشہ آسان کام کو ختیار فرماتے۔جیسا کہ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں:((ما خير بين أمرين إلا أخذ أيسرهما ما لم يكن إثما)) (۵۱)

ترجمہ: آپ ﷺ کو دو کاموں کے مابین جب بھی اختیار دیا گیا آپ ﷺ نے ان دونوں میں سے جو سب سے آسان تھا اسے اختیار کیا جب تک وہ گناہ والا کام نہ ہو۔

اسلام کے نظام تربیت کا مقصد صالح انسان تیار کرنا ہے وہ انسان جو مکمل انسان ہو، جس میں انسانیت کے سارے پنہاں جواہر نمایاں ہو گئے ہوں۔

تزکیہ نفس: تعمیر سیرت اور تربیت کے لیے قرآنی اصطلاح تزکیہ نفس کی ہے۔تزکیہ کے معنی ہیں پاک کرنا، ابھارنا، نشوونما دینا(۵۲) وسیع معنی میں اس کا مطلب زندگی سنوارنا ہے اور زندگی سنوارنے میں خیالات، اخلاق، عادات، معاشرت، تمدن، سیاست، غرض ہر چیز کو سنوارنا شامل ہے (۵۳)۔زندگی سنوارنے میں اصل اساس انسان کے اپنے نفس کی کیفیت ہے۔نفس انسانی کی حقیقت کو سمجھنے کے لیے اس حقیقت کا ادراک ہونا چاہئیے کہ انسانی وجود کی تین حیثیتیں ہیں۔ایک اس کا اخلاقی وجود ہے، دوسرا اس کا عقلی وجود ہے اور تیسرا اس کا حیوانی وجود ہے۔

نفس انسانی کا ایسا تزکیہ، تعلیم کا مقصد قرار پائے گا جو انسان کو اس دنیا میں اس کی اصل حقیقت سے اس طور پر آگاہ کرئے کہ وہ خالق سے بغاوت نہ کرئے بلکہ اس کی ہدایت کا دلجمعی سے اتباع کرئے۔ حیوانی وجود کی حیثیت سے وہ خواہشات ضرور پوری کرئے لیکن تعدیل کے ساتھ ان حدود کا لحاظ رکھتے ہوئے جو خالق کائنات نے عائد کی ہیں (۵۴)۔

نبی اکرام ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نوع انسانی کے معلم اور مربی بنا کر بھیجے گئے تھے۔ چنانچہ قرآن مجید میں آپ ﷺ کے اس منصب کو بار بار واضح کر کے بیان کیا گیا ہے کہ کتاب و حکمت کی تعلیم اور تزکیہ نفس، یعنی تربیت، آپ ﷺ کی بعثت کے مقاصد اولین میں ہیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ﴾ (۵۵)۔

ترجمہ: وہی ہے جس نے ناخواندہ لوگوں میں ان ہی میں سے ایک رسول بھیجا جو انہیں اس کی آیات پڑھ کر سناتا ہے اور ان کو پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے۔ یقیناً یہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

